لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 | جمعۃ المبارک 18 ستمبر 2026ء 1448ھ 5 ربیع الثانی 4 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 236
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

.53 اور ہم نے ان لوگوں کو نجات بخشی جو ایمان لائے اور تقویٰ شعار ہوئے o۔ 54 اور لوط (علیہ السلام) کو (یاد کریں) جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا: کیا تم بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو حالانکہ تم دیکھتے (بھی) ہو o (سورۃ البقرہ)

حرمین شریفین کی حرمت سعودی عرب کی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا پاکستان

سعودی عرب پر حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، حملے سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، ، باب المندب کی صورتحال بھی باعث تشویش ہے

بھارتی بحری جہاز نے پاکستانی بحریہ کے جہاز کے انتہائی قریب جارحانہ نقل و حرکت کی جس کے نتیجے میں دونوں بحری جہازوں کے درمیان ٹکر ہوئی، بھارتی کارروائی بین الاقوامی قانون اور 1991 کے دوطرفہ معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، حملے سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، پاکستان مکہ معاہدے کا پابند اور سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، باب المندب کی صورتحال بھی باعث تشویش ہے، بھارتی بحری جہاز نے پاکستانی بحریہ کے جہاز کے انتہائی قریب جارحانہ نقل و (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

علی پرویز ملک سے صوبائی وزیر توانائی کی ملاقات عوامی فلاح کیلئے تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

خیبر پختونخوا میں تیل و گیس تلاش سرگرمیوں کے تحفظ کے لیے جامع سیکیورٹی پلان پر کام جاری ہے، وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے وزیر توانائی خیبر پختونخوا نذیر احمد عباسی نے ملاقات کی جس میں وفاقی و خیبر پختونخوا کے وزرائے توانائی نے عوامی فلاح کے لیے تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں اور ملکی سپلائی صورتحال پر بریفنگ دی۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں تیل و گیس تلاش سرگرمیوں کے تحفظ کے لیے جامع سیکیورٹی پلان پر کام جاری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 2)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ کا رابطہ علاقائی صورتحال پر غور

عراقچی نے دورہ بیجنگ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ کیا، ٹیلی فون پر خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، ایرانی میڈیا

تہران / بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے رابطہ کیا اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دورہ بیجنگ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ کیا، ٹیلی فون (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 3)

دانش یونیورسٹی پاکستان کے باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم کے مواقع فراہم کریگی، شہباز شریف کا جائزہ اجلاس سے خطاب

وزیراعظم
مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے

دانش یونیورسٹی میں باقاعدہ تدریسی سرگرمیوں کا آغاز 20 ستمبر 2027 کو ہوگا. بریفنگ میں آگاہ کیا گیا کہ دانش یونیورسٹی میں ابتدائی مرحلے میں بائیو انجینئرنگ، الیکٹریکل انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت، کمپیوٹر سائنس اور ٹیکنالوجی و سماجیات پر مبنی جدید تعلیمی پروگرام شروع کئے جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہونہار اور مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری اور جدید تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت دانش یونیورسٹی کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، جس میں دانش یونیورسٹی کے قیام سے متعلق وزیراعظم کی مختلف ہدایات پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ دانش یونیورسٹی پاکستان کے باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم کے مواقع فراہم کرے گی، دانش یونیورسٹی بہترین تعلیمی، تحقیقی اور جدید تکنیکی سہولیات کی بدولت ملک بھر اور پورے خطے میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں ایک مرکزِ امتیاز کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 6)

اہم خبریں

حکومت پاکستان کے دفتری ایام میں تبدیلی سے متعلق سوشل میڈیا پر زیرگردش نوٹیفکیشن جعلی ہے، فیکٹ چیکر وزارت اطلاعات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت اطلاعات و نشریات نے سوشل میڈیا پر زیرگردش حکومت پاکستان کے سرکاری دفتری ایام کار میں تبدیلیوں سے متعلق نوٹیفکیشن کو جعلی قرار دے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم شہباز شریف دو روزہ دورے پر برطانیہ چلے گئے، دو روز بعد امریکہ روانہ ہونگے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف دو روزہ دورے پر برطانیہ چلے گئے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف 2 دن لندن میں قیام کریں گے، لندن میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 4)

HIGH COURT BAR ASSOCIATION
RAWALPINDI

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملتان میں الیکٹرک بس کا افتتاح کر دیا

ایسے علاقوں میں گرین بسیں چلا رہے ہیں جہاں عوام نے سرکاری ٹرانسپورٹ کا نام بھی نہیں سنا تھا، مریم نواز

ملتان (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب میں رہنے والا ہر شخص میری ذمے داری ہے۔ الیکٹرک بس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 8)

سانحہ پمز میں بچ جانے والی واحد بچی ایزل زندگی کی بازی ہار گئی

ایزل ہسپتال میں زیر علاج تھی، اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں آگ لگنے کے دوران نرس نے بچی کو بچالیا تھا، والد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سانحہ پمز میں بچ جانے والی واحد بچی ایزل زندگی کی بازی ہار گئی۔ ایزل کے والد نے بتایا کہ ایزل ہسپتال میں زیر علاج تھی، اسلام آباد کے پمز ہسپتال (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 7)

خراب امتحانی نتائج دینے والے اساتذہ کیخلاف نیا آرڈیننس لانے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس، کلاس نہم کے امتحانی نتائج پر خفگی کا اظہار، رپورٹ طلب، طلبہ کے امتحانی نتائج کو ٹیچرز کی کارکردگی سے منسلک کرنے پر اتفاق

کمزور طلبہ کے لئے ایوننگ کوچنگ کا فیصلہ، وزیر اعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت اجلاس کلاس نہم کے امتحانی نتائج پر خفگی کا اظہار، 45 دن میں ہیڈ ٹیچرز کی خالی آسامیاں پر کرنے کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے خراب امتحانی نتائج دینے والے اساتذہ کے خلاف نیا آرڈیننس لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 9)

جنگ کسی کے مفاد میں نہیں
تنازعات کا حل مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے ایاز صادق

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جنوبی افریقہ کی قومی اسمبلی کی سپیکر انجیلا تھوکز لیڈیڈیزا نے سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گی

پاکستان مشرقِ وسطیٰ میں امن کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، سپیکر سردار ایاز صادق نے جنوبی افریقہ کی سپیکر کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جنوبی افریقہ کی قومی اسمبلی کی سپیکر انجیلا تھوکز لیڈیڈیزا نے سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 15)

معیاری قانونی تعلیم موثر نظام انصاف کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی

مستقبل کے وکلا کی بہتر پیشہ ورانہ تیاری کیلئے بار، قانونی تعلیمی اداروں اور دیگر متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مسلسل تعاون ضروری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ معیاری قانونی تعلیم ایک باصلاحیت قانونی برادری اور موثر نظام انصاف کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، قانونی تعلیم میں عملی مہارت اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق انہوں نے یہ بات سپریم کورٹ میں پاکستان بار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 17)

RISING PAKISTAN
Development Model
Karachi Industrial Park (KIP)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ سے کراچی انڈسٹری پارک کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

کنزیومر پرسپشن سروے کے طریقہ کار، معیارات اور شیڈول کو حتمی شکل دے کر سروے فوری طور پر شروع کیا جائے، تمام ڈسکوز کو احکامات جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی زیر صدارت اجلاس میں تمام ڈسکوز کو احکامات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 16)

وزیراعظم یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت تربیتی خدمات فراہم کرنے والے اداروں سے پری کوالیفیکیشن 2026 کیلئے اظہار دلچسپی طلب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (نیوٹیک) نے وزیراعظم یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت مختلف ترجیحی شعبوں میں تربیتی پروگرامز کے لئے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 18)

لندن: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب تقریب سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد، پاکستان سے یورپ کی جانب غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد ریکارڈ کمی، انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی نے غیر قانونی امیگریشن کے سدباب کیلئے پاکستان کے موثر اقدامات کو سراہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ سوزین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 11)

پاکستان یوان کرنسی سویپ سہولت کی مدت ختم ہونے پر اس میں توسیع کی درخواست کریگا

10 ارب ڈالر کی ایکسچینج سٹیبلائزیشن سہولت کے حوالے سے امریکا سے دو ماہ کے اندر جواب موصول ہونے کی توقع ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان 2027 میں 30 ارب یوان کرنسی سویپ سہولت کی مدت ختم ہونے پر اس میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 10)

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی سے ان کی زندگی میں بہتری اور تبدیلی لائی جاسکتی ہے، مصدق ملک

گھر میں کوئی بیمار پڑ جائے تو اسے ہسپتال یا کلینک لے جایا جا سکے اور وہاں مناسب صحت کی سہولت مل سکے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی سے ان کی زندگی میں بہتری اور تبدیلی لائی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 13)

صدر آزاد کشمیر کیلئے پونچھ ڈویژن سے ڈاکٹر نجیب نقی کی نامزدگی خصوصی اہمیت کی حامل ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری سے آزاد کشمیر کے نامزد صدر ڈاکٹر محمد نجیب نقی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے یو ایس کی سفیر ملاقات کرتے ہوئے

لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہوگا، پرامن احتجاج کریں گے، بیرسٹر گوہر

پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو لانگ مارچ سے متعلق ہدایات مل چکی ہیں، میڈیا سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہی ہوگا، ہم کوئی شوقیہ مارچ نہیں کر رہے بلکہ یہ انصاف مارچ ہے۔ پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو لانگ مارچ سے متعلق ہدایات مل چکی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 14)

خواجہ آصف
مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں

معاہدہ ہم پر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے، تفصیلات میں نہیں جاسکتا، ہم مکہ معاہدے پر عمل کے پابند ہیں، وفاقی وزیر دفاع انٹرویو

لڑائی میں توسیع ہوتی ہے تو پاکستان اور ترکیہ واشگاف الفاظ میں عملی اور سفارتی طور پر سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 29)

سپریم کورٹ نے ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزائیں معطل، ضمانت پر رہائی کا حکم

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو جنوری 2026 میں سوشل میڈیا پوسٹس سے متعلق کیس میں 17، 17 سال کی سزائیں سنائی گئی تھیں

دونوں وکیل ہیں، ان کی عزت رکھ رہے ہیں، انہیں بھی کہہ دیں عدالت کے ڈیکورم کا خیال رکھیں، جسٹس نعیم اختر افغان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی ضمانت منظور کرتے ہوئے سزائیں معطل (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 19)

پاکستان کی پارلیمان کو 69 ویں دولت مشترکہ پارلیمانی کانفرنس کے مرکزی پروگرام میں پہلے گرین میس ایوارڈ سے نوازا گیا

کیپ ٹاؤن (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان کی پارلیمان کی جانب سے دولت مشترکہ پارلیمانی ایسوسی ایشن کا گرین میس ایوارڈ وصول کیا۔ قومی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 24)

شزہ فاطمہ کے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ پٹرول پمپس کے دورے، ریلیف سکیم بارے شہریوں کے تاثرات سنے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ مختلف پٹرول پمپس کے دورے کیے اور پی ایم پٹرول ریلیف (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 25)

وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کردیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کردیا گیا۔ تفصیلات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 30)

پاکستان اور چین نے مشترکہ سرحدی انتظام کیلئے کمیشن فعال کر دیا

پلیٹ فارم سرحدی انتظام، تجارت، مشترکہ سروے اور عوامی روابط کے فروغ میں مدد دے گا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور چین کے درمیان مشترکہ سرحدی کمیشن فعال کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرحدی کمیشن کا پہلا اجلاس اسلام آباد میں وزارتِ خارجہ میں منعقد ہوا، اجلاس کی مشترکہ صدارت چین کی وزارتِ خارجہ کے محکمہ سرحدی و سمندری امور کے نائب ڈائریکٹر جنرل لی یا اور پاکستان کے دفترِ خارجہ میں چین امور کے ڈائریکٹر جنرل بلال محمود چودھری نے کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 31)

قیصر احمد شیخ اور امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر کے درمیان پاکستان امریکہ اقتصادی و سرمایہ کاری تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے بورڈ آف انویسٹمنٹ میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور امریکہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 33)

چوہدری سالک حسین اور ڈاکٹر امجد کی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقات

موجودہ ملکی سیاسی صورتحال، نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام، اسلام آباد کو صوبائی حیثیت دینے پر گفتگو

ملکی استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے مزید صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ کے سینئر نائب صدر و وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ چوہدری سالک حسین اور پارٹی کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد نے وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال، نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام، اسلام آباد کو صوبائی حیثیت دینے، وفاقی دارالحکومت میں صوبائی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 32)

وزیراعظم سے جاپانی وزیراعظم کی کمیٹی کے رکن چوہدری آصف محمود کی ملاقات

ملاقات کے دوران چوہدری آصف محمود نے وزیراعظم کو جاپان کے روایتی ثقافتی گھر کا خوبصورت گولڈ پلیٹڈ ماڈل بطور تحفہ پیش کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز اور وزیراعظم کی جاپان کمیٹی کے رکن چوہدری آصف محمود نے وزیراعظم شہباز شریف سے اہم ملاقات کی جس میں پاکستان اور جاپان کے درمیان دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری اور نجی شعبوں میں تعاون بڑھانے سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر داخلہ کا ادویات کے کنٹینرز روکنے کا نوٹس لے لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیوز چینلز پر ادویات کے کنٹینرز کو روکے جانے سے متعلق نشر ہونے والی خبر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے کمیونٹی ویلفیئر اتاشی 2026 کی تعیناتیوں کے معاملے پر تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے حتمی فہرست تیار کرنے سے روک دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے کمیونٹی ویلفیئر اتاشی 2026 کی تعیناتیوں کے معاملے پر تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے حتمی فہرست تیار کرنے سے روک دیا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 21)

حکومت کی مالی پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، وزیر خزانہ

نجی شعبے کو زیادہ مواقع ملنے اور معیشت میں نجی شعبے کے موثر کردار کو یقینی بنانے کے لیے حکومت مختلف شعبوں میں اصلاحات کر رہی ہے

اصلاحات، مالی معاملات میں شفافیت اور کاروبار میں آسانی کے اقدامات سے ملک کی معیشت مزید مستحکم ہوگی، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ نجی شعبے کو زیادہ مواقع ملنے اور معیشت میں نجی شعبے کے موثر کردار کو یقینی بنانے کیلئے حکومت مختلف شعبوں میں اصلاحات کر رہی ہے، اصلاحات، مالی معاملات میں شفافیت اور کاروبار میں آسانی کے اقدامات سے ملک کی معیشت مزید مستحکم ہوگی۔ وہ پاکستان ہائی کمیشن لندن کے زیر اہتمام پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 23)

کفایت شعاری مہم، اسلام آباد میں دکانیں، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کرنے کا فیصلہ

شادی ہالز، مارکی اور دیگر کمرشل ایکٹویٹیز رات 10 تک بند ہوں گی، نوٹیفکیشن جاری

تمام ہوٹل، ریسٹورنٹس، کیفے رات 11 بجے بند کردیئے جائیں گے، کفایت شعاری مہم کی مدت 3 ماہ مقرر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے معاملے پر کفایت شعاری مہم کا اعلان کر دیا جس کے مطابق اسلام آباد میں دکانیں، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کردیئے جائیں گے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کفایت شعاری مہم کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 26)

اقوام متحدہ کی جانب سے مریم نواز کو ایوارڈ کیلئے نامزد کرنا پنجاب کے عوام کیلئے اعزاز ہے، عظمیٰ بخاری

پاکستان کی تاریخ میں کبھی کسی اور حکومت کو اتنا بڑا ایوارڈ نہیں ملا، وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ اپنی چھت اپنا گھر منصوبہ دنیا کے پانچ بڑے منصوبوں میں شامل ہے اور پاکستان کا سب سے بڑا منصوبہ ہے، اپنی چھت اپنا گھر منصوبہ پنجاب حکومت نے اپنے وسائل سے بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 27)

دنیا بھر میں سیاحت معیشت کا اہم شعبہ بن چکی ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

پاکستان میں اسلامی و مذہبی سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات ہیں، ملک محمد احمد خان

ملائیشیا سمیت دیگر ممالک کے کامیاب تجربات کا مطالعہ کرکے پاکستان کیلئے قابلِ عمل حکمت عملی وضع کی جاسکتی ہے

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) پاکستان میں اسلامی و مذہبی سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات ہیں سیاحت کو قومی معیشت کا مؤثر حصہ بنانے کیلئے جامع تحقیق اور مربوط حکمت عملی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے دوسری بین الاقوامی اسلامی سیاحت کانفرنس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے کے پی کے انرجی اینڈ پاور کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نجی یونیورسٹی میں بین الاقوامی اسلامی سیاحت کانفرنس 2026ء سے خطاب کررہے ہیں

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

STRENGTHENING TAPS REGULATIONS
& INCREASING GRAPHIC HEALTH WARNINGS
ISLAMABAD HOTEL | SEPTEMBER 16, 2026

اسلام آباد: صدر پاکستان کے ترجمان مرتضیٰ سولنگی و دیگر مہمانان گرامی سپارک کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار میں شریک ہیں

سگریٹ پیکٹس پر گرافک ہیلتھ وارننگز کا حجم بڑھا کر کم از کم پچاسی فیصد کیا جائے: مرتضیٰ سولنگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر پاکستان کے ترجمان مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ تمباکو مسلسل انسانی جانیں لے رہا ہے اس کے استعمال میں کمی کیلئے TAPS پر مکمل پابندی اور سگریٹ پیکٹس پر گرافک ہیلتھ وارننگز کا حجم بڑھانا انتہائی اہم اقدامات ہیں لہذا سگریٹ پیکٹس پر گرافک ہیلتھ وارننگز کا حجم بڑھا کر کم از کم پچاسی فیصد کیا جائے جبکہ تمباکو کی تشہیر، فروغ اور اسپانسرشپ (TAPS) پر مکمل پابندی عائد کر کے قوانین پر موثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ تمباکو مصنوعات کی کشش اور نمائش میں کمی لائی جا سکے اور نوجوانوں کو ان مصنوعات کی طرف راغب ہونے سے روکا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار سوسائٹی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے کمشنر روڈ پر زیر تعمیر نئے 300 بستروں پر مشتمل ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے کمشنر روڈ پر زیر تعمیر نئے 300 بستروں پر مشتمل ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کی پیش رفت، تعمیراتی سرگرمیوں اور مستقبل میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے ہدایت کی کہ منصوبے پر تعمیراتی کام کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لئے رفتار مزید تیز کی جائے اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام کو جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے، اس لئے صحت عامہ سے متعلق منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ نئے ٹیچنگ ہسپتال کا سنگ بنیاد وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

گورنمنٹ ہائی سکول نتھے خالصہ کا شاندار تعلیمی ریکارڈ خوبصورت ماحول اور مثالی ڈسپلن قابل تحسین

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) مرکزی پریس کلب جمبر کے بانی و صدر رانا عمران صابری نے سائنس ٹیچر اعجاز الحق خانزادہ کی دعوت پر گورنمنٹ ہائی سکول نتھے خالصہ کا دورہ کیا سکول پہنچنے پر ہیڈ ماسٹر چوہدری محمد حسین اور سائنس ٹیچر اعجاز الحق خانزادہ نے ان کا استقبال کیا جبکہ اس موقع پر دیگر اساتذہ و سٹاف ممبران سے بھی ملاقات ہوئی صدر رانا عمران صابری نے سکول کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ لیا سکول کے دورے کے دوران ہر طرف سبزہ ہریالی گراسی پلاٹس اور خوبصورت ماحول دیکھنے کو ملا سکول کی عمارت پر خوبصورت پینٹنگز اور تعلیمی چارٹس وائٹ واش کی گئی عمارت گھاس سے مزین کھیل کا میدان اور دفتر کے سامنے پھولوں کی بیل نے ادارے کے حسن میں مزید اضافہ کر رکھا تھا سکول کا خوبصورت اور صاف ستھرا ماحول انتظامیہ اور اساتذہ کی محنت دلچسپی اور لگن کا واضح عکاس نظر آیا اس موقع پر ہیڈ ماسٹر چوہدری محمد حسین نے بتایا کہ گزشتہ چھ سال سے گورنمنٹ ہائی سکول نتھے خالصہ کی میٹرک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

گورنمنٹ ہائی سکول نتھے خالصہ

جمہوریت عوام کے حقِ حکمرانی، آئین کی بالادستی اور ریاستی اداروں کی آئینی حدود کا نام ہے، حاجی رانا محمد انتظار

ہارون آباد۔ (انٹرویو ڈاکٹر اللہ رکھا بابر) جمہوریت عوام کے حقِ حکمرانی، آئین کی بالادستی اور ریاستی اداروں کی آئینی حدود کا نام ہے، جمہوری نظام ہی پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے: پاکستان پیپلز پارٹی ضلع بہاولنگر کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی رانا محمد انتظار نے عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا ہے کہ جمہوریت کسی ایک دن کی یاد نہیں بلکہ ایک مسلسل جدوجہد، اجتماعی شعور اور عوام کے حقِ حکمرانی کا نام ہے۔ جمہوریت ہی وہ نظام ہے جو شہریوں کو اپنی تقدیر کے فیصلوں میں شریک کرتا، بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بناتا اور ریاستی اختیار کو آئین اور قانون کے تابع رکھتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں حاجی محمد انتظار رانا نے کہا کہ جمہوریت کی مضبوطی دراصل ریاست کی مضبوطی ہے اور ریاست کی پائیدار ترقی اسی وقت ممکن ہے جب آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

تعلیم، صحت اور انصاف کی فراہمی قومی ضرورت ہے۔

حافظ وحید احمد اعوان

ہارون آباد (تحصیل رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام کے رہنما اور سابق امیدوار قومی اسمبلی حافظ وحید احمد اعوان نے کہا ہے تعلیم، صحت اور انصاف کی فراہمی قومی ضرورت ہے۔ نئے صوبے یا یونٹ بنانے سے عوام کے بنیادی مسائل کا حل ممکن نہیں۔ ملک کی موجودہ بحران زدہ کیفیت اور انتشار کے ماحول میں نئے صوبے بنانے کی بحث غیر ضروری ھے جو کہ مخصوص حلقوں اور افراد کے مخصوص مفادات اور فیڈریشن آف پاکستان کو کمزور کرنے کا شاخسانہ دکھاءی دیتا ھے۔ حافظ وحید احمد اعوان نے کہا کہ آج پھر سادہ لوح عوام کو بیوقوف بنانے کا عمل جاری ہے۔ عوامی مسائل حل کرنے کی بجائے نان ایشو صوبوں کی بحث میں الجھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ھے کہ نئے صوبے بنانے کے خبط سے نکل کر پاکستان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

امراض پر قابو پانا انسان کی اپنی طرزِ زندگی سے وابستہ ہے، معروف ڈاکٹر مبارک علی شہکی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف ڈاکٹر مبارک علی شہکی نے کہا ہے کہ امراض پر قابو پانا انسان کی اپنی طرزِ زندگی سے وابستہ ہے صحت مند اور فعال زندگی گزارنا ہر انسان کی بنیادی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

ڈی پی او بہاولنگر کا اقدام، کانسٹیبل عظیم اصغر معطل، قبل ازیں مقدمہ درج کر کے حوالات میں بھی بند کیا گیا تھا

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) ڈی پی او بہاولنگر کا اقدام، کانسٹیبل عظیم اصغر معطل، قبل ازیں مقدمہ درج کر کے حوالات میں بھی بند کیا گیا تھا تھانہ سٹی بی ڈویژن چشتیاں میں تعینات کانسٹیبل محمد عظیم اصغر کے خلاف اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال اور ذاتی رنجش کی بنیاد پر گھر پر مبینہ غیر قانونی چھاپہ مارنے کے الزام میں محکمانہ و قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کے حکم پر کانسٹیبل کو معطل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کانسٹیبل محمد عظیم اصغر کے خلاف پہلے مقدمہ درج کیا گیا، جس کے بعد اسے گرفتار کر کے اسی تھانے کی حوالات میں بند کیا گیا جہاں وہ فرائض انجام دے رہا تھا۔ بعد ازاں 16 ستمبر 2026 کو جاری ہونے والے محکمانہ حکم نامے کے تحت کانسٹیبل عظیم اصغر، نمبر 1437 کو باقاعدہ طور پر معطل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

جن ممالک کا لٹریسی ریٹ زیادہ ہے وہ ممالک اتنی ہی تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہیں، ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لاء کالج پاکپتن کے پرنسپل نوجوان قانون دان ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جن ممالک کا لٹریسی ریٹ زیادہ ہے وہ ممالک اتنی ہی تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہیں دنیا میں جتنی بھی اقوام نے ترقی کی ہے وہ صرف اور صرف تعلیم اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر اس مقام پر پہنچے ہیں اور پاکستان بھی اس راستے پر گامزن ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے لٹریسی ڈے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تعلیم کے بغیر کسی بھی معاشرے کی ترقی ناممکن ہے، بھٹہ مزدوروں ورکشاپ اور 8 ہزار سے زائد جیلوں میں موجود قیدیوں، خواجہ سراؤں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا چاہیے تاکہ تمام طبقات معاشرے کی بہتری میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں، شرح خواندگی میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

مبینہ پولیس مقابلوں میں دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

کاموکے (تحصیل رپورٹر) مبینہ پولیس مقابلوں میں دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار۔ گزشتہ رات صدر پولیس نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج روڈ پر ناکہ لگا کر موٹر سائیکل سوار دو مشکوک افراد کو روکنے کی کوشش کی جنہوں نے فرار ہونے کی غرض سے موٹر سائیکل بھگا دی اور تیز رفتاری کے باعث سڑک کنارے نصب کھمبے سے ٹکرا کر گر گئے جس کے نتیجے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

پچیس افراد نے نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کی دیوار مسمار کر دی

کاموکے (تحصیل رپورٹر) پچیس افراد نے نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کی دیوار مسمار کر دی۔ بتایا گیا ہے کہ سادھوکی کے عابد نور کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹ کی بیس فٹ لمبی دیوار نعیم خالد، مقیم خالد، زعیم خالد، انصر علی شیر، اصغر، نصر اللہ، محمد علی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے پانچ افراد پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے پانچ افراد پکڑے گئے۔ گزشتہ روز صدر اور واہنڈو پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی اوز کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے شیر گڑھ کے احمد، حفیظ اللہ، دراجکے کے محمد حفیظ، چک لکھیا کے راشد علی اور شہتے ویراں کے مبشر کیخلاف مقدمات درج کر لیے ہیں۔

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی اشیاء چُرا لی گئیں

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی اشیاء چُرا لی گئیں۔ گزشتہ رات نواحی گاؤں منہیس کے زمیندار شفقت علی کے کھیتوں سے ٹیوب ویل کے سپیئر پارٹس نامعلوم چور لے گئے۔ جبکہ حبیب پورہ کے عبدالستار کا ریڑھا حویلی سے چوری ہو گیا۔ صدر پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔

اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ویمن ریزروسیٹ کے انتخابات

اوکاڑہ (نامہ نگار) اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ویمن ریزروسیٹ کے لیے انتخابات 17 ستمبر 2026 کو منعقد ہوئے۔ محترمہ عائشہ امجد اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو ممبر ویمن انٹرپرینیورز بلا مقابلہ منتخب ہو گئیں۔ صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کی نشستوں کے لیے میدان 29 ستمبر 2026 کو سجے گا۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

ضلعی انتظامیہ گجرات کی جانب سے ضلع کے مختلف پٹرول پمپس پر فسیلیٹیشن سینٹرز اور ہیلپ ڈیسک قائم کر دیے گئے

لالہ موسیٰ (بیورو چیف کھاریاں) وزیراعظم کی خصوصی پٹرول ریلیف اسکیم کے تحت عوام کو رجسٹریشن کے عمل میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ گجرات کی جانب سے ضلع کے مختلف پٹرول پمپس پر فسیلیٹیشن سینٹرز اور ہیلپ ڈیسک قائم کر دیے گئے ہیں، جہاں شہریوں کو رجسٹریشن کے طریقہ کار اور حکومتی ریلیف اسکیم سے متعلق رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر گجرات عبدالقدیر زرکون نے رکن صوبائی اسمبلی چوہدری عبداللہ یوسف کے ہمراہ قائم فسیلیٹیشن سینٹر کا دورہ کیا اور شہریوں کے لیے رجسٹریشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عملے سے رجسٹریشن کے طریقہ کار، شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور اسکیم سے متعلق آگاہی کے بارے میں بریفنگ لی۔ اس موقع پر ایم پی اے چوہدری عبداللہ یوسف نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عوام کو پٹرول کی قیمت میں ریلیف فراہم کرنا ایک اہم اقدام ہے، جس سے خصوصاً موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی، تین پہیوں والی سواریوں اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے شہریوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

GPS Map Camera
Gujrat, Punjab, Pakistan
Main Rehman Shaheed Rd, Shadman Colony, Gujrat, Punjab ,

مہر ویلفیئر سوسائٹی کے مرکزی صدر میاں ساجد علی نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کو خطرناک اقدام قرار دے دیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) مہر ویلفیئر سوسائٹی کے مرکزی صدر میاں ساجد علی نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کو خطرناک اقدام قرار دیا ہے 'غزہ اور ایران کے خلاف امریکی و اسرائیلی جارحیت نے پوری دنیا کو عدم استحکام سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام ایران اور سعودی عرب کے مابین مفاہمت کیلئے اپنا کردار ادا کرے' کیونکہ ان دونوں ممالک کی سلامتی عالم اسلام کے استحکام کیساتھ جڑی ہوئی ہے 'امریکہ پوری طاقت اور منصوبہ بندی کیساتھ اسرائیل کی پشت پر ہے اور اپنے منافقانہ کردار کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش اور اب باب المندب پر حوثیوں کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

وزیراعلیٰ کے پی کے صوبائی سرحدیں پار کر کے پنجاب میں صرف اور صرف انتشار، بدامنی اور قانون شکنی پھیلانے کے منشور کے ساتھ نکلے تھے، شیخ قیصر محمود

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع چنیوٹ کے رہنما شیخ قیصر محمود چنیوٹی (المعروف جاپان والے) نے خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ کے حالیہ اقدامات پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف صوبائی سرحدیں پار کر کے پنجاب میں صرف اور صرف انتشار، بدامنی اور قانون شکنی پھیلانے کے منشور کے ساتھ نکلے تھے، لیکن پنجاب کے شعور یافتہ اور امن پسند عوام نے ان کا یہ ناپاک ایجنڈا مکمل طور پر ناکام بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی عوام کو درپیش سنگین مسائل اور امن و امان کی خراب صورتحال کو حل کرنے کے بجائے، وزیر اعلیٰ سیاسی دباؤ اور ہنگامہ آرائی کے لیے پنجاب میں امن و امان کی فضا مکدر کرنے آئے، مگر عوام نے ان کی اس انتشار انگیز سیاست کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ شیخ قیصر محمود چنیوٹی نے مزید کہا کہ پنجاب کی باشعور عوام اب کسی فسادی یا انتشار پسند گروہ کا آلہ کار بننے کے لیے بالکل تیار نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ ان کے بار بار اکسانے کے باوجود نہ تو عوام ان کے ساتھ نکلی اور نہ ہی کوئی ان کی بلاوجہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی/بلڈ بینک	35417440

چشتیاں انٹی کرپشن کی جانب سے مبینہ کارروائیوں کے ڈر سے محکمہ مال کے پٹوار خانے بند پڑے ہیں

چشتیاں میں محکمہ مال کے پٹوار خانے گزشتہ کئی روز سے مکمل سنسان اور ویران پڑے ہیں، پٹواری دفاتر سے غائب

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں میں محکمہ مال کے پٹوار خانے گزشتہ کئی روز سے مکمل سنسان اور ویران پڑے ہیں، جبکہ پٹواری دفاتر سے غائب ہیں اینٹی کرپشن کی مبینہ کارروائیوں کے خوف سے ریونیو دفاتر سے عملہ غائب ہونے کے باعث روزمرہ کے امور معطل اور سائلین خوار ہو کر رہ گئے ہیں، جبکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے سائلین بھی شدید پریشانی کا شکار ہیں؟ تفصیل کے مطابق چشتیاں میں پٹوار خانوں کے دروازوں پر تالے لٹکے ہوئے ہیں اور کئی روز گزر جانے کے باوجود کوئی بھی پٹواری یا ذمہ دار اہلکار ڈیوٹی پر موجود نہیں ہے زمینوں کے انتقال، زرعی و رہائشی اراضی کی 'فرد' کے حصول، اور دیگر ضروری قانونی دستاویزات

ساہیوال ریجن میں بہترین کارکردگی پر انچارج پٹرولنگ پوسٹ کرمانوالا سب انسپکٹر چوہدری سہیل برکت کو سرٹیفکیٹ ایوارڈ سے نواز دیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) ساہیوال ریجن میں بہترین کارکردگی پر انچارج پٹرولنگ پوسٹ کرمانوالا سب انسپکٹر چوہدری سہیل برکت کو سرٹیفکیٹ ایوارڈ سے نواز دیا گیا، سیاسی سماجی حلقوں کی جانب سے مبارک باد کا سلسلہ جاری، تفصیلات کے مطابق ساہیوال، پاکپتن اوکاڑہ کی 29 پٹرولنگ پولیس چوکیوں میں اعلیٰ کارکردگی پر فارم کرنے پر ایس پی پٹرولنگ ہائی وے پولیس ساہیوال ریجن غازی محمد عمر فاروق، ڈی ایس پی پٹرولنگ ہائے وے پولیس پاکپتن اسرار حسین اویسی نے انچارج پٹرولنگ پوسٹ کرمانوالا چوہدری سہیل برکت کو سرٹیفکیٹ ایوارڈ سے نوازا، اس موقع پر ایس پی پٹرولنگ ہائی وے پولیس ساہیوال ریجن غازی محمد عمر فاروق نے کہا کہ محنتی اور ایماندار آفیسر ادارے کی عزت کا باعث بنتے ہیں، دوسری طرف سینئر صحافی مختیار پڑھیار، سابق صدر پریس کلب پاکپتن و دیگر نے ساہیوال ریجن میں سرٹیفکیٹ ایوارڈ حاصل کرنے پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

کنزیومر پروٹیکٹ ایپ کے ضلعی سطح پر نفاذ اور عوامی آگاہی کے حوالے سے تعارفی اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عدنان رشید کی صدارت میں منعقد

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کنزیومر پروٹیکٹ ایپ کے ضلعی سطح پر نفاذ اور عوامی آگاہی کے حوالے سے تعارفی اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عدنان رشید کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز ماہم واحد اور غضنفر نوید، ایس ڈی او پیرا فورس نعمان قیصر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل کنزیومر پروٹیکشن شاہد شبیر اور ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل کنزیومر پروٹیکشن شاہد شبیر نے اجلاس کو حکومت پنجاب کی جانب سے متعارف کرائی گئی کنزیومر پروٹیکٹ ایپ کے مقاصد، خصوصیات، شکایات کے اندراج اور عملی طریقہ کار پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ شہری ناقص مصنوعات، زائد قیمت، جعلی اشیاء اور غیر معیاری خدمات سمیت درزی، بوتیک، جوتوں، کپڑوں، ریسٹورنٹس اور دیگر مصنوعات و خدمات سے متعلق شکایات بھی موبائل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

CONSUMER PROTECT APP

امتحان سے قبل یا دوران امتحان موبائل فون، ڈیجیٹل ڈائری، کتابیں، گائیڈز، حل شدہ پرچے یا کسی بھی قسم کا متعلقہ مواد لے جانے پر بھی پابندی ہوگی۔ سمیع اللہ فاروق

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ضلع ساہیوال میں میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ 20 ستمبر بروز اتوار کو ہوگا۔ ٹیسٹ میں شرکت کرنے والی طالبات کے لیے امتحانی مرکز ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج جبکہ طلبہ کے لیے گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ بوائز کالج مقرر کیا گیا ہے۔ ان امتحانات کو شفاف اور پرامن بنانے کے لئے ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے امتحانی مراکز کے 100 میٹر حدود میں نافذ دفعہ 144 کے تحت موبائل فون، سمارٹ واچ اور دیگر ممنوعہ اشیاء لانے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ امتحانی مراکز کے 100 گز کے دائرہ کار میں صرف متعلقہ امیدوار، جن کے پاس مستند رول نمبر سلپ ہو اور امتحانی عملہ داخل ہو سکے گا، اس کے علاوہ امتحانی مراکز کے اردگرد ہر قسم کے احتجاج، جلوس یا مظاہرے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ امتحان سے قبل یا دوران امتحان موبائل فون، ڈیجیٹل ڈائری، کتابیں، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

طیب سعید شہید پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 13 سالہ بچے فہیم کو بحفاظت برآمد کر لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) طیب سعید شہید پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 13 سالہ بچے فہیم کو بحفاظت برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بچہ گھر سے باہر نکلا تھا تاہم واپس نہ آنے پر اہلخانہ کو تشویش لاحق ہوئی۔ بچے کے والد کی جانب سے تھانہ میں مبینہ اغواء کا مقدمہ درج کروایا گیا، جس پر پولیس نے بچے کی تلاش کے لیے فوری طور پر کارروائی شروع کر دی۔ پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی، سائنسی طریقہ تفتیش اور دستیاب شواہد کی مدد سے بچے کا سراغ لگایا اور اسے بحفاظت برآمد کر لیا۔ بچے کی بازیابی پر اہلخانہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

کمشنر ساہیوال کا کھلی کچہری کی درخواستوں پر پیش رفت کا جائزہ، شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیرِ صدارت ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں رینالہ خورد میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی درخواستوں پر ہونے والی پیش رفت اور عمل درآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کھلی کچہری میں درخواستیں پیش کرنے والے شہریوں سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور ان سے ان کے مسائل کے حل کے حوالے سے براہِ راست دریافت کیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

SAHIWAL DIVISION

وزیرِ قانون اور سپیکر پنجاب اسمبلی کی آمد، جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء چیمبرز کا افتتاح

حجرہ چوک (چوہدری غلام رسول سے) صوبائی وزیرِ قانون رانا محمد اقبال خان اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی دیپالپور آمد کے موقع پر نئے جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء کے نئے چیمبرز کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ اس موقع پر ممبران پنجاب بار، صدر بار، جنرل سیکرٹری بار، ٹکٹ ہولڈر راؤ محمد اجمل خان، ایم پی اے سمیت سینکڑوں وکلاء نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا اور ان پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ کا تعزیتی اجلاس، سینئر صحافی طارق خاں بلوچ کی وفات پر اظہار تعزیت

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ کا تعزیتی اجلاس، سینئر صحافی طارق خاں بلوچ کی وفات پر اظہار تعزیت۔ مقررین نے مرحوم کی صحافتی خدمات پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت عباس علی جٹ منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری جنرل رینجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل، چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ حاجی عمر فاروق، جنرل سیکرٹری محسن محمود چوہدری، سینئر نائب صدر شکیل احمد عاصم، نائب صدر اے ڈی صابر، جوائنٹ سیکرٹری محمد منشاء نوید، فنانس سیکرٹری حسنین نثار، سیکرٹری اطلاعات رانا آصف جبار، سابق صدر محمد مظہر رشید چوہدری، مہر ساجد علی اور مرحوم طارق خان بلوچ کے بیٹے ممبر ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ نوید طارق بلوچ، وحید طارق بلوچ اور جنید طارق بلوچ نے شرکت کی۔ اجلاس میں مقررین نے طارق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

نیا تاریخی معاہدہ طے صرف عسکری یا دفاعی نہیں بلکہ تینوں ممالک کے تعلقات کو ایک نئی جہت دینے والا سنگِ میل ہے، حکیم مقبول احمد

پاکپتن (نامہ نگار) میلورا فوڈز/ بلال فوڈز اور مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان ایک نیا تاریخی معاہدہ طے پایا ہے یہ معاہدہ صرف عسکری یا دفاعی نہیں بلکہ تینوں ممالک کے تعلقات کو ایک نئی جہت دینے والا سنگِ میل ہے پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور ترکی کی حفاظت کی ذمہ داری بھی اس کے حصے میں آئی ہے پاکستان، ترکی اور سعودی عرب اب ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اگر ایک پر حملہ ہوگا تو یہ تمام فریقین پر حملہ تصور ہوگا یہ معاہدہ پاکستان کے دفاعی نظام، معیشت اور عالمی وقار کیلئے ایک نئی راہ ہموار کرے گا الحمدللہ! پاکستان کو مسجد نبوی ﷺ اور حرمین تحفظ کیلئے منتخب کیا گیا ہے پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے مابین طے پانے والا عظیم اور تاریخی دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کیلئے ایک غیر معمولی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے علی الصبح یونین کونسل نمبر 7 کے گلی محلوں کا وزٹ کیا

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے علی الصبح یونین کونسل نمبر 7 کے گلی محلوں کا وزٹ کیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے علی الصبح یونین کونسل نمبر 7 کے گلی محلوں کا وزٹ کیا صفائی ستھرائی ناقص کی بنا پر سپروائزر اور تحصیل مینجر کو صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بہترین بنانے کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے یونین کونسل نمبر 78 ارتالی ورکاں کے گاؤں بلوکی ورکاں کا دورہ کیا صفائی کی صورت حال ابتر تھی ستھرا پنجاب کے سپروائزر اور تحصیل مینجر کی سرزنش کی اسسٹنٹ نے کہا کہ پورے گاؤں کی صفائی کروا کر پہلے والی اور صفائی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

کاروبار زندگی کی ضروریات پوری کرنے کا اہم ذریعہ ہے، سیمسن اقبال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صدر کرسچن بزنس الائنس سیمسن اقبال نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

زائد المعیاد مشروبات بیچنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ایکشن !220 لیٹر ایکسپائرڈ جوس تلف

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) زائد المعیاد مشروبات بیچنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ایکشن !220 لیٹر ایکسپائرڈ جوس تلف، ہول سیل یونٹ کو 35 ہزار روپے جرمانہ عائد۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے فوڈ سیفٹی ٹیم نے علی کالونی فیصل آباد روڈ پر ہول سیل یونٹ پر کارروائی عمل میں لائی۔ ہول سیل یونٹ پر زائد المعیاد جوس کو سٹور کیا گیا تھا۔ غیر معیاری جوس کو چھوٹے کریانہ سٹور پر سپلائی کیا جانا تھا۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق شہری ہمیشہ گھروں میں تازہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

" کرائم فری پنجاب " کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن " کرائم فری پنجاب " کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 17 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 09 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 1 منشیات فروش کو گرفتار کیا گیا۔ گیس ریفلنگ، غفلت تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر، بجلی چوری پر، 17 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 579 مشکوک افراد، 596 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 150 سے زائد گاڑیوں کے چالان کئے گئے، 2 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

تلاش گمشدہ سٹوفکیٹ

میں عالیہ حمید ولد حافظ عبدالحمید بذریعہ اخبار اشتہار کر رہی ہوں کہ میرا بی ایڈ کا پرویژنل سٹوفکیٹ رول نمبر U688420 سال 2007 جاری کردہ AIOU اور میرا ٹیفل ڈپلومہ پرویژنل سٹوفکیٹ رول نمبر AP523700 سال 2012 جاری کردہ ملتان علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام اباد گم ہو گئے ہیں جس کو ملے اس پتہ ہاؤسنگ کالونی مقام نمبر 272 ایکس بلاک شیخوپورہ پر ارسال کریں فون نمبر 03437845605

Cr..Waqar Farid

توجہ برائے نمائندگان نیوز ایجنٹ

APNS ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

INVITATION OF E-PREQUALIFICATION
OF FIRMS / COMPANIES / SOLE PROPRIETORS

FOR SUPPLY OF SERVICES OF AIR TICKETING, TRAVEL MANAGEMENT & TRANSPORTATION IN SPORTS BOARD PUNJAB

Sports Board Punjab (SBP), an autonomous body established by Government of the Punjab for promotion and development of the sports in the Punjab Province, intends to hire Companies / Firms / Sole Proprietors for providing the following supply of services of air ticketing, travel management & transportation in Sports Board Punjab for the financial year 2026-27 (extendable) as per Punjab Procurement Rules, 2014 through E-Tendering:

Sr. #	Category	Estimate Cost In Million (PKR)
1.	Supply of Services of Air Ticketing, Travel Management & Transportation.	500.00

Sports Board Punjab therefore invites eligible Companies / Firms / Sole Proprietors to submit their applications on prescribed format for Pre-qualification by submitting all the relevant information and requisite documents for providing the supply of services of air ticketing, travel management & transportation.

A complete set of PQD (In English) carrying all details can be downloaded free of cost from the PPRA's website https://ep.punjab.gov.pk as well as PPRA website www.ppra.punjab.gov.pk and Sports Board Punjab website https://sportsboard.punjab.gov.pk. The complete EOI application, in accordance with the instructions provided in the document, shall be submitted electronically on Punjab e-Procurement System https://ep.punjab.gov.pk till **30.09.2026 (Wednesday) at 11:45 AM.** The PQD will be opened on the same day i.e., **30.09.2026 (Wednesday) at 12:15 PM** at the address mentioned below.

The URL of the website of PPRA is https://ep.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx and response time shall be calculated exclusively from the date of the publication of the advertisement of the PPRA.

All pages must be signed & stamped by the applicant. Incomplete or unfilled / vague E-Prequalification documents will not be entertained.

**DEPUTY DIRECTOR (ADMN), SPORTS BOARD PUNJAB,
NATIONAL HOCKEY STADIUM, LAHORE
Phone # 042-99232525**

IPL:9830

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

اوباش رکشہ ڈرائیور نے دوشیزہ کو کھیتوں میں لیجا کر زبردستی جنسی درندگی کا نشانہ بنادیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) اوباش رکشہ ڈرائیور نے دوشیزہ کو کھیتوں میں لیجا کر زبردستی جنسی درندگی کا نشانہ بنادیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز سادھوکی کی دو بہنیں سترہ سالہ (ث ا) اور پندرہ سالہ (ز ا) خریداری کے بعد کاموکی سے رکشے میں واپس جارہی تھی کہ سادھوکی اسٹاپ پر جیسے ہی (ز ا) اتری تو رکشہ ڈرائیور کنگروالی کے اصغر علی نے (ث ا) کے اُترنے سے قبل ہی رکشہ بھگادیا اور کچھ دور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

پورا پاکستان پاک فوج کی قربانیوں کا مقروض ہے، پیر قاری غیاث القمر

پاک فوج نے ہمیشہ دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے، ہمیشہ سرحدوں کی حفاظت کی، پاک فوج کے جوانوں نے ملک کی خاطر اپنی جانیں نچھاور کیں

پاکپتن (وقار فرید جگنو سے) پورا پاکستان پاک فوج کی قربانیوں کا مقروض ہے، ملکی سلامتی پاک فوج کی بدولت ہے، ان خیالات کا اظہار معروف روحانی شخصیت پیر قاری غیاث القمر حسین سجادہ نشین آستانہ عالیہ الوردی شریف نے مریدین، عمائدین علاقہ اور مختلف وفود سے ملاقات میں کیا، انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے، ہمیشہ سرحدوں کی حفاظت کی، پاک فوج کے جوانوں نے ملک کی خاطر اپنی جانیں نچھاور کی، جنگ ہو، دہشت گردی ہو، سیلاب ہو، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

بہاولنگر: بارش کے بعد ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نکاسی آب کے عمل کا جائزہ لیتے ہوئے

ایس پی انویسٹی گیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ نے گورنمنٹ ہائی سکول اگوکی موڑ سیالکوٹ (تھانہ اگوکی) میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایات پر ایس پی انویسٹی گیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ نے گورنمنٹ ہائی سکول اگوکی موڑ سیالکوٹ (تھانہ اگوکی) میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کے مسائل سن کر ازالہ کیلئے احکامات جاری کیے۔ ایس پی انویسٹی گیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ نے کہا کہ آئی جی پنجاب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

ایس پی انویسٹی گیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ نے گورنمنٹ ہائی سکول اگوکی موڑ سیالکوٹ (تھانہ اگوکی) میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

گھنٹہ گھر کے 8 بازاروں میں پارکنگ مسائل کے حل میں بڑی پیشرفت

کمشنر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد، کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بیرون چنیوٹ بازار پارکنگ پلازہ کی تعمیر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت جلد شروع ہونے کا عندیہ دے دیا

فیصل آباد (بیوروپورٹ) گھنٹہ گھر کے 8 بازاروں اور گردونواح میں پارکنگ مسائل کے حل میں بڑی پیشرفت۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بیرون چنیوٹ بازار پارکنگ پلازہ کی تعمیر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت جلد شروع ہونے کا عندیہ دے دیا۔ کمشنر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ آصف چوہان، سی او میونسپل کارپوریشن عثمان غنی، اسسٹنٹ کمشنر جنرل ڈاکٹر ذیشان، اسسٹنٹ کمشنر سٹی رنگزیب گواریہ، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ عائشہ رضوان نے اسسٹنٹ کمشنر بھوانہ شینا اعظم کے ہمراہ تحصیل بھوانہ کا تفصیلی دورہ کیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ عائشہ رضوان نے اسسٹنٹ کمشنر بھوانہ شینا اعظم کے ہمراہ تحصیل بھوانہ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف سرکاری اداروں، تعلیمی و طبی مراکز، اراضی ریکارڈ سنٹر، ترقیاتی سکیموں اور بیوٹیفکیشن ورکس کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو عوامی سہولیات میں مزید بہتری، جاری منصوبوں کی رفتار تیز کرنے اور مسائل کے فوری حل کے حوالے سے ہدایات جاری کیں، تعلیمی اداروں کے دورہ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

شہریوں کو فوری ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس سلسلہ میں تمام متعلقہ افسران اور فیلڈ ٹیمیں متحرک رہیں۔ سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورورپورٹ) شہریوں کو فوری ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس سلسلہ میں تمام متعلقہ افسران اور فیلڈ ٹیمیں متحرک رہیں۔ سید محمد عباس شاہ۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے رات 12 بجے کے بعد شہر کی مختلف شاہراہوں، بازاروں اور گلیوں کا تفصیلی دورہ کیا اور حالیہ بارش کے بعد جاری نکاسی آب کے آپریشن کا موقع پر جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد وسیم اور ایم ڈی واسا رانا دلاور خاں و دیگر موجود ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلعی انتظامیہ، واسا اور متعلقہ محکموں کی فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کا معائنہ کرتے ہوئے بارشی پانی کی نکاسی کے عمل کو مزید تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے ہدایت کی کہ شہر سے بارشی پانی کی مکمل نکاسی تک تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے نکاسی آب آپریشن بلاتعطل جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو فوری ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس سلسلہ میں تمام متعلقہ افسران اور فیلڈ ٹیمیں متحرک رہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ، واسا کے افسران اور فیلڈ ٹیمیں اس وقت تک آرام نہیں کریں گی جب تک شہر سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

میر سید بابر علی ترمذی قومی امن کمیٹی ملتان کے صدر مقرر

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) تفصیلات کے مطابق قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی وانسانی حقوق پاکستان کی جانب سے میر سید بابر علی ترمذی کو ملتان ڈویژن کا صدر مقرر کر دیا گیا ہے۔ مرکزی کوآرڈینیٹر پاکستان قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی وانسانی حقوق پاکستان علامہ سید شاہد عباس نقوی اور مرکزی جنرل سیکرٹری محمد اشرف جعفری نے میر سید بابر علی ترمذی کی تقرری پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ میر سید بابر علی ترمذی کی شمولیت سے کمیٹی کے مقاصد بالخصوص امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی حقوق کے فروغ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

مسجد میں 80 سالہ شخص پر مبینہ تشدد، ڈنڈے کے وار سے زخمی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مسجد میں 80 سالہ شخص پر مبینہ تشدد، ڈنڈے کے وار سے زخمی، مسجد میں ایک شخص نے مبینہ طور پر 80 سالہ اللہ دتہ ولد نواب دین کو ڈنڈے کے وار کر کے زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ زخمی اللہ دتہ کو مزید علاج کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں یورپین فلم فیسٹیول کا انعقاد، یورپی یونین کے سفیر رائموںڈاس کاروبلس کی خصوصی شرکت

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں یورپین فلم فیسٹیول کا انعقاد، یورپی یونین کے سفیر رائموںڈاس کاروبلس کی خصوصی شرکت، سینما کو ثقافتی سفارت کاری اور طالبات کی تربیت کا ذریعہ قرار دے دیا گیا۔ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں یورپین فلم فیسٹیول 2026 کا انعقاد کیا گیا، جس میں یورپی یونین کے پاکستان میں سفیر رائموںڈاس کاروبلس نے خصوصی شرکت کی۔ دو روزہ فیسٹیول کی افتتاحی تقریب یونیورسٹی کے منعم الدین آڈیٹوریم، فاطمہ جناح کیمپس میں ہوئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے یورپی یونین کے سفیر رائموںڈاس کاروبلس اور پرتگال کے اعزازی سفیر اورنگزیب فیروز اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یورپین فلم فیسٹیول محض تفریحی سرگرمی نہیں بلکہ تعلیم، ثقافتی تبادلے اور باہمی مکالمے کا مؤثر ذریعہ ہے۔

ملک کے ترقی کی پٹڑی پر گامزن ہونے کے دعوے محض ایک بلف ہے، سید کلیم علی امیر

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چنیوٹ کے سینئر رہنما اور سابق امیدوار صوبائی اسمبلی سید کلیم علی امیر نے موجودہ حکومتی پالیسیوں اور ملک کی زبوں حالی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے ملک کے ترقی کی پٹڑی پر گامزن ہونے کے دعوے محض ایک بلف اور عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہیں انہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ نااہل حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان میں بے روزگاری ہے۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا دورہ اور شعبہ ایمرجنسی، او پی ڈی سمیت مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (بیورو پورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا دورہ اور شعبہ ایمرجنسی، او پی ڈی سمیت مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کا جائزہ، ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو پیشنٹ سروس ڈیلیوری میں بہتری کی ہدایات دیں اور مریضوں کی بروقت تشخیص اور علاج کے لیے تمام کاؤنٹرز مکمل فعال رکھنے کے احکامات دیے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور طبی عملے کو جذبہ خدمت کے تحت کام کرنے کی تاکید بھی کی۔ اس موقع پر محمد اکرام ملک نے کہا کہ رش سے بچاؤ کے لیے تمام رجسٹریشن اور میڈیسن کاؤنٹرز ہمہ وقت فعال رہنے چاہئیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کے معیار کو بہتر بنانا فرض اولین ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طبی شعبہ صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ خدمتِ خلق ہے۔ ڈاکٹرز اور عملہ انسانیت کی خدمت کے جذبے سے فرائض سرانجام دے۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا دورہ اور شعبہ ایمرجنسی، او پی ڈی سمیت مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا

فیصل آباد کے شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، نورالامین مینگل

فیصل آباد (بیوروپورٹ) سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل نے کہا ہے کہ فیصل آباد کے شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ماحول دوست پانی کے منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار فیصل آباد میں پانی کے دو بڑے منصوبوں کے دورے کے موقع پر کیا۔ سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل نے ڈنمارک کے تعاون سے تعمیر کیے جانے والے 33 ملین گیلن یومیہ استعداد کے ایسٹرن ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ اور فرانس کے تعاون سے تعمیر کئے جانے والے 30 ملین گیلن یومیہ استعداد کے سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ فیز ٹو کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے ہدایت کی کہ دونوں منصوبوں سے منسلک تمام تعمیراتی کام مقررہ ڈیڈلائن کے اندر مکمل کیے جائیں۔

میر سید بابر علی ترمذی قومی امن کمیٹی ملتان کے صدر مقرر

ننکانہ صاحب کا نوجوان موسیٰ عباس پاکستان فٹ بال کیمپ میں منتخب موسیٰ عباس کی پاکستان انڈر پندرہ فٹ بال کیمپ میں سلیکشن پر اہلیان ننکانہ اور سکھ برادری کی مبارکباد

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) سرزمین ننکانہ صاحب کی دھرتی سکھ برادری کے روحانی پیشوا بابا گرونانک کے شہر ننکانہ صاحب کے نوجوان موسیٰ عباس انڈر 15 پاکستان افیشل فٹ بال کیمپ کے لیے منتخب ہو گئے اہلیان ننکانہ صاحب کی غیور عوام اور سیاسی سماجی حلقوں کی جانب سے دلی مبارک باد کے پیغامات کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد مسلسل دلی خوشی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ سینئر صحافی محمد عرفان ننکانہ صاحب کے مطابق جب موسی عباس ننکانہ پہنچے تو معروف صحافی رانا محمد شاہد اسد نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے پرتپاک استقبال کیا شہر کی ممتاز سماجی و سیاسی شخصیت نسیم عباس کھوکھر کے صاحبزادے اور حاجی ملک کرامت علی کھوکھر آف شادیوال لاہور کے نواسے نوجوان کھلاڑی موسیٰ عباس کو پاکستان انڈر 15 فٹ بال ٹیم کے کیمپ جناح اسٹیڈیم اسلام آباد کے لیے سلیکٹ کر لیا گیا ہے اہل علاقہ اور شہر بھر کی سیاسی سماجی تجارتی اور نامور شخصیات کے علاوہ سکھ برادری کے سرکردہ رہنماؤں کی جانب سے اہل خانہ کو شاندار کامیابی اور سلیکشن پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اور نیک تمناؤں کے ساتھ دعا کی ہے کہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ مشتاق احمد اعوان نے سیالکوٹ میں جناح ہال قلعہ میں ایم ڈی واسا کمیٹی روم میں وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات سنیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ مشتاق احمد اعوان نے سیالکوٹ میں جناح ہال قلعہ میں ایم ڈی واسا کمیٹی روم میں وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات سنیں۔ بیشتر شکایات گیپکو، سوئی گیس، پاکستان پوسٹ آفس، این سی آئی اے، ایف آئی اے، سٹیٹ لائف انشورنس، پوسٹل لائف انشورنس، نادرا، پاسپورٹ آفس، پاکستان بیت المال، پی ٹی سی ایل، ای او بی آئی اور دیگر وفاقی محکمہ جات کے بارے میں تھیں۔ دوران سماعت شکایت کنندگان اور متعلقہ اداروں کے افسران موجود تھے۔ ٹوٹل 70 شکایات سنیں جس میں سے 50 شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی 20 شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ دوران سماعت وفاقی محکموں کے خلاف نئی شکایات بھی وصول کی گئی۔ اس موقع پر پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا کے نمائندے بھی موجود تھے۔

اوکاڑہ نول پلاٹ اور گردونواح میں عطائیوں کی بھرمار، میڈیکل سٹورز پر مبینہ طور پر نشہ آور ادویات اور انجکشن کی سرعام فروخت

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ نول پلاٹ اور گردونواح میں عطائیوں کی بھرمار، میڈیکل سٹورز پر مبینہ طور پر نشہ آور ادویات اور انجکشن کی سرعام فروخت، متعلقہ ادارے خاموش تماشائی عوامی حلقوں میں تشویش کی لہر، ڈی سی اوکاڑہ سے فوری نوٹس لینے اور عطائیوں و غیر قانونی ادویات کی فروخت کے خلاف کارروائی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق نول پلاٹ اور گردونواح میں مبینہ طور پر عطائیوں کی بھرمار اور بعض میڈیکل سٹورز پر نشہ آور ادویات اور انجکشن کی سرعام فروخت کے حوالے سے عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہریوں نے متعلقہ اداروں کی مبینہ خاموشی پر سوالات اٹھاتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق علاقے میں عطائیوں کی جانب سے مبینہ طور پر غیر قانونی طبی پریکٹس اور بعض میڈیکل سٹورز پر نشہ آور ادویات و انجکشن کی فروخت کے معاملات قابلِ توجہ ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایسی سرگرمیاں انسانی صحت، خصوصاً نوجوان نسل کے مستقبل کے لیے سنگین خطرات کا باعث بن سکتی ہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ متعلقہ محکمہ صحت، ڈرگ انسپکٹرز اور دیگر ذمہ دار اداروں کو ہدایات جاری کریں کہ نول پلاٹ اور گردونواح میں عطائیوں اور میڈیکل سٹورز کی جامع انسپکشن کی جائے۔

شہری اپنے اردگرد گہری نظر رکھیں تا کہ جرم ہونے سے پہلے ہی اسے روکا جاسکے، ایس ایچ او سٹی عارف والا چوہدری ہاشم

عارف والا (تحصیل رپورٹر) جرائم سے وابستہ کوئی بھی شخص قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔ شہری اپنے اردگرد گہری نظر رکھیں تا کہ جرم ہونے سے پہلے ہی اسے روکا جا سکے۔ عوامی تعاون سے ہی جرائم میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او سٹی عارف والا چوہدری ہاشم نے سرپرستِ اعلیٰ تحصیل پریس کلب عارف والا اور وائس چیئرمین اتحاد پریس کلب عارف والا میاں پرنس وٹو سے ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ جرم کرنے والا شخص کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو، قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ مؤثر پولیس گشت سے بھی جرائم میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

اوکاڑہ صوبائی محتسب پنجاب کی ٹیم کا میونسپل کمیٹی بصیر پور میں شہریوں کی سنوائی اور آگاہی سیشن کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو پورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ صوبائی محتسب پنجاب کی ٹیم کا میونسپل کمیٹی بصیر پور میں شہریوں کی سنوائی اور آگاہی سیشن کا انعقاد، صوبائی محتسب پنجاب کی ہدایات کے مطابق عوام الناس کو ان کی دہلیز پر فوری اور سستا انصاف فراہم کرنے کے لیے محتسب پنجاب کی ٹیم نے میونسپل کمیٹی بصیر پور کا دورہ کیا۔ دفاتر کے طریقہ کار، شکایات کے درج کروانے کے آسان عمل اور عوامی ریلیف کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ محمد شفیق احمد نے بتایا کہ شہری کسی بھی سرکاری محکمہ کے خلاف اپنی دادرسی کے لیے سادہ کاغذ پر درخواست کے ذریعے یا آن لائن پورٹل کے معرفت رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد عوام کو سرکاری دفاتر کے

اس موقع شہریوں سمیت سینئر صحافی مختار احمد وٹو اور ملک ارشد کمال نے مسائل بارے نشاندہی کی۔ ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب محمد شفیق احمد نے شکایات براہ راست سنیں اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ ایڈوائزر صوبائی محتسب محمد شفیق احمد نے شہریوں کو محتسب پنجاب کے چکروں سے بچانا اور ان کے جائز مسائل کو فوری حل کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی محتسب پنجاب کا ادارہ بلا تاخیر، سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ سرکاری محکموں کی عدم توجہی یا ناانصافی کا شکار شہری بلا خوف و خطر اپنی شکایات دفتر محتسب میں درج کروائیں۔

خادمِ حرمین شریفین کے دفاع کے لیے ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے، رانا محمد اشرف

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے): خادمِ حرمین شریفین کے دفاع کے لیے ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے مسلم لیگ ن کے سرپرستِ اعلیٰ اور صدر بزنس فورم دمام رانا محمد اشرف نے حوثیوں کی طرف سے سعودی عرب کی سلامتی اور تنصیبات پر کیے جانے والے حالیہ حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اسے خطے کے امن و استحکام کے خلاف ایک گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ رانا محمد اشرف نے اپنے جاری کردہ بیان میں دوٹوک الفاظ میں واضح کیا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے، اور سعودی عرب کی طرف اٹھنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری ایک مثبت اور قابلِ تحسین اقدام

کرائم رپورٹر اسلام اباد (جمشید شفیق) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری ایک مثبت اور قابلِ تحسین اقدام ہے، جس کے ذریعے شہری براہِ راست اپنے مسائل اعلیٰ پولیس افسر تک پہنچا سکتے ہیں۔ تاہم اس اقدام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ایک باقاعدہ مانیٹرنگ ٹیم بھی تشکیل دی جانی چاہیے، جو کھلی کچہری میں موصول ہونے والی ہر شکایت کا روزانہ کی بنیاد پر فالو اپ کرے اور شام تک رپورٹ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 40)

صوبائی محتسب اعلی کی ٹیم کی کھلی کچہری درجنوں سائل پیش ہوئے

(منڈی احمد آباد۔ (نامہ نگار) صوبائی محتسب اعلی کی ٹیم کی کھلی کچہری درجنوں سائل پیش ہوئے تفصیل کے مطابق صوبائی محتسب اعلی محترمہ عائشہ حامد کی ہدایت پر پنجاب بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلہ میں گزشتہ روز صوبائی محتسب اعلی کی ٹیم ایڈووکیٹ شاہد اسلام اور سید عطر شاہ و دیگر نے سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی مرزا ناظم بیگ کے ڈیرہ کھلی کچہری لگائی جس میں شہر اور مضافات کے درجنوں سائلوں نے مختلف محکمہ جات کے خلاف اپنی تحریری درخواستیں دیں اس موقع پر وین انچارج ایڈووکیٹ شاہد اسلام نے احمد آباد پریس کلب/ احمد آباد نیوز میڈیا گروپ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 41)

ارائیں یوتھ لائنز فورس تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا کا ماہانہ اجلاس بمقام رہائش گاہ مہر مختار احمد ارائیں منعقد

بھیرہ تحصیل رپورٹر فرحان ظفر بھٹی) ارائیں برادری اتحاد ارائیں یوتھ لائنز فورس تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا کا ماہانہ اجلاس بمقام رہائش گاہ مہر مختار احمد ارائیں منعقد ہوا جس میں تحصیل بھیرہ سے تعلق رکھنے والے ارائیں برادری کے کثیر تعداد میں لوگوں کے علاوہ چک نمبر 6 بھلوال سے مہر قلزم ارائیں اور چک نمبر 10 سے مہر قاری صدیق ارائیں نے خصوصی طور پر شرکت کیا جلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ مہر محمد اکرام ارائیں نے حاصل کی اس کے بعد حضور سرور کونینؐ پر درود وسلام بھیجا گیا اجلاس میں تنظیم کا ایجنڈا اور منشور پیش کیا گیا جس کی شرکا نے خوب پزیراء کی مقررین جن میں مہر قلزم ارائیں مہر قاری محمد صدیق ارائیں مہر پروفیسر خضر حیات ارائیں اور مہر مختار احمد ارائیں اور صوبیدار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 37)

گورنمنٹ سیکنڈری سکول آف اسپیشل ایجوکیشن برائے ہیرنگ امپیئرڈ سیالکوٹ میں آرٹ اینڈ کرافٹ نمائش کا انعقاد کیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے احکامات کی روشنی میں ضلع سیالکوٹ کے زیر اہتمام 16 ستمبر 2026 کو گورنمنٹ سیکنڈری سکول آف اسپیشل ایجوکیشن برائے ہیرنگ امپیئرڈ سیالکوٹ میں آرٹ اینڈ کرافٹ نمائش کا انعقاد کیا گیا اس نمائش میں ضلع بھر کے آٹھ 8 اسپیشل ایجوکیشن اداروں کے خصوصی بچوں نے بھرپور شرکت کی اور اپنے تیار کردہ آرٹ ورک، ڈرائنگ، آرٹ اینڈ کرافٹ ووکیشنل مصنوعات اور دیگر دستکاری کے نمونے مختلف اسٹالز پر پیش کیئے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن اتھارٹی سیالکوٹ سید اصغر، سماجی راہنما محمد اشفاق نذر نے افتتاح کیا۔ پرنسپل جمیل نواز، عمران بیگ و دیگر بھی وہاں موجود تھے اور خصوصی بچوں کے فن پاروں، دستکاری اور ووکیشنل مصنوعات میں گہری دلچسپی لی۔

ڈی ایس پی سید رضاء علی شاہ کے والد کا جنازہ ادا کر دیا گیا، جنازہ میں آر پی او ساہیوال، ڈی پی او اوکاڑہ، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز، علماء اکرام، سیاسی وسماجی، وہر مکاتب فکر افراد نے شرکت کی

رینالہ خورد (شیخ آصف علی تحصیل رپورٹر) ڈی ایس پی سید رضاء علی (پپو شاہ)، سید اویس بابر کے والد محترم سید تجمل حسین شاہ قضائے الٰہی سے وفات پاگئے تھے ان کی نماز جنازہ جعفر سٹیڈیم رینالہ خورد میں ادا کر دی گئی جنازہ میں آر پی او ساہیوال رانا ایاز سلیم، ڈی پی او اوکاڑہ واجد، سیاسی راہنما راؤ ریاض اعجاز، صدر رینالہ پریس کلب راؤ عتیق گوہر، صدر صحافتی وصدر رینالہ یونین آف جرنلسٹس شیخ آصف علی، بانی و چیئرمین رینالہ یونین عبدالغفار چوہدری، سرپرست راؤ سجاد قادر خان، وائس چیئرمین میاں عتیق الرحمان، جنرل سیکرٹری عمیر

اسد اعجاز ملہی، ایم پی اے چوہدری جاوید علاؤالدین، ڈی ایس پی قلب سجاد، ڈی ایس پی رینالہ آصف بیگ، ڈی ایس پی افضل ڈوگر، ڈی ایس پی سی سی ڈی مہر یوسف، ڈی ایس پی سپیشل برانچ رضوان بھٹی، ڈی ایس پی تقی شاہ، ڈی ایس پی زاہد شاہ، معروف بزنس مین چوہدری طارق ولی، پیر منہاج الاسلام، اوورسیز بزنس مین چوہدری اکرم، سیاسی وسماجی راہنما فیاض ظفر چوہدری سیاسی راہنما راؤ عابد علی کاشف، نائب صدر راؤ یوسف ضیائی، صحافی چوہدری اسلم پپو، نائب صدر رینالہ پریس کلب حاجی وقار احمد چوہدری، صدر تحصیل پریس کلب ظہور احمد شاہین، ڈاکٹر طاہر حبیب، سیاسی و سماجی راہنما ڈاکٹر اظہر محمود چوہدری، سماجی راہنما سید ندیم جعفری، سابقہ چیئرمین یوسی نعیم اصغر بھٹی، سابقہ چیئرمین یوسی نور اللہ بودلہ، سابقہ ناظم چوہدری شوکت رسول، سیاسی وسماجی راہنما رائے احمد حسن کھرل، سماجی راہنما خرم شاہ، سیاسی

اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل نے تحصیل نوشہرہ کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل نے تحصیل نوشہرہ کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وزیراعظم پاکستان کی جانب سے دی جانے والی سبسڈی کے حوالے سے پٹرول پمپس کے ریکارڈ، سرکاری قیمتوں اور دیگر ضروری امور کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے پٹرول پمپس پر موجود عوامی سہولیات اور متعلقہ ریکارڈ کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامیہ اور مالکان کو ہدایت کی کہ حکومتی سبسڈی کے ثمرات عوام تک شفاف انداز میں پہنچائے جائیں اور اس حوالے سے تمام قانونی ضابطوں پر مکمل اور بلا تاخیر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اسسٹنٹ کمشنر عمار انور نے کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور حکومتی اقدامات پر مؤثر عملدرآمد انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

فنکار معاشرے میں محبت امن اور مثبت سوچ کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، معروف گلوکار شاہد چمی خان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف طبلہ نواز استاد جی خان کے صاحبزادے معروف گلوکار شاہد چمی خان نے کہا ہے کہ فنکار معاشرے میں محبت امن اور مثبت سوچ کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں موسیقی سے دوستی انسان کے جذبات احساسات اور تخلیقی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے جبکہ اچھی اور معیاری موسیقی ذہنی سکون فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ زندگی میں خوبصورتی اور مثبت سوچ پیدا کرتی ہے شاہد جمی خان نے کہا کہ فن اور موسیقی کی دنیا میں استاد جی خان جیسے فنکاروں نے اپنی محنت ریاضت اور فن سے ایک قابلِ قدر مقام حاصل کیا۔

پاکستان مرکزی مسلم لیگ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام حرمین شریفین پر حوثی حملوں کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام حرمین شریفین پر حوثی حملوں کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں مختلف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ نے مین حافظ آباد روڈ نوکھر منڈی میں اپنی نئی نوکھر برانچ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبر دار سے یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ نے مین حافظ آباد روڈ نوکھر منڈی میں اپنی نئی نوکھر برانچ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں نوکھر اور گردونواح کے شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ گروپ سید رضوان شاہ تھے۔ اس موقع پر جنرل منیجر قاضی غلام رضا برانچ منیجر عبدالرزاق ککے زئی سابق ایم این اے چوہدری تصدیق مسعود حسین خان جناب داؤد انعام (الٰہی رائس مل) ملک محمد آمین ناز سابق وائس پریزیڈنٹ چیمبر آف کامرس گوجرانوالا چوہدری جاوید سیکھو چوہدری عباس علی سیکھو پٹواری چوہدری قیصر تارڑ چوہدری مشتاق گجر چوہدری فیاض سلیم سیکھو چوہدری عمر امتیاز سیکھو ملک ظہیر الدین ایڈووکیٹ چوہدری عاصم ظفر سیکھو سینئر صحافی سینئر نائب صدر نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ بدر منیر بھٹی سنیئر صحافی طیب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 39)

یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ نے مین حافظ آباد روڈ نوکھر منڈی میں اپنی نئی نوکھر برانچ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

پاکستان میں یورپی یونین کے سفیر ریمنڈاس کاروبلس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) پاکستان میں یورپی یونین کے سفیر ریمنڈاس کاروبلس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا، پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعلقات، باہمی تجارت کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور سیالکوٹ کی صنعت و برآمدی شعبے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیالکوٹ چیمبر آمد پر صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس سید احتشام مظہر گیلانی، سینئر نائب صدر میاں مراد، نائب صدر سلیمان شیخ سمیت صدر وویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ ڈاکٹر مریم نعمان اور سینئر نائب صدر وویمن چیمبر آف کامرس گلزیب وقاص اعوان نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔

rongly cndemn the terrorist attacks by

پاکستان مرکزی مسلم لیگ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام حرمین شریفین پر حوثی حملوں کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

بازار 9 بجے، شادی ہال 10 بجے بند کرنے کا حکم

حکومت نے کفایت شعاری مہم کے تحت بازار 9 بجے اور شادی ہال 10 بجے بند کرنے کے احکامات جاری کر دیے، شادی کی تقاریب میں صرف ون ڈش ہوگی، فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور و دیگر اوقات کار سے مستثنٰی ہوں گے۔ وفاقی حکومت نے ایندھن کی بچت اور اضافی کفایت شعاری کے اقدامات کی نگرانی اور عملدرآمد سے متعلق احکامات جاری کیے ہیں جس کا وفاقی کابینہ ڈویژن نے نوٹی فکیشن جاری کر دیا۔ کمیٹی کی سفارشات پر غور کے بعد کفایت شعاری اور ایندھن بچت کے اقدامات پر فوری طور پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ احکامات میں کہا گیا ہے کہ سرکاری گاڑیوں کے لیے تین ماہ کے عرصے تک ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کی جائے گی۔ مالی سال 2026-27ء کے پورے عرصے کے لیے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی کی جائے گی جس کی کٹوتی ماہانہ بنیادوں پر کی جائے گی تاہم ترقیاتی منصوبوں پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا۔ یہ اقدام بیرون ملک پاکستانی مشنز اور ان مشنز میں تعینات تمام پیشہ ورانہ گروپس یا سروسز سے تعلق رکھنے والے افسران و اہلکاروں پر بھی لاگو ہوگا تاہم ان کے رہائش کے کرایوں، تعلیمی فیس اور طبی سہولیات سے متعلق واجبات پورے کیے جائیں گے۔ تمام اقسام کی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی جا رہی ہے، تمام پائیدار اشیاء کی خریداری پر مکمل پابندی ہوگی، آئی ٹی سے متعلق خریداری اس پابندی سے مستثنٰی ہوگی۔ تین ماہ کے لیے بیرون ملک تمام سرکاری دوروں اور سفر پر مکمل پابندی ہوگی، حتیٰ کہ لازمی نوعیت کے دورے بھی اس پابندی کے دائرے میں شامل ہوں گے، تاہم اسکالرشپس کے تحت پیش کیے جانے والے دورے اس پابندی سے مستثنٰی ہوں گے۔ کفایتی اقدامات سے استثنٰی کی درخواستیں کیس ٹو کیس بنیاد پر زیرِ غور لائی جائیں گی، صوبائی اور علاقائی حکومتیں بھی ایسے ہی کفایتی اقدامات اپنانے پر غور کر سکتی ہیں۔ فیصلوں کے تحت سرکاری اجلاسوں کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ کو ترجیح دینے کی ہدایت کی گئی ہے، غیر ملکی وفود کے سوا سرکاری عشائیوں کی میزبانی پر مکمل پابندی ہوگی، حکومت کے فنڈز سے ہونے والے سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگرامز اور کانفرنسز پر پابندی ہوگی جب کہ ناگزیر سرکاری تقریبات کے لیے سرکاری آڈیٹوریم اور کمیٹی رومز استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ شادی کی تقریبات میں صرف ایک ڈش پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز اور بازار رات 9 بجے بند ہوں گے، شادی ہالز، مارکیز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے بند ہوں گے، ریسٹورنٹس، کیفے اور فوڈ آؤٹ لیٹس رات 11 بجے بند ہوں گے تاہم ٹیک اوے اور ہوم ڈیلیوری مستثنٰی ہوں گے۔ فارمیسی، اسپتال، کلینک، میڈیکل لیبارٹری، پٹرول پمپس اور دیگر ضروری شعبے اوقاتِ کار کی پابندی سے مستثنٰی ہیں۔ بیکری، تندور، دودھ و ڈیری شاپ، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز اور جم پر بھی اوقات کار کی پابندی کا اطلاق نہیں ہوگا۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔..........(جامع ترمذی)

پتوکی کی بیٹیاں اندھیروں میں علم کے چراغ

کالم نگار

محمد نوید بھٹی پتوکی

pattokinews049@gmail.com

*موضوع: گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین پتوکی کا اورینٹیشن پروگرام اور قابل طالبات کی حوصلہ افزائی

جب امید دم توڑ رہی ہو تو ایک کالج سانس دیتا ہیآج کل اخبار کھولیں تو دل بیٹھ جاتا ہے۔ ایک طرف مہنگائی، دوسری طرف قرضے، تیسری طرف تھانوں کی بری خبریں۔ لگتا ہے جیسے پورا ملک کسی اندھیرے سرنگ میں چل رہا ہے لیکن پھر لاہور سے 60 کلومیٹر دور، پتوکی کے ایک چھوٹے سے سرکاری کالج سے خبر آتی ہیگورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین پتوکی میں گزشتہ روز نئی طالبات کے لیےاورینٹیشن پروگرام ہوااور 85 فیصد سے زیادہ نمبر لینے والی بچیوں کو اسٹیج پر بلا کر سرٹیفیکیٹ دیے گئے یہ خبر چھوٹی لگتی ہے۔ لیکن میرے لیے یہ خبر "ہیڈ لائن" ہے۔ کیونکہ یہ خبر بتاتی ہے کہ "ابھی پاکستان زندہ ہے"۔ ابھی ہماری بیٹیاں پڑھ رہی ہیں۔ ابھی ہمارے استاد پڑھا رہے ہیں۔ ابھی امید باقی ہیآج اسی "احسن اقدام" پر بات کرتے ہیں باب اول سوچیں ایک 16-17 سال کی بچی کی جگہ پر۔ جس نے ابھی تک سکول کی چار دیواری دیکھی ہے۔ اچانک اسے "کالج" بھیج دیا جائے دل میں سوال آتا ہے کہ اساتذہ سخت ہوں گے؟ کلاس میں کوئی دوست بنے گا؟ میں فیل تو نہیں ہو جاؤں گی یہ ڈر ہر بچی کا ہے امیر کی بیٹی کا بھی، غریب کی بیٹی کا بھی پتوکی کالج نے کیا اور کالج انتظامیہ نے کہا: "ہم بچیوں کو اس ڈر کے ساتھ نہیں چھوڑیں گے "۔ اور اورینٹیشن پروگرام کر دیا پروگرام کی ترتیب تلاوتِ کلام پاک اور سب سے پہلے اللہ کا نام۔ تا کہ بچیوں کو لگے کہ ان کا سفر برکت سے شروع ہو رہا ہے پرنسپل صاحبہ نے کہا کالج کی زندگی طالبات کی علمی اور عملی تربیت کا ایک اہم مرحلہ ہےتعلیم کے ساتھ نظم وضبط، اخلاق، وقت کی پابندی اور مثبت سوچ کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں کالج کا تعارف لائبریری کہاں ہے کمپیوٹر لیب کیسے استعمال ہوگی کھیل کے میدان کون سے ہیں ہم نصابی سرگرمیاں کیا ہیں قواعد و ضوابط یونیفارم، حاضری، امتحان کا نظام۔ تا کہ بچیوں کو پہلے دن سے clarity ہو نتیجہ کیا نکلا نئی طالبات نے پروگرام کے بعد کہا ہمیں لگ رہا تھا ہم انجان ہیں۔ اب لگ رہا ہے یہ ہمارا دوسرا گھر ہیہی کامیابی ہیباب دوم: 85% والے سرٹیفکیٹ - محنت کو سلام ہے پروگرام کی سب سے خوبصورت تقریب تھی تعریفی سرٹیفکیٹس کی تقسیم ہوئی فیصلہ کیا تھا؟ کالج نے اعلان کیا کہ جو بچیاں 85 فیصد اور اس سے زائد نمبر حاصل کریں گی انہیں اسٹیج پر بلا کر سرٹیفکیٹ دیا جائے گا اسٹیج پر کیا منظر تھا ایک طرف ماں بیٹی کا ہاتھ پکڑ کر رو رہی تھی۔ دوسری طرف باپ سینہ چوڑا کر کے ویڈیو بنا رہا تھا تیسرے بینچ پر وہ بچیاں بیٹھی تھیں جن کے 70-75% آئے تھے اور وہ دل میں عہد کر رہی تھیں "اگلی بار میں بھی جاؤں گی پرنسپل نے کہا طالبات کی کامیابی دراصل ان کے والدین، اساتذہ اور ادارے کے لیے باعثِ فخر ہیاس ایک اقدام کے 5 فائدے قابل طالبہ کی عزت جس نے 2 سال محنت کی، اس کی محنت رائیگاں نہیں گئی اور دوسری بچیوں کے لیے موٹیویشن مقابلے کا صحت مند رجحان پیدا ہوا والدین کا اعتماد غریب باپ نے سوچا "بیٹی کو پڑھانا ضائع نہیں جائے گا اور اساتذہ کی حوصلہ افزائی ٹیچر نے سوچا "میری محنت رنگ لائی معاشرے کو پیغام ہم " ٹک ٹاک سٹار" کو نہیں، " کلاس ٹاپر" کو ہیرو بنائیں گے باب سوم کیوں ہے یہ "احسن اقدام 7 وجوہات

سرکاری کالج کا وقار بحال کیا لوگ کہتے ہیں "سرکاری کالج میں پڑھائی نہیں ہوتی"۔ پتوکی کالج نے جواب دیا: "نیت ہو تو سرکاری بھی پرائیویٹ سے بہتر ہو سکتا ہے صرف ڈگری نہیں، کردار

آج کل 90% نمبر لے کر بھی بچہ بدتمیز ہوتا ہے کالج نے واضح کیا "ہم نمبر + اخلاق + نظم + وقت کی پابندی" تینوں چاہتےہیں بیٹیوں کو بااعتماد بنانا ہے پاکستان کا مستقبل بیٹیوں کے ہاتھ میں ہے۔ اگر وہ پڑھ لکھ کر بااعتماد ہو گئیں تو گھر سنورے گا، معاشرہ سنورے گا اور مایوسی کے دور میں امید جب ہر طرف بری خبریں ہیں، ایسے میں ایک چھوٹی سی تقریب 1000 گھروں میں خوشی لے آتی ہے کم خرچ، بڑا رزلٹ اس پورے پروگرام پر شاید 50 ہزار روپے بھی خرچ نہ ہوئے ہوں۔ لیکن اس کا اثر 10 سال تک رہے گا والدین اور ادارے کا رشتہ مضبوط جب والدین دیکھتے ہیں کہ کالج بچی کی قدر کر رہا ہے تو وہ بھی فیس وقت پر دیتے ہیں، بچے پر نظر رکھتے ہیں "پتوکی ماڈل" بن سکتا ہیاگر یہ ماڈل پورے پنجاب میں لگ جائے تو سوچیں کیا انقلاب آئے گا پاکستان کو ایسے ہی کالجوں کی ضرورت ہے مسئلہ کیا ہیہمارے 90% سرکاری کالجوں میں 3 چیزیں نہیں ہوتیں نئے بچوں کا ویلکم ، ٹاپرز کی حوصلہ افزائی، ہم نصابی سرگرمیاں نتیجہ یہ نکلتا ہے بچہ پہلے دن سے بور، دوسرے سال ڈراپ آؤٹ اور اس کا حل کیا ہے؟ "پتوکی فارمولا" ہر کالج میں سال میں 2 بار یہ کام لازمی کر دیا جائیاورینٹیشن ویک نئے بچوں کے لیے 3 دن کا پروگرام ایوارڈ سرمنی ہر امتحان کے بعد ٹاپ 10% بچوں کو سراہا جائیحکومت پنجاب کو چاہیے کہ وہ پتوکی کالج کی پرنسپل کو "رول ماڈل" قرار دے کر باقی پرنسپلز کو ٹریننگ دے بیٹی پڑھے گی تو قوم پڑھے گی ایک بچی کی کہانی فرض کریں ایک بچی ہے "عائشہ"۔ کا والد رکشہ چلاتا ہے۔ ماں گھروں میں کام کرتی ہے۔ عائشہ نے 88% لیے اور سرٹیفکیٹ ملااب کیا ہوگا محلے کی خالہ کہے گی "میری بیٹی بھی کالج جائے گی" عائشہ کا حوصلہ بڑھے گا، وہ BS کرے گی 4 سال بعد وہ استاد بنے گی اور 50 بچوں کو پڑھائے گی یعنی ایک سرٹیفکیٹ سے 50 نسلیں بدلیں گی اساتذہ، والدین اور انتظامیہ کو سلام اس کامیابی کے 3 ہیرو ہیں. 1 اساتذہ جنہوں نے گرمی میں پنکھے کے بغیر پڑھایا۔ جنہوں نے فری میں ایکسٹرا کلاس لی۔ جنہوں نے بچی کی کاپی چیک کرتے ہوئے ماں جیسا پیار کیا والدین جنہوں نے مشکل حالات میں بھی بیٹی کی فیس دی۔ جنہوں نے کہا "بیٹا پڑھو، میں مزدوری کر لوں گا" کالج انتظامیہ خاص طور پر پرنسپل صاحبہ۔ جنہوں نے "روٹین " توڑ کر "انویشن " کی۔ جنہوں نے بجٹ نہ ہونے کے باوجود پروگرام کیا ہمیں اور کیا کرنا چاہیے؟ - 5 تجاویز ہیں پتوکی کالج نے شروعات کر دی۔ اب حکومت اور سول سوسائٹی کو 5 قدم اور لینے چاہییں "ٹاپر فنڈ" ہر ضلع میں 10 لاکھ کا فنڈ۔ جس سے غریب ٹاپرز کو لیپ ٹاپ اور کتابیں دی جائیں "رول ماڈل لیکچر" ہر ماہ کسی کامیاب خاتون کو بلا کر بچیوں سے بات کروائی جائے - ڈاکٹر، انجینئر، جج" کالج ٹو انڈسٹری لنک "بچیوں کو انٹرن شپ دی جائے تا کہ ڈگری کے ساتھ سکل بھی ہو "والدین کونسل" ہر 3 ماہ بعد والدین کو بلا کر بتایا جائے کہ بچی کی کارکردگی کیا ہے "میڈیا کوریج ایسے پروگراموں کو ٹی وی پر دکھایا جائے تا کہ باقی کالج بھی موٹیویٹ ہو اور ہاں تنقید بھی ضروری ہیہمیں یہاں اندھی تعریف نہیں کر رہا۔ 2 سوال بھی ہیں سوال 1 کیا صرف 85% والوں کو ہی سرٹیفکیٹ ملنا چاہیئےجس بچی نے 50% سے 70% تک سفر کیا اس کی محنت کم ہے کیا جواب اگلی بار "سب سے بہتر کارکردگی" کا ایوارڈ بھی رکھا جائے کیا صرف سرٹیفکیٹ کافی ہے نہیں۔ ساتھ چھوٹا وظیفہ، کتابوں کا تحفہ بھی دیا جائے تو اور بہتر ہیلیکن تنقید کا مقصد بہتری ہے، حوصلہ شکنی نہیں چراغ سے چراغ جلتا ہیآج پتوکی کی ایک بچی نے سرٹیفکیٹ لیا۔ کل وہ استاد بنے گی۔ وہ 100 بچیوں کو پڑھائے گی۔ وہ 100 بچیاں 1000 کو پڑھائیں جب ہم تھانہ غازی آباد جیسی خبر پڑھ کر سر پکڑ لیتے ہیں، تو پتوکی کالج جیسی خبر ہمارا سر اونچا کر دیتی ہے حکومت وقت سے اپیل ہیخدارا، تعلیم کے بجٹ میں کٹوتی نہ کریں۔ کالجوں کی پرنسپلز کو اختیار دیں۔ اور پتوکی جیسے 1000 کالج بنا دیں کیونکہ یاد رکھیں "جس قوم کی بیٹیاں پڑھ لکھ جائیں، وہ قوم کبھی قرضوں میں نہیں ڈوبتی" جس قوم کے استاد مخلص ہوں، وہ قوم کبھی مہنگائی سے نہیں ہارتی پتوکی کی بیٹیوں نے آج ہمیں یہ سبق پڑھا دیا ہیخراج تحسین گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین پتوکی کی پوری ٹیم کو۔ آپ نے ثابت کیا کہ "سرکاری" کا مطلب "ناکام" نہیں ہوتا پاکستان زندہ باد۔ پتوکی کی بیٹیاں پائندہ باد

سبسڈی کی آزمائش

شمشیرِ بے نیام

حمید علی

hamidalichaudhary50@gmail.com

مہنگائی کے اس دور میں جب گھر کا بجٹ بنانا بھی ایک مشکل حساب بن چکا ہے، پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے سبسڈی کا اعلان یقیناً عام آدمی کے لیے امید کی ایک کرن بن کر سامنے آیا۔ ایک ایسا شخص جو محدود آمدن میں گھر کا کرایہ، بجلی کا بل، بچوں کی فیس، راشن اور علاج کے اخراجات پورے کرنے کی کوشش کرتا ہے، اس کے لیے پیٹرول کے نرخ میں معمولی کمی بھی اہمیت رکھتی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جب ریلیف کا اعلان ہو جائے اور اسے حاصل کرنے کا راستہ دشوار بنا دیا جائے تو اس ریلیف کی اصل افادیت کیا رہ جاتی ہے؟

آج سڑکوں پر دوڑتی موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں صرف مشینیں نہیں، لاکھوں خاندانوں کی روزی کا ذریعہ ہیں۔ کوئی مزدور صبح سویرے موٹر سائیکل پر تعمیراتی مقام کی طرف جاتا ہے، کوئی استاد دور دراز اسکول پہنچتا ہے، کوئی ملازم شہر کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک سفر کرتا ہے اور کوئی والد اپنے بچوں کو اسکول چھوڑنے کے بعد روزگار کی تلاش میں نکلتا ہے۔ ان سب کے لیے پیٹرول زندگی کے پہیے کو حرکت دینے والی بنیادی ضرورت بن چکا ہے۔ چوں کہ آمدن میں اسی رفتار سے اضافہ نہیں ہوا جس رفتار سے اخراجات بڑھے ہیں، اس لیے پیٹرول پر سبسڈی کی خبر نے لوگوں کو کچھ سہارا محسوس کرایا۔

مگر اصل کہانی اعلان کے بعد شروع ہوتی ہے۔ عوام کو سبسڈی حاصل کرنے کے لیے جس طریقہ؟ کار سے گزرنا پڑ رہا ہے، اس نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے۔ موبائل پیغامات، تصدیقی مراحل اور جواب کا انتظار ایک ایسے شہری کے لیے آسان نہیں جسے پہلے ہی روزگار، مہنگائی اور وقت کی کمی جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ بعض شہریوں کا کہنا ہے کہ پیغام کا جواب بروقت نہیں آتا اور انہیں یہ معلوم کرنے میں دشواری پیش آتی ہے کہ وہ سبسڈی کے تحت پیٹرول حاصل کرنے کے اہل ہیں یا نہیں۔

حکومتی نظام اگر عوام کے لیے بنایا گیا ہے تو اسے عوام کی سمجھ کے مطابق بھی ہونا چاہیے۔ ٹیکنالوجی یقیناً سہولت کا ذریعہ بن سکتی ہے، مگر ایسی ٹیکنالوجی جو شہری کو اپنی ہی سہولت حاصل کرنے کے لیے بار بار انتظار، تصدیق اور غیر یقینی کی کیفیت میں مبتلا کر دے، اس کے طریقہ؟ کار کا دوبارہ جائزہ لینا ضروری ہو جاتا ہے۔ عام آدمی کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اس نے کیا کرنا ہے، کہاں جانا ہے، کتنا انتظار کرنا ہے اور اگر اسے سہولت نہ ملے تو شکایت کہاں درج کرانی ہے۔

اس سارے معاملے میں سب سے زیادہ توجہ طلب مسئلہ پیٹرول پمپس پر پیدا ہونے والی صورتِ حال ہے۔ شہریوں کی جانب سے شکایات سامنے آ رہی ہیں کہ بعض پیٹرول پمپس پر سبسڈی کے تحت پیٹرول فراہم نہیں کیا جا رہا، جب کہ جہاں یہ سہولت دستیاب ہے وہاں رش اتنا زیادہ ہے کہ لوگوں کو کئی کئی گھنٹے انتظار کرنا پڑتا ہے۔ چار گھنٹے کی قطار میں کھڑا ایک شخص صرف پیٹرول نہیں لے رہا ہوتا، وہ اپنے قیمتی وقت کے ساتھ اپنی روزمرہ زندگی کا ایک حصہ بھی قربان کر رہا ہوتا ہے۔

ذرا تصور کیجیے، ایک مزدور صبح گھر سے اس امید پر نکلتا ہے کہ آج کی مزدوری سے شام کو بچوں کے لیے راشن لے جائے گا۔ راستے میں اسے معلوم ہوتا ہے کہ سبسڈی والا پیٹرول دستیاب ہے۔ وہ قطار میں کھڑا ہو جاتا ہے۔ ایک گھنٹہ گزرتا ہے، پھر دوسرا، پھر تیسرا۔ اگر چوتھے گھنٹے تک اس کی باری آتی ہے تو ممکن ہے اس دوران وہ اپنی مزدوری کا ایک بڑا حصہ کھو چکا ہو۔ ایسے میں 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف اپنی جگہ، مگر اس ریلیف کے حصول کی قیمت بھی تو دیکھی جانی چاہیے۔

یہاں سوال صرف قطار کا نہیں، حکومتی منصوبہ بندی کا بھی ہے۔ اگر کسی اسکیم سے فائدہ اٹھانے والے افراد کی تعداد پہلے سے معلوم تھی تو کیا پیٹرول پمپس کی تعداد، عملے، تصدیقی نظام اور رش کو سنبھالنے کے لیے مناسب انتظامات کیے گئے؟ اگر سبسڈی کی فراہمی کے لیے مخصوص پمپس مقرر کیے گئے ہیں تو ان کی فہرست عوام تک واضح انداز میں کیوں نہ پہنچائی جائے؟ اگر کسی پمپ پر سہولت ختم ہو چکی ہے تو شہریوں کو بروقت اطلاع کیوں نہ دی جائے؟ ایسے سوالات کا جواب انتظامی نظام کو دینا ہوگا۔

یہ بھی ضروری ہے کہ سبسڈی واقعی ان طبقات تک پہنچے جنہیں اس کی زیادہ ضرورت ہے۔ اگر ریاست محدود وسائل کے باوجود عوام کو مالی ریلیف دینا چاہتی ہے تو مستحق افراد کی واضح شناخت اور شفاف طریقہ؟ کار بنیادی ضرورت ہے۔ سبسڈی کو کسی مخصوص ضرورت مند طبقے تک محدود کرنے یا وسیع پیمانے پر فراہم کرنے کے مختلف طریقہ؟ کار ہو سکتے ہیں، مگر جو بھی نظام اختیار کیا جائے، اس میں شفافیت اور آسان رسائی لازمی ہونی چاہیے۔

ڈیجیٹل نظام کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا جو جدید ٹیکنالوجی سے پوری طرح واقف نہیں۔ ہمارے معاشرے میں ایسے افراد موجود ہیں جو موبائل فون تو رکھتے ہیں مگر پیچیدہ ڈیجیٹل مراحل سے گزرنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں۔ کچھ بزرگ شہری ہیں، کچھ ایسے مزدور ہیں جن کے پاس ہر وقت انٹرنیٹ دستیاب نہیں ہوتا اور کچھ افراد ایسے ہیں جو سرکاری پیغام کا جواب آنے تک یہ فیصلہ نہیں کر پاتے کہ انہیں کہاں جانا ہے۔ اس لیے ایک متبادل، سادہ اور فوری تصدیقی نظام ناگزیر ہے۔

پیٹرول پمپ مالکان کی نگرانی بھی اسی نظام کا اہم حصہ ہے۔ جہاں سبسڈی فراہم کرنے کی منظوری ہو، وہاں واضح ہدایات، باقاعدہ نگرانی اور شکایات کے فوری ازالے کا نظام ہونا چاہیے۔ اگر کسی شہری کو مقررہ سہولت نہیں ملتی تو اسے مختلف دفاتر کے چکر نہیں لگانے چاہییں۔ ایک مؤثر ہیلپ لائن یا شکایتی نظام کے ذریعے مسئلہ فوری طور پر متعلقہ حکام تک پہنچنا چاہیے۔

عوام کو حکومت سے صرف سستا پیٹرول نہیں چاہیے، انہیں ایک ایسا نظام بھی چاہیے جو ان کے وقت اور عزتِ نفس کی قدر کرے۔ ریلیف کا مطلب یہ نہیں کہ شہری ایک ہاتھ میں شناختی دستاویز اور دوسرے ہاتھ میں موبائل لیے گھنٹوں قطار میں کھڑا رہے۔ ریلیف تو وہ ہے جو خاموشی سے انسان کی زندگی آسان بنا دے، اس کے خرچ میں کمی کرے اور اسے اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے کچھ اضافی گنجائش فراہم کرے۔

حکومت کے لیے یہ موقع بھی ہے کہ وہ عوامی شکایات کو سن کر اس اسکیم کو بہتر بنائے۔ انتظامی خامیوں کی نشاندہی کسی پالیسی کی ناکامی نہیں ہوتی؛ اصل مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب خامیوں کی نشاندہی کے باوجود انہیں دور نہ کیا جائے۔ نظام کو بہتر بنانے کے لیے پیٹرول پمپس کی تعداد، تصدیقی عمل، موبائل پیغامات، رش، مستحق افراد کی شناخت اور شکایات کے ازالے سمیت ہر مرحلے کا عملی جائزہ لیا جانا چاہیے۔ کسی بھی فلاحی منصوبے کی کامیابی اس بات سے نہیں ناپی جاتی کہ اس کا اعلان کتنی بڑی سطح پر ہوا، بل کہ اس بات سے ہوتی ہے کہ اس کا فائدہ عام آدمی تک کتنی آسانی سے پہنچا۔ اگر 100 روپے کی سبسڈی ایک غریب شہری کے گھر کے بجٹ میں کچھ آسانی پیدا کرتی ہے تو یہ یقیناً ایک اہم سہارا ہے، مگر اگر اسی سہولت کے لیے اسے چار گھنٹے قطار میں کھڑا ہونا پڑے، مزدوری کا نقصان اٹھانا پڑے اور پھر بھی پیٹرول ملنے کی ضمانت نہ ہو تو نظام پر نظرِ ثانی ناگزیر ہے۔

عوام کو ریلیف کے نام پر ایک نئی آزمائش نہیں، آسانی چاہیے۔ انہیں ایسے اعلانات نہیں چاہییں جن کے پیچھے پیچیدہ راستے چھپے ہوں، بل کہ ایسا نظام چاہیے جو ریاستی سہولت کو براہِ راست ان کے دروازے تک لے آئے۔ سو روپے کی سبسڈی کی اصل قدر اسی وقت سامنے آئے گی جب یہ سو روپے صرف کاغذ پر نہیں، بل کہ عام آدمی کی زندگی میں حقیقی آسانی بن کر دکھائی دیں گے۔

پہلوانوں کے شہر سے



افتخار احمد چوہان

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

ضلعی انتظامیہ شہریوں کو سبسڈائزڈ پٹرول کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے متحرک

وزیر اعلی پنجاب کی ہدایات پر وزیراعظم پٹرول ریلیف سکیم کے تحت شہریوں کو سبسڈائزڈ پٹرول کی بلاتعطل فراہمی اور مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے کیلیےضلعی انتظامیہ کی جانب سے نگرانی کا عمل جاری ہے

کمشنر ڈویژن محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے سیالکوٹ روڈ پر واقع پٹرول پمپ کا دورہ کیا اور سبسڈائزڈ پٹرول کی دستیابی، مقررہ نرخوں پر فروخت اور شہریوں کو حکومتی ریلیف کی فراہمی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلی پنجاب کی ہدایات پر وزیراعظم پٹرول ریلیف سکیم کے تحت شہریوں کو سبسڈائزڈ پٹرول کی بلاتعطل فراہمی اور مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے کیلیےضلعی انتظامیہ کی جانب سے نگرانی کا عمل جاری ہے۔ اس سلسلہ میں کمشنر ڈویژن محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے سیالکوٹ روڈ پر واقع پٹرول پمپ کا دورہ کیا اور سبسڈائزڈ پٹرول کی دستیابی، مقررہ نرخوں پر فروخت اور شہریوں کو حکومتی ریلیف کی فراہمی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے پٹرول کی فراہمی اور شہریوں کو ریلیف دینے کے عمل کا معائنہ کیا جبکہ موقع پر موجود شہریوں سے بھی حکومتی پٹرول ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر کمشنر محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے پٹرول پمپ انتظامیہ کو ہدایت کی کہ سبسڈائزڈ پٹرول کی بلاتعطل دستیابی، مقررہ نرخوں پر فروخت اور شہریوں کو حکومتی ریلیف کی شفاف فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریلیف کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت، کوتاہی یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائیگی اور خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ داران کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پٹرول ریلیف سکیم پر عملدرآمد کی مؤثر نگرانی جاری رکھی جائے اور شہریوں کو حکومتی پالیسی کے مطابق ریلیف کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ نہ آنے دی جائے۔

☆☆☆☆☆

گوجرانوالہ۔ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ اسلام آباد کے 47 ویں مڈکیریئر مینجمنٹ کورس کے وفد کا ریجنل پولیس آفس گوجرانوالہ کا دورہ

ڈی سی کا شہر کا دورہ، صفائی، تجاوزات اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ

سیالکوٹ روڈ پر تجاوزات ختم، غیر قانونی ایل پی جی ریفلنگ دکان سیل کرنے کا حکم، بائی پاس چوک تا نندی پور ماڈل روڈ بنانے کا فیصلہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر اور مضافاتی علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، ڈیسلٹنگ، غیر قانونی گیس ریفلنگ، بیوٹیفکیشن اور جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کا موقع پر جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سیالکوٹ روڈ، چک جگنہ، فتومنڈ چوک اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا۔ سیالکوٹ روڈ پر صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال، مکینیکل سویپنگ، تجاوزات کے خلاف کارروائی اور گرین بیلٹس کی دیکھ بھال کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے دھول مٹی کے خاتمے اور فضائی آلودگی و سموگ کی روک تھام کے لیے مکینیکل سویپنگ کا عمل مؤثر اور بلاتعطل جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ سیالکوٹ روڈ پر چارہ فروخت کرنے والوں کی جانب سے قائم تجاوزات موقع پر ختم کروائی گئیں جبکہ متعلقہ افراد کو دوبارہ خلاف ورزی کی صورت میں سخت کارروائی کی تنبیہ کی گئی۔

خصوصی بچے معاشرے کا اہم حصہ، بھرپور توجہ دینا ہوگی: کمشنر

کمشنر ڈویژن محمد علی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ ایم سی سی سنٹر، گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن کے زیر اہتمام منعقدہ پنجاب انکلوسیو آرٹ اینڈ کری ایٹیو فیسٹیول 2026 میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی

ڈی او سپیشل ایجوکیشن محمد زبیر انجم، ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، فوکل پرسن شفاعت حسین نقوی، مس ماریہ بٹ سمیت ڈویژن بھر سے سپیشل ایجوکیشن کے افسران نے تقریب میں شرکت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ ایم سی سی سنٹر، گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن کے زیر اہتمام منعقدہ پنجاب انکلوسیو آرٹ اینڈ کری ایٹیو فیسٹیول 2026 میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈی او سپیشل ایجوکیشن محمد زبیر انجم، ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، فوکل پرسن شفاعت حسین نقوی، مس ماریہ بٹ سمیت ڈویژن بھر سے سپیشل ایجوکیشن کے افسران نے تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر خصوصی بچوں کی جانب سے تیار کردہ فن پاروں، آرٹ ورک اور مختلف دستکاریوں کا معائنہ کیا اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو سراہا۔ کمشنر محمد علی نے آرٹ اینڈ کری ایٹیو نمائش میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پوزیشن ہولڈرز میں انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ انہوں نے خصوصی بچوں کی محنت، صلاحیت اور فنکارانہ تخلیق کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی بچے معاشرے کا قیمتی حصہ ہیں، انہیں ہماری بھرپور توجہ، محبت، حوصلہ افزائی اور مناسب مواقع کی ضرورت ہے۔ انہوں نیکہا کہ خصوصی بچے کسی سے کم نہیں، بلکہ مناسب رہنمائی اور سازگار ماحول میسر آنے پر یہ بچے اپنی خداداد صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کر سکتے ہیں اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کی کامیابیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ عزم، محنت اور حوصلہ ہو تو کوئی رکاوٹ صلاحیتوں کے اظہار میں حائل نہیں ہو سکتی۔ کمشنر نے کہا کہ خصوصی بچوں کیلئے تعلیمی، فنی اور تخلیقی سرگرمیوں کا انعقاد ان کی خوداعتمادی میں اضافے کیساتھ ساتھ انہیں معاشرے میں باوقار مقام دلانے میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔ انہوں نے اساتذہ اور والدین کی کاوشوں کو بھی سراہا جو خصوصی بچوں کی تعلیم و تربیت اور شخصیت سازی کے لیے بھرپور محنت کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے بھی خصوصی بچوں کی جانب سے پیش کیے گئے فن پاروں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور بچوں کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب کا اختتام پر پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

☆☆☆☆☆

گوجرانوالہ۔ پاکستان مسلم لیگ ن کے بزرگ رہنما غلام دستگیر خان اور سابق وفاقی وزیر انجینئر خرم دستگیر خان کیساتھ سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق ملاقات کر رہے ہیں، ایم این اے ریاض فتیانہ و دیگر بھی موجود ہیں۔

کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیر صدارت ماس ٹرانزٹ کوریڈور منصوبے کی پیشرفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا

ماس ٹرانزٹ کوریڈور منصوبہ کو باہمی رابطہ، مؤثر حکمت عملی کے تحت آگے بڑھانے باقاعدہ مانیٹرنگ کا حکم

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیر صدارت ماس ٹرانزٹ کوریڈور منصوبے کی پیشرفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں پراجیکٹ ڈائریکٹر ماس ٹرانزٹ کوریڈور کیپٹن (ر) زاہد سعید، ڈپٹی کمشنر نوید احمد اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ماس ٹرانزٹ کوریڈور منصوبے سے متعلق مختلف امور، اب تک ہونیوالی پیشرفت، جاری سرگرمیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر کیپٹن (ر) زاہد سعید نے کمشنر محمد علی کو منصوبے کی موجودہ صورتحال، مختلف مراحل میں ہونے والے کام اور متعلقہ اداروں کے درمیان جاری رابطہ کاری کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں منصوبے کی تکمیل کے سلسلہ میں درپیش امور اور انتظامی معاملات پر بھی غور کیا گیا۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن خالد ارشد مرزا، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد عبدالروف و دیگر متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ کمشنر محمد علی نے کہا کہ بڑے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ٹریفک کے نظام میں بہتری اور شہری کی مجموعی ترقی میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ماس ٹرانزٹ کوریڈور منصوبے سے متعلق تمام امور کو باہمی رابطہ اور مؤثر حکمت عملی کے تحت آگے بڑھایا جائے اور پیشرفت کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ منصوبے کے حوالے سے تمام متعلقہ محکمے اپنے فرائض ذمہ داری اور مربوط انداز میں سرانجام دیں، فیلڈ میں درپیش مسائل کی نشاندہی کر کے ان کے بروقت حل کیلئے اقدامات کیے جائیں اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے منصوبے سے متعلق تعاون اور انتظامی امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔

سنگین وارداتوں میں ملوث بین الاضلاعی ڈکیت مقابلے میں مارا گیا، دو زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ برآمد، سی پی او کا نوٹس، رپورٹ طلب کرلی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، بین الاضلاعی خطرناک ڈاکو ہلاک، 2 ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، سی پی او کا نوٹس، رپورٹ طلب۔ پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ دھلے پولیس مقابلہ میں فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں ڈکیتی و راہزنی کے 36 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ بین الاضلاعی ڈاکو ذوالفقار دیگر دوساتھیوں کے ہمراہ پولیس ناکہ پر اندھا دھند فائرنگ کر کے فرار ہوتے ہوئے اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا جس کے قبضہ سے دوران واردات چھینی گئی موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا گیا نامعلوم ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تھانہ ایمن آباد پولیس کارروائی میں 13 سالہ کمسن بچی سے زیادتی کے مقدمہ میں ملوث ملزم اعجاز احمد پولیس حراست سے فرار ہونے کی کوشش میں زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ملزم جسمانی ریمانڈ پر تھا اور پوٹینسی ٹیسٹ کیجعد دوران واپسی پولیس حراست سے فرار ہونے کی کوشش میں زخمی ہوا۔ تھانہ صدر کامونکی پولیس کارروائی میں چوری اور موٹر سائیکل چوری کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ملزم اسامہ پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار ہوا

ڈویژنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) شہر کی قدیم اور عظیم روایات کی حامل درسگاہ گورنمنٹ گریجوایٹ اسلامیہ کالج کی ایلومینائی کیجنرل سکیرٹری اور سابق سٹاف سکیرٹری، پروفیسر محمد اشرف رانا نے ڈائریکٹر تعلقات عامہ ڈویژن منور حسین کو زیارت حرمین شریفین اور عمرہ کی ادائیگی کے بعد واپسی پر انہیں مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں گلدستہ پیش کیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، خلاف ورزیوں پر لاکھوں روپے جرمانے، مضر صحت اشیائے خوردونوش تلف

کارروائیوں کے دوران اشیائے خوردونوش کے 10 نمونے حاصل کر کے تجزیے کیلئے بھجوائے گئے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ فہد اعجاز بٹ کی زیر نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عظمی شہزادی کی سربراہی میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ملاوٹ، غیر معیاری اور مضر صحت اشیائے خوردونوش کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے ضلع بھر میں 167 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی، جس کے دوران مختلف خلاف ورزیوں پر 28 فوڈ کاروباری مراکز کو مجموعی طور پر 5 لاکھ 13 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ ایک مرکز کیخلاف ہنگامی پابندی کا حکم بھی جاری کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران اشیائے خوردونوش کے 10 نمونے حاصل کر کے تجزیے کیلئے بھجوائے گئے۔ کارروائیوں کے دوران 90 لیٹر دودھ، 7.8 3 لیٹر ممنوعہ مشروبات، 2 لیٹر مضر صحت و خراب خوردنی تیل اور دیگر زائد المیعاد اشیائے خوردونوش تلف کی گئیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے 41 دودھ بردار گاڑیوں کی بھی چیکنگ کی، جن میں سے ایک گاڑی میں خلاف ورزی سامنے آنے پر 5 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ مجموعی طور پر 6 ہزار 835 لیٹر دودھ کی چیکنگ عمل میں لائی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ فوڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور شہریوں کو معیاری، محفوظ اور خالص اشیائے خوردونوش کی فراہمی کے لیےنگرانی اور کارروائیوں کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جائے۔

☆☆☆☆

گوجرانوالہ۔ چیئرمین سندس فاؤنڈیشن حاجی سرفراز احمد کی قیادت میں سندس فاؤنڈیشن میں زیر علاج تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا کے مریض بچوں کے وفد کا سیف سٹی کنٹرول روم کا دورہ کر رہا ہے، دوسری طرف سیف سٹی کے مختلف شعبوں کا بھی وزٹ کر رہے ہیں

گمشدگی کاغذات

میری کار سوزوکی آلٹو ماڈل 2024 رجسٹریشن ARB 305 انجن نمبر 6R298138 چیسز نمبر NF1AET306H1198134 کے اصل کاغذات دوران سفر گم ہو گئے ہیں جسکو ملیں اس پتہ پر ارسال کر دیں۔ کائنات شوکت دختر شوکت علی سکنہ منڈی ڈھولن ہٹھاڑ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ قصور

محمد علیم خاں بنام زبیدہ بی بی

دعویٰ۔ اعادہ حقوق زن آشوئی۔ اشتہار بنام؛۔ زبیدہ بی بی دختر ریاست علی زوجہ محمد علیم خاں ساکن موضع روسہ بھیل ڈاکخانہ راجہ جنگ تحصیل کوٹرادھاکشن ضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 19-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر 32 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد دین ولد فضل دین چک نمبر 32 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں فضل دین والد، فاطمہ والدہ، رمضانہ بی بی زوجہ، محمد صدیق پسر پہلے فوت شدگان، محمد رفیق پسر، امینہ بی بی دختر بعد میں فوت شدگان، محمد حنیف، محمد اشرف، محمد ارشد پسران، حنیفاں بی بی، صفیہ بیگم، ثریا شوکت دختران، جمیلاں بی بی بہو، محمد الطاف، محمد وقار پوتے، شازیہ منیر، صارمہ کوثر، فوزیہ ندیم، نازیہ صدیق، رضیہ بی بی پوتیاں زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محمد عمران ہارون صاحب سول جج درجہ اول لاہور

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

عنوان: عائشہ وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

عائشہ بیوہ حافظ عدیل نعیم مرحوم، و دیگر، ساکنان مکان نمبر 44 گلی نمبر 11 محلہ مین بازار صدر کینٹ لاہور مسماۃ یاسمین بیوہ محمد امین (مرحوم سکنہ مکان نمبر 3 گلی نمبر 80 مسلم کالونی راجگڑھ لاہور و دیگر بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت دعویٰ/درخواست ہذا ہو تو وہ بتقرر 18 ستمبر 2026 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً و وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو بصورت دیگر بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج جاری ہوا۔

Cr..Anwar

ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوویلپمنٹ تحصیل و ضلع بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بشیراں بی بی بیوہ محمد ذاکر ذات بھک بلوچ سکنہ موضع ماڑی میاں صاحب ہٹھاڑ تحصیل و ضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری ہے کہ میری دختر نیکاں بی بی تاریخ پیدائش 15-4-1985 کا اندراج پیدائش لاعلمی کی بنا پر متعلقہ یونین کونسل میں نہ ہو سکا ہے اور نہ ہی درخواستی یا درخواستی کے کسی دیگر رشتہ دار نے قبل ازیں پاکستان کی کسی دیگر یونین کونسل یا کسی لوکل گورنمنٹ میں اندراج کروایا ہے۔ درخواستی اب پہلی دفعہ اندراج کروانا چاہتا ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر میعاد دس یوم دفتر مجاز عدالت ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر/ متعلقہ یونین کونسل ہمراہ ثبوت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میعاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب محترمہ نمزا یاسین فیملی وسول جج کاموکی ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ سابقہ و آئندہ ڈاکٹری خرچہ وغیرہ و دلاپانے سامان جہیز

مدعیہ۔ مصباح دختر امان اللہ ذات انصاری ساکن گلی نمبر 29 محلہ فیصل ٹاؤن کاموکے

بنام۔ راشد اقبال ولد محمد اقبال ساکن نزد عالم چوک حافظ آباد روڈ محلہ باٹھ کالونی گوجرانوالہ

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 30/09/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Ndeem Gujjar

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ حال منداں بی بی بیوہ نیامت علی کا انتقال وراثت چک نمبر 39 تھری آر تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں قاسم علی۔ غلام مصطفیٰ پسران ثریا بیگم دختر وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

اشتہار برائے لیٹ اندراج تاریخ پیدائش*

عام اطلاع

میں ریاض احمد ولد مقبول احمد قوم سکنہ مانک کمبوہ جموں وچھل ڈاکخانہ حویلی لکھا، تحصیل دیپالپور، ضلع اوکاڑہ حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ میرے 4 بچوں

(1) رابعیہ ریاض کا اصل تاریخ پیدائش 2008/03/04
(2) ساجدہ ریاض 2013/07/01
(3) رقیہ ریاض 2015/10/12
(4) زاہرہ فاطمہ 2018/10/01 ہے

جو غفلت و لاپرواہی کی وجہ سے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ یونین کونسل میں درج نہ ہو سکی۔

لہذا اب میں اپنے بچوں کی تاریخ پیدائش کا لیٹ اندراج کروانا چاہتا ہوں۔ اگر کسی شخص کو اس تاریخ پیدائش کے اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو وہ 15 دن کے اندر تحریری ثبوت کے ساتھ سیکرٹری یونین کونسل بونگہ صالح 140، تحصیل دیپالپور، ضلع اوکاڑہ کے دفتر میں پیش کرے۔ بصورت دیگر مقررہ مدت کے بعد میری درخواست پر لیٹ اندراج کر دیا جائے گا۔

بعدازاں کوئی اعتراض قابل سماعت نہ ہوگا۔

نام:* ریاض احمد
ولدیت: مقبول احمد*
شناختی کارڈ نمبر: 353014149259-5
موبائل نمبر 03077594863

C/o..RM

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر 75 ر ب/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ صغراں بی بی دختر جمال دین چک نمبر 75 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں جمال دین والد، رضیہ بی بی والدہ، علی محمد خاوند پہلے فوت شدگان، محمد اشرف، محمد اختر، محمد اکرم پسران، سکینہ بیگم، ثریا بی بی، پروین اختر دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر 61 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد حنیف ولد محمد صدیق چک نمبر 61 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد صدیق والد، رشیداں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، رضیہ حنیف بیوہ، ذیشان حنیف، رضوان حنیف پسران، عائشہ حنیف، کنول حنیف، مہوش حنیف، قرۃ العین حنیف دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوپلیمنٹ بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج فوتیدگی

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی شہزاد اشرف ولد محمد اشرف ذات چوہان سکنہ محبّ علی ڈاکخانہ ڈونگہ بونگہ تحصیل و ضلع بہاولنگر نے اپنے والد محمد اشرف ولد فلک شیر سکنہ محبّ علی ڈاکخانہ ڈونگہ بونگہ 10-08-2022 تحصیل و ضلع بہاولنگر کے لیٹ اندراج فوتیدگی کروانے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل کشن گڑھ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں گزاری ہے۔ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو متوفی کی تاریخ وفات 10-08-2022 پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ دفتر یونین کونسل کشن گڑھ یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوپلیمنٹ بہاولنگر میں اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر و اعتراض زیر دستخطی کو دفتر حاضر آ کر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار متوفی کا سرٹیفکیٹ فوتیدگی جاری کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوپلیمنٹ بہاولنگر

Cr..Donga

بعدالت جناب ADLR/ تحصیلدار صاحب منچن آباد

انتقال وراثت موضع کبوتری تحصیل منچن آباد جو کہ شریفاں بی بی بیوہ مہر جان علی ذات بھٹی پتی دار موضع کبوتری تحصیل منچن آباد وفات پا چکی ہے اور متوفیہ کے جائز وارثان میں خاوند پہلے فوت شد تین بیٹے مظہر جان۔ حال نعلین مصطفیٰ۔ حسنین مصطفیٰ اور ایک بیٹی عاقبہ رضا زندہ حیات ہے انکے علاوہ دیگر کوئی اور وارث نہ ہے اب انتقال وراثت بابت منظوری عدالت ھذا میں پیش ہوا اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم عدالت ھذا میں تحریری ثبوت پیش کرے ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Rana Attaullag

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 36 کوٹ فتح محمد شاہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد آصف ولد گاجی سکنہ لکھمیر ڈھڈی تحصیل بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی بیوی مریم بی بی دختر محمد اشرف کی تاریخ پیدائش 01-01-1997 ہے جس کی پیدائش کا بروقت اندراج یونین کونسل میں نہ کروا سکا درخواستی یا اس کے کسی رشتہ دار , عزیز اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل / لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر : ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوپلیمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب محترمہ نمزا یاسین فیملی وسول جج کاموکی ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

مدعیہ۔ کرن شہزادی دختر محمد حسین قوم آرائیں ساکن مسجد گلزار مدینہ گلی نمبر 17 ٹبہ محمد نگر کاموکے

بنام۔ محمد اخلاق ولد محمد ناظر قوم آرائیں ساکن کوٹلی میانی گندووال تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 30/09/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Ndeem Gujjar

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

نے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ڈی پی او اوکاڑہ نے 13 سالہ بچے کو بحفاظت برآمد کرنے پر طیب سعید شہید پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے پولیس ٹیم کی حوصلہ افزائی کی۔ ضلعی پولیس حکام کے مطابق شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ سحر 17

متعلقہ افسران سے بھی درخواستوں پر ہونے والی کارروائی اور پیش رفت کے بارے میں بریفنگ لی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات اور مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور درخواست گزاروں کو بروقت ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ کھلی کچہریوں میں موصول ہونے والی درخواستوں پر مؤثر کارروائی کرتے ہوئے ان کا مقررہ مدت میں ازالہ کیا جائے، تاکہ شہریوں کو سرکاری اداروں سے متعلق مسائل کے حل کے لیے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ سحر 18

پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے وکلاء کو پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کے لیے بہتر اور مناسب سہولیات کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔ بعد ازاں صوبائی وزیرِ قانون رانا محمد اقبال خان اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے بار روم اور کچہری میں ٹف ٹائلز کے منصوبے کا بھی افتتاح کیا۔ نئے چیمبرز اور کچہری میں بنیادی سہولیات کی بہتری سے وکلاء اور سائلین کو قانونی امور کی انجام دہی میں بہتر ماحول میسر آنے کی توقع ہے۔ اس موقع پر صدر قائداعظم پریس کلب چوہدری غلام رسول سمیت وکلاء، سیاسی و سماجی شخصیات اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 19

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

بقیہ سحر 20

پھلوں سے بنے جوس کو ترجیح دیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مزید کہنا تھا کہ عوام خوراک کے متعلق شکایت سوشل میڈیا یا ہیلپ لائن نمبر 1223 پر دیں۔

بعدالت جناب مصباح اسلم صاحبہ سول جج فیملی کورٹ ننکانہ صاحب

دعویٰ: تنسیخ نکاح

عنوان مقدمہ: عذرا فاطمہ بنام محمد پرویز

اشتہار بنام: محمد پرویز ولد محمد عارف ساکن چاہ تلکیرہ گاؤں سید والہ تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 18-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست جانشینی

بشریٰ بیگم بنام عوام الناس

اشتہار منجانب بشریٰ بیگم بیوہ ذوالفقار مہدی ساکن ٹھیکریاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 03-10-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحب جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع ودلاپانے واپسی سامان جہیز: نجمہ بی بی بنام اختر اعجاز: اشتہار بنام اختر اعجاز ولد محمد رمضان قوم چوہان ساکن تلونڈی بھنڈراں تحصیل و ضلع نارووال۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 19-09-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ، بعنوان: مسماۃ سونیا بنام دی ایگزیکٹو انجینئر لیسکو وغیرہ

اشتہار بنام: دی ایگزیکٹو انجینئر لیسکو فیروزوالہ ڈویژن لاہور، دی سب ڈویژن آفیسر لیسکو فیض پور سب ڈویژن لاہور، دی ریونیو آفیسر فیروزوالہ لاہور بنام مدعاعلیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 18-09-2026 اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..FW

﴿عاق نامہ﴾

میں اپنی حقیقی دختر کنزہ سلیم اور زوجہ روبینہ ثمر دختر محمد انور شاہ کو برے کردار، بے راہ روی، غلط چال چلن کی وجہ سے اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ سے میں اور میری فیملی ان کے کسی لین دین قول فعل کے زمہ دار نہ ہونگے

المشتہر

سلیم اللہ ولد علم الدین قوم ہاشمی ساکن قریشی ہاشمی ساکن موضع جیٹھ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

Cr..Imam Din

﴿عاق نامہ﴾

میں اپنے حقیقی پسران۔ 1 امجد 2 صفدر 3 بشیر 4 افضال کو نافرمانی بری حرکات غلط چال چلن کی وجہ سے آپنی منقولہ غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ سے میں اور میری فیملی ان کے کسی لین دین قول فعل کے زمہ دار نہ ہونگے

المشتہر نور احمد عرف اقبال قوم آرائیں موضع کوڑے جوڑے تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

Cr..Imam Din

بقیہ سحر 21

بعد کی تصویر سینڈ کریں اور ورکرز کی حاضری بھی چیک کی اسسٹنٹ کمشنر نے بلوکی ورکاں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کا دورہ کیا سکول میں ٹیچرز نے سکول کی بچیوں سے صحن کی صفائی کروا رہی تھیں اور سکول کی بچیوں کو بینچ پر بیٹھانے کی بجائے فرش پر بٹھایا ہوا تھا۔

بقیہ سحر 22

کہا ہے کہ کاروبار زندگی کی ضروریات پوری کرنے کا اہم ذریعہ ہے روزگار اور کاروباری مواقع کے بغیر افراد اور خاندان معاشی مشکلات کا شکار ہو کر کرب کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو جاتے ہیں.

بقیہ سحر 23

ترجیح ہونی چاہیے جب تک انسان اپنی جسمانی صحت اور بہتری پر بھرپور توجہ نہیں دیتا اس وقت تک پیچیدہ اور مختلف نوعیت کے جسمانی امراض پیدا ہونے کے امکانات برقرار رہتے ہیں انسانی جسم میں قدرت نے بیماریوں اور مشکلات کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھی ہے۔

بقیہ سحر 24

کے قومی مسائل تعلیم، صحت، روزگار اور انصاف کے ساتھ معیشت کی بحالی ، بنیادی انسانی حقوق کی پاسداری، جمہوری اصلاحات اور دہشت گردی و انتہا پسندی کے خاتمے کو موضوع بحث بنایا جائے۔ ملک وقوم کو لسانی اور گروہی تقسیم کے بجائے وفاق سے جوڑنے کا بیانیہ بنائیں جس میں پاکستان اور عوام کی بہتری ہے۔

بقیہ سحر 25

آزاد ادارے، قانون کی حکمرانی، شفاف طرزِ حکمرانی اور عوام کے منتخب مینڈیٹ کا احترام یقینی بنایا جائے۔ سیاسی اختلاف جمہوریت کا حسن ہے، اسے تصادم میں تبدیل کرنے کے بجائے مکالمے، برداشت اور باہمی احترام کے ذریعے قومی اتفاقِ رائے میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی منظر نامے میں جمہوریت کو نئی ٹیکنالوجی کے ساتھ نئے امکانات اور نئے چیلنجز کا سامنا ہے۔ رواں برس یوم جمہوریت کا عالمی موضوع مصنوعی ذہانت اور بہتر حکمرانی اس حقیقت کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ ٹیکنالوجی کو عوامی فلاح اور ریاستی نظام میں بہتری کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 26

خاں بلوچ مرحوم کی صحافیوں کے لیے خدمات پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ سینئر صحافی طارق خاں بلوچ کے درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔

بقیہ سحر 27

کھیتوں میں لیجا کر زبردستی اُسے جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ صدر پولیس نے متاثرہ لڑکی کے چچا کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔

بعدالت جناب مسز طاہرہ پروین صاحبہ سول جج درجہ اوّل ننکانہ صاحب

مرمعہ دعویٰ استقرار حق وغیرہ

عنوان مقدمہ: طارق محمود بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

اشتہار بنام: فضل محمد ولد رحمت اللہ قوم جٹ متوفی بذریعہ وارثان عبدالقیوم، ذوالفقار علی، عبدالرزاق، محمد آصف اقبال پسران، حنیفاں بیگم، نسیم اختر، شمیم اختر، بشریٰ اصغر دختران فضل محمد ساکنان چک نمبر 43/RB تحصیل سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 22-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ شاہدہ پروین زوجہ محمد فاروق ساکن نور جمال تحصیل کھاریاں ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہس میری بیٹی ہماء فروا دختر محمد فاروق ولد برکت علی تاریخ پیدائش 27-08-1997 کا لیٹ اندراج یونین کونسل فتہ بھنڈ میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب تحصیلدار/ADLR صاحب پسرور

تصدیق وراثتی انتقال واقع موضع رتا جھٹول تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ عنوان بالا کے تحت انتقال وراثت متوفی عبدالرحمن ولد اللہ دتہ روبرو بغرض تصدیق پیش کیا گیا۔ اللہ دتہ والد۔ رسول بی بی والدہ۔ عباس احمد بیٹا (پہلے فوت شد)۔ حال وارثان میں (شگفتہ رانی بیوہ۔ رضوان احمد۔ سعد عباس پسران۔ ندا فردوس۔ ثناء عباس دختران عباس احمد متوفی)۔ حمیداں بی بی بیوہ۔ ظفر احمد۔ ساجد عمران پسران۔ بلقیس مبشر۔ شاہدہ عبدالرحمان۔ زاہدہ نعیم دختران عبدالرحمن متوفی موضع کے وارثان ظاہر ہیں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے اگر اس کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 (سات) یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ، بعنوان: سمیرا بی بی بنام لیسکو وغیرہ

اشتہار بنام: لیسکو چیف بذریعہ، SDO لیسکو سب ڈویژن علی پارک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، RO لیسکو ڈویژن فیروز والہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 18-09-2026 اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..FW

بعدالت جناب امتیاز احمد نور صاحب سینئر سول جج جہلم

دعویٰ دلاپانے خرچہ سامان جہیز وغیرہ عنوان مقدمہ نفیسہ بیگم بنام عثمان عباس اخبار اشتہار بنام عثمان عباس ولد محمد عباس ساکن واسو تحصیل و ضلع منڈی بہاؤالدین۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 24-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 28

پاک فوج نے ہمیشہ ملک پاکستان کی خدمت کیلئے اپنا کردار ادا کیا، ہمیں اپنے بچوں کو پاک فوج میں بھرتی کرنا چاہیے اور بچوں میں جذبہ پیدا کرنا چاہیے کہ وہ مستقبل میں اپنے ملک کی خدمت اور دفاع کیلئے ہر ممکن قدم اٹھائیں، انہوں پاکستان، سعودیہ، ترکی معاہدہ پر فیلڈ مارشل چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کیا، معروف روحانی شخصیت پیر قاری غیاث القمر حسین سجادہ نشین آستانہ عالیہ الوردی شریف نے دعا کی کہ اللہ تعالی پاکستان کو ہمیشہ قائم و قائم رکھے اور ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھانے کی توفیق عطا فرمائے

بقیہ سحر 29

عبدالکریم کے ویژن کے مطابق شہریوں کو انصاف کی فراہمی اور انکی مشکلات کا بروقت ازالہ پنجاب پولیس کی اولین ترجیح اور نصب العین ہے اس سلسلہ میں شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری ازالہ کے لیے بلا تفریق انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ پولیس مخلوق خدا کی خدمت کے جذبہ سے سرشار جہاں جرائم پیشہ افراد کے خلاف نبرد آما ہیں وہیں۔

بقیہ سحر 30

سی او ضلع کونسل، میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر محمد زبیر اور دیگر افسران موجود تھے۔ کمشنر نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے ڈاکومنٹیشن طلب کرتے ہوئیمزید محکمانہ کارروائی کے لیا علی صوبائی حکام کو بھجوانے کا فیصلہ کیا۔ کمشنر فیصل آباد نے بتایا کہ پارکنگ پلازہ کی تعمیر سے نہ صرف شہریوں اور تاجروں کو محفوظ اور معیاری پارکنگ کی سہولت میسر آئے گی بلکہ ٹریفک کے دباؤ میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔

بقیہ سحر 31

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کڑک محمدی شریف، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول بھوانہ اور چک نمبر 186 ج ب میں گورنمنٹ ماڈل پرائمری سکول کا معائنہ کیا۔ انہوں نے سکولوں میں طالبات وطلباء کو فراہم کی جانے والی سہولیات، جاری تعمیراتی و تدریسی امور، بجلی، پانی، واش رومز، صفائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

بقیہ سحر 32

بارشی پانی کی مکمل نکاسی یقینی نہیں بنالی جاتی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ نشیبی علاقوں، اہم شاہراہوں اور شہری آبادیوں میں نکاسی آب کے کام کی مسلسل نگرانی کی جائے اور کسی بھی شکایت پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود عملے کو ضروری مشینری اور دیگر دستیاب وسائل مؤثر انداز میں استعمال کرنے کی بھی ہدایت کی تا کہ شہریوں کو جلد از جلد ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ سحر 33

کے لیے جاری خدمات کو مزید تقویت ملے گی۔ یہ تقریب میر سید بابر علی ترمذی کی امن، بین المذاہب ہم آہنگی، سماجی رواداری اور انسانی حقوق کے فروغ کے لیے مسلسل کاوشوں اور قابلِ قدر خدمات کے اعتراف میں عمل میں لائی گئی ہے۔ انہوں نے ہمیشہ سماجی ہم آہنگی، بین المذاہب رواداری اور انسانی حقوق کے فروغ کے لیے عملی کردار ادا کیا ہے۔ قومی امن کمیٹی نے امید ظاہر کی ہے کہ میر سید بابر علی ترمذی ملتان ڈویژن میں تنظیمی امور کو مزید مضبوط بنانے، امن و رواداری کے پیغام کو عام کرنے اور مثبت سماجی تبدیلیوں کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ کمیٹی کے ترجمان نے کہا کہ میر سید بابر علی ترمذی کی قیادت میں ملتان ڈویژن میں تنظیمی سرگرمیوں کو وسعت دی جائے گی اور امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی حقوق کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بعدالت جناب حاجی فرقان سرور صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 6463 مورخہ 01-09-26 سال 2026ء ۔ دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ یاسر محمود وغیرہ بنام فقیر حسین۔ اخبار اشتہار بنام۔ فقیر حسین ولد ہدایت خاں قوم راجپوت ساکن جھبراں، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 24-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سینئر سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ تنسیخ نکاح

علیشبہ دختر قمر زمان بنام نعمان اشرف ولد محمد اشرف ساکن محلّہ نواں ٹھٹھہ سید نگر تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 21-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ معہ دلاپانے سامان جہیز: فیضہ بی بی بنام محمد کبریا عباس: اشتہار بنام محمد کبریا عباس ولد عباس علی قوم جٹ ساکن کالیوالی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 21-09-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

اطلاع عام

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر ثالثی و مصالحتی کونسل یونین کونسل نمبر 10 قیصر ٹاؤن شاہدرہ ٹاؤن لاہور مقدمہ طلاق زیریں دفعہ 8 مسلم عالی قوانین مجریہ 1961 فریق اول مسماۃ عائشہ فیاض دختر فیاض الدین ملک ساکن نزدیک نمک منڈی مکان نمبر 69 محلّہ سریرتن چاند بانساں والا بازار لاہور فریق دوئم مسمی فیصل ایاز ولد ایاز الدین ساکن مکان نمبر 1 محلّہ شہاب کالونی سمن آباد لاہور مقدمہ بالا میں فریق دوئم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ اس سے پیشتر بھی متعدد بار نوٹس حاضری دستی بذریعہ ڈاک جاری ہوئے آپ باوجود تعمیل کے عدم حاضر ہوئے لہٰذا اشتہار اخبار آپ کو آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 19-09-2026 کو عدالت میں بمعہ ثالث ہو کر اپنا موقف واضح کریں ورنہ حسب ضابطہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع عنوان مقدمہ صباء ساجد بنام حسن علی اخبار اشتہار بنام حسن علی ولد راجہ شکیل احمد ساکن پنڈ رتوال ڈاکخانہ کالا دیو تحصیل و ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 25-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 34

لیے ٹی ایچ کیو ہسپتال چونڈہ منتقل کر دیا گیا، ریسکیو کارروائی مکمل کر لی گئی۔ واقعے کے بعد بڈیانہ پولیس مصروف تفتیش ہے، پولیس کی جانب سے واقعے کے محرکات اور ملزم کی تلاش کے حوالے سے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ سحر 35

شہر ننکانہ صاحب کے عظیم سپوت نوجوان کھلاڑی موسیٰ عباس کھوکھر کو اللہ کریم محمد و آلِ محمد کے صدقے دن دگنی رات چوگنی ترقی اور شاندار کامیابیوں سے سرفراز فرمائے ایسے نوجوان اپنے علاقے شہر اور صوبے کا نام اقوام عالم میں روشن کرتے ہیں اور خوب سپورٹس کے میدان میں محنت کرتے ہوئے ملک وقوم کا وقار اور عزت کو سربلند کرنے کے لیے اپنا قومی اور ملی کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اہل علاقہ کی نامور شخصیات نے اپنے پیغام میں کہا کہ ہمیں دلی طور پر بڑی خوشی اور فخر محسوس ہوا کہ ہمارے شہر کا نوجوان کھلاڑی پاکستان کی فٹبال ٹیم میں ملک وملت کا نام روشن کرے گا

بقیہ سحر 36

والی ہر میلی آنکھ کو پھوڑنے کے لیے پاکستان کا ہر ایک بچہ اور بالخصوص بزنس کمیونٹی اور مسلم لیگ ن کے غیور کارکنان اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے کو تیار ہیں۔ اہم نکات: *شدید مذمت: حوثیوں کا حملہ نہ صرف سعودی عرب کی خودمختاری پر حملہ ہے بلکہ یہ پوری امتِ مسلمہ کے قلب پر وار کے مترادف ہے۔ *پاک سعودی لازوال رشتے: پاکستان اور سعودی عرب کا رشتہ کسی سفارتی پروٹوکول کا محتاج نہیں، بلکہ یہ عقیدت، بھائی چارے اور با اعتماد دوستی کا وہ رشتہ ہے جو وقت کی ہر آزمائش پر پورا اترا ہے۔ * عملی شرکت کا اعلان: رانا محمد اشرف نے جذباتی عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ: <"جب بھی سعودی عرب کو ہماری ضرورت پڑے گی، ہم بغیر کسی تاخیر کے اگلے بارڈر پر جا کر جنگ لڑیں گے۔ ہمارا خون، ہماری جانیں اور ہمارے پاکستانی بھائیوں کا ایک ایک قطرہ خادم حرمین شریفین اور ارضِ مقدس کے دفاع کے لیے حاضر ہے۔" *فوری لبیک: جب بھی سعودی قیادت کی طرف سے آواز دی جائے گی، پاکستان کا یہ وفادار طبقہ ایک لمحے کی تاخیر کیے بغیر لبیک کہے گا۔

بعدالت جناب محترمہ عفاف اسلم صاحبہ سینئر سول جج (فیملی ڈویژن) ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 356/3 مورخہ 04-09-26 سال 2026ء۔ درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین۔ عنوان مقدمہ۔ مسماۃ تہمینہ طلعت بنام عوام الناس وغیرہ۔ پتہ سائلہ۔ مسماۃ تہمینہ طلعت دختر میاں مختار احمد ذات سپراء جٹ ساکن نشیمن پارک فیز II، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) عوام الناس (2) سلطان احمد ولد سراج احمد ذات جٹ ہنجرا ساکن محلّہ رحمان آباد، تحصیل و ضلع چنیوٹ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 19-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے محمد علی ولد محمد ارشاد کو بوجہ نافرمانی، بدزبانی، غلط حرکات اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتی ہوں، میں آئندہ اس کے کسی قول فعل لین دین کی زمہ دار نہ ہوں، المشتہر۔ رضیہ بی بی بیوہ محمد ارشاد سکنہ نئی آبادی ملک پور تحصیل و ضلع پاکپتن

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب یاسر مشتاق ساہی صاحب سول جج گوجرانوالہ،

درخواست حصول سرٹیفکیٹ جانشینی

منجانب ماریہ ندیم بیوہ ندیم ساکن گلی ورکاں والی جی ٹی روڈ محلّہ رانا کالونی گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 03-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب چیئرمین ایڈمنسٹریٹر صاحب ثالثی ومصالحتی کونسل یونین کونسل نمبر 16 راوی ریان مرید کے

فریق اوّل: ثمینہ بی بی دختر محمد ایوب سکنہ ریانپورہ مرید کے شیخوپورہ

فریق دوئم: محمد اشرف ولد احمد علی سکنہ مین بازار ریانپورہ تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ

آپ کو متعدد بار دفتر یونین طلب کیا گیا آپ مسلسل غیر حاضر آئے۔ آپ کو آخری بار بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 19-09-2026 کو دفتر یونین کونسل اصالتاً وکالتاً حاضر آئیں غیر حاضری کی صورت میں آپ کیخلاف یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..FW

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع، بعنوان: شمیم بی بی بنام نثار احمد

اشتہار بنام: نثار احمد ولد خوشی محمد ساکن چک نمبر 4/1L ڈاکخانہ خاص تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑا بنام مدعاعلیہ۔ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 05-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع عنوان مقدمہ عاصمہ عمران بنام عمران علی اخبار اشتہار بنام عمران علی ولد سکندر حیات ساکن ڈوگرے کلاں ڈاکخانہ باٹا پور تحصیل لاہور کینٹ ضلع لاہور۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 30-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 37

مہر محمد امیر ارائیں شامل تھے نے اپنے خطابات میں کہا کہ تحصیل بھیرہ کی ارائیں برادری کا اجتماع وقت کی اہم ضرورت ہے اپس کے اختلافات ختم کر کے بطور قوم ترقی کے راستے پر گامزن ہوا جا سکتا ہے

تقریب کے اختتام پر پروفیسر مہر قاری محمد صدیق ارائیں نے دعا کرواء

بقیہ سحر 38

شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین، اساتذہ اور طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے حرمین شریفین سے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کرتے ہوئے حملوں کے خلاف شدید احتجاج اور نعرے بازی کی۔ احتجاجی ریلی حراء چوک سے شروع ہوئی اور شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی گول چکر پہنچی، جہاں ریلی اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر خواتین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر حرمین شریفین کے تحفظ اور امت مسلمہ کے اتحاد کے حوالے سے نعرے درج تھے۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ حرمین شریفین ہر مسلمان کے لیے انتہائی مقدس اور عقیدت کا مرکز ہیں اور ان کا تحفظ ہر مسلمان اپنے ایمان کا حصہ سمجھتا ہے۔ انہوں نے حرمین شریفین پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مقدس مقامات کی طرف اٹھنے والی ہر میلی آنکھ اور بڑھنے والے ہر ہاتھ کے خلاف پوری امت متحد ہے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ مسلمان حرمین شریفین کے تقدس اور تحفظ کے لیے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ انہوں نے امت مسلمہ پر زور دیا کہ وہ باہمی اتحاد و یکجہتی کو فروغ دیں اور مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر اپنا کردار ادا کریں۔ ریلی کے اختتام پر ملکی امن و سلامتی، حرمین شریفین کے تحفظ، امت مسلمہ کے اتحاد اور عالم اسلام کی سربلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ سحر 39

معاویہ اولکھ۔ فیصل افتخار معاذ چیمہ۔ حاجی اللہ رکھا۔ ناصر مغل۔ رانا تبسم محسن۔ احسان مغل۔ چاند کھوکھر۔ نوید چغتائی۔ عاطف بھٹی۔ عمران اشرف۔ ثاقب پرویز بٹ۔ رمضان ککے زئی۔ تنور ککے زئی۔ امیر معاویہ سلیریا۔ سیٹھ نادر سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 41

کے وفد محمد اسلم وٹو / چوہدری ساجد ثناء تفہیم اور محمد آصف سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ۔ وہ صوبائی محتسب اعلی محترمہ عائشہ حامد کے ویژن کے مطابق کھلی کچہری میں عوام الناس کی شکایات سننے اور ان کے ازالے کے لیے آپ کی دہلیز پر حاضر ہوا ہوں۔ نوے روز میں فیصلہ کرنا ہوتا ہے یہاں مکمل طور پر میرٹ پر فیصلہ کیا جاتا ہے رشوت اور سفارش کا کوئی تصور نہیں ہے کسی بھی شہری کو کسی بھی صوبائی محکمہ سے کوئی شکایت ہے تو وہ خود دفتر اوکاڑا میں حاضر ہو سکتا ہے ڈاک کے ذریعے اپنی تحریری درخواست بھیج سکتا ہے یا کہ دیئے گئے نمبر پر بھی اپنی کمپلیں درج کروا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 42

ایس ایچ او چوہدری ہاشم نے کہا کہ عوام کو چاہیے کہ اگر ان کے اردگرد کوئی مشکوک شخص یا مشکوک سرگرمی نظر آئے تو فوری طور پر پولیس کو اطلاع دیں تاکہ کسی بھی ممکنہ جرم کو بروقت روکا جا سکے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل یا رکشہ نہ دیں، تاکہ وہ ٹریفک حادثات کا شکار ہونے سے محفوظ رہیں۔

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل و ضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ علی شیر ولد فیض احمد قوم وٹو سکنہ محلّہ صوفیہ آباد پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ ان کے بچوں عبدالرحمٰن، عجوہ فاطمہ، مرحا فاطمہ کے پیدائشی سرٹیفکیٹ پر والدہ کا شناختی کارڈ نمبر درج نہ شناختی کارڈ نمبر درج نہ ہے، شناختی کارڈ نمبر 3640217966663 درج کیا جانا قانونی امر ہے،

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب ربیعہ جمیل صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ،

اپیل فیملی

قیصر اقبال مسیح ولد جاوید اقبال بنام سحرش زوجہ قیصر اقبال مسیح دختر اشکناز الحق، جیسکا گل نابالغ دختر قیصر اقبال مسیح اقوام کرسچن ساکن سیالکوٹ روڈ محلّہ عزیز کالونی گلی نمبر 4 کھوکھر کی گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 09-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب چیئرمین ایڈمنسٹریٹر صاحب ثالثی ومصالحتی کونسل یونین کونسل نمبر 16 راوی ریان مرید کے

فریق اوّل: آمنہ شہزادی دختر محمد الیاس سکنہ راوی ریان نزد مسجد ابوبکر صدیق مرید کے ضلع شیخوپورہ

فریق دوئم: عظیم خان ولد شیر افضل خان سکنہ G-216-B جامع مسجد اقصیٰ چائنہ سکیم گجر پورہ لاہور آپ کو متعدد بار دفتر یونین طلب کیا گیا آپ مسلسل غیر حاضر آئے۔ آپ کو آخری بار بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 19-09-2026 کو دفتر یونین کونسل اصالتاً وکالتاً حاضر آئیں غیر حاضری کی صورت میں آپ کے خلاف یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..FW

بعدالت جناب نوید انجم صاحب سول جج فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی، بعنوان: کاشف حمید بنام عوام الناس وغیرہ

کاشف حمید ولد عبدالحمید چوہدری سکنہ شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 19-09-2026 کو اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رانا محمد تنویر انور صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع عنوان مقدمہ صائمہ پروین بنام عبدالقدیر اخبار اشتہار بنام عبدالقدیر ولد محمد دین ساکن بستی آڈھوجہ گوٹھ درگاہی تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 05-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 1

حرکت کی جس کے نتیجے میں دونوں بحری جہازوں کے درمیان ٹکر ہوئی، بھارتی کارروائی بین الاقوامی قانون اور 1991 کے دوطرفہ معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے، پاکستان نے بھارتی ناظم الامور کو طلب کیا اور بھارتی بحری جہاز کے پاک بحریہ کے جہاز کو ٹکر مارنے سمیت بھارتی بحریہ کی اشتعال انگیزی پر شدید احتجاج ریکارڈ کرایا، بھارت جنوبی ایشیا کو مزید عدم استحکام سے دوچار کرنے والی غیر ذمہ دارانہ کارروائیوں سے باز رہے۔ جمعرات کو ہفتہ وار پریس بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان مشرق وسطی میں جاری حوثی حملوں سے پیدا ہونے والی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے مکہ مکرمہ اور مقامات مقدسہ پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے تمام فریقوں پر تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیا ہے

بقیہ سحر 2

ہے۔ وزیر توانائی خیبر پختونخوا نزیر احمد عباسی نے کہا کہ ای اینڈ پی سرگرمیوں کے تحفظ کے لیے صوبائی حکومت مکمل تعاون کرے گی۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت ہے کہ عوام کی فلاح اور ریاست کے مفاد کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔ وزیر توانائی خیبر پختونخوا نے کہا کہ ایل پی جی پالیسی کے تحت پہاڑی علاقوں کے لیے مختص 10 فیصد کوٹے کا موثر استعمال پر صوبائی ایل پی جی کمپنی قائم کرنے کی تجویز دی، خیبر پختونخوا میں تیل و گیس کی تلاش بڑھانے سے صوبائی رائلٹی میں اضافہ ہوگا۔ وزیر توانائی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کنوؤں کی کامیابی کی شرح عالمی اوسط سے زیادہ ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ جنگ کے باعث گیس کی فراہمی دباؤ کا شکار ہے، صورتحال بہتر ہونے پر تقسیم کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے پہاڑی علاقوں کے لیے 10 فیصد ایل پی جی کوٹے کے استعمال کی تجویز دی۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے توانائی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے، عوامی فلاح کو سیاست سے بالاتر رکھنا ہوگا۔ وزیر توانائی خیبر پختونخوا نذیر احمد عباسی نے کہا کہ مسائل حل کرنے کے لیے مل بیٹھ کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ سحر 3

پر بات چیت میں خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق دونوں ممالک کے باہمی دلچسپی کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ قبل ازیں چینی وزیر خارجہ وانگ یی سے ملاقات کے دوران ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ تہران نے خطے میں امن و امان کی بحالی کے لئے پڑوسی ممالک کے ساتھ مذاکرات شروع کیے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عراقچی نے کہا کہ وہ ایرانی عوام کے ناقابل تنسیخ حقوق کے تحفظ کے لئے خطے میں امن کی بحالی اور پڑوسی ممالک کے ساتھ دوستانہ و پرامن تعلقات کے فروغ کے خواہاں ہیں۔ اس موقع پر چین نے امریکا اور ایران پر زور دیا کہ وہ مزید کشیدگی سے گریز کرتے ہوئے مذاکرات کی طرف واپس آئیں۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا کہ چین نہیں چاہتا کہ خطے میں کشیدگی مزید بڑھے اور یمن و بحیرہ احمر تک پھیل جائے۔ وانگ ای نے امریکا اور ایران سے زیر التوا معاملات پر بامعنی مذاکرات کرنے اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت طے پانے والے اتفاق رائے کی بنیاد پر مذاکراتی فریم ورک بحال کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان جاری تنازع کسی بھی فریق کے مفاد میں نہیں۔

بقیہ سحر 4

قیام کے بعد امریکا کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے

بقیہ سحر 5

دیا۔ فیکٹ چیکر وزارت اطلاعات و نشریات نے جمعرات کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم "ایکس" پر اپنی ایک پوسٹ میں کہا کہ سوشل میڈیا پر زیر گردش مذکورہ نوٹیفکیشن جعلی اور گمراہ کن ہے، عوام ایسے مواد پر یقین نہ کریں اور نہ ہی اسے آگے شیئر کریں۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ مستند نوٹیفکیشنز اور سرکاری اعلانات کے لیے حکومت کے سرکاری ذرائع سے رجوع کیا جائے۔

بقیہ سحر 6

طور پر ابھرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دانش یونیورسٹی میں داخلوں کیلئے پورے پاکستان سے باصلاحیت طلبہ کا انتخاب میرٹ پر کیا جائے گا۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ دانش یونیورسٹی میں مختلف فیکلٹی آسامیوں کیلئے اب تک 185 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں، دانش یونیورسٹی کیلئے بہترین اور باصلاحیت فیکلٹی کے انتخاب کا عمل جاری ہے۔ بتایا گیا کہ ایف ایس سی اور اے لیول کے دوسرے سال میں زیر تعلیم طلبہ کو دانش یونیورسٹی کے ورچوئل سکول کیلئے ٹیلنٹ ہنٹ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے

بقیہ سحر 7

میں آگ لگنے کے دوران نرس نے بچی کو بچالیا تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سانحہ پمز کی تحقیقاتی رپورٹ جاری کی گئی جس میں 14 نومولود بچوں کی المناک موت کو انتظامی ناکامی قرار دیا گیا اور عملے کو کلین چٹ دے دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق فرنٹ لائن عملے نے بچوں کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑا، چارج نرس نسرین اختر، سیکیورٹی گارڈ ماریہ سلیم اور اسٹاف نرس رضیہ نورین نے چند لمحوں میں بچوں کو بچانے کی کارروائی کی، نرس رضیہ نورین نے ایک نومولود کو بچایا اور دوبارہ نرسری میں داخل ہونے کی کوشش کی۔

بقیہ سحر 8

انہوں نے کہا کہ 60 گرین بسوں سے سروس کا آغاز کیا جارہا ہے، جلد 160 بسیں چلیں گی۔ وزیر اعلی پنجاب نے کہا کہ گرین بس کا کرایہ 20 روپے ہے، جبکہ طلبہ، خواتین، بزرگوں اور معذور افراد کے لیے مکمل فری ہے۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ اسپیشل افراد کے لیے خصوصی وین بنائی گئی ہیں اور ایئر کنڈیشن بسوں میں فری وائی فائی، سی سی ٹی وی کیمرے لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال میں پنجاب کے ہر ضلع میں گرین بسیں چلیں گی، 3 ہزار الیکٹرک بسیں عوام کی خدمت کے لیے موجود رہیں گی جبکہ طلبہ کو 1 لاکھ الیکٹرک بائیکس دیں گے۔ وزیر اعلی پنجاب نے کہا کہ ایسے علاقوں میں گرین بسیں چلا رہے ہیں جہاں عوام نے سرکاری ٹرانسپورٹ کا نام بھی نہیں سنا تھا۔

بقیہ سحر 9

ہوا جس میں سکول ایجوکیشن پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ دوران اجلاس وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے کلاس نہم کے امتحانی نتائج پر خفگی کا اظہار کیا اور خراب امتحانی نتائج کے حامل اساتذہ کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے نیا آرڈیننس لانے کے فیصلہ کیا۔ اجلاس میں طلبہ کے امتحانی نتائج کو اساتذہ کی کارکردگی سے منسلک کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ اجلاس میں ہر کلاس میں ماہانہ اور سالانہ امتحان شروع کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا، اگلے ہفتے مکمل ٹائم لائن اور ریفارمز پلان پیش کرنے کی ہدایت کی گئی، نویں کلاس کے 20 فیصد سے کم رزلٹ پر فوری ایکشن کا حکم دیا گیا ہے

بقیہ سحر 10

توسیع کی درخواست کریگا، مجوزہ 10 ارب ڈالر کی ایکسچینج سٹیبلائزیشن سہولت کے حوالے سے امریکا سے دو ماہ کے اندر جواب موصول ہونے کی توقع ہے، آئی ایم ایف سے اضافی فنانسنگ یا ہنگامی معاونت حاصل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے دیئے گئے انٹرویو میں وزیر خزانہ نے چین کے اپنے ہم منصب اور مرکزی بینک کے گورنر کے ساتھ حالیہ ملاقاتوں کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ چین کے ساتھ 30 ارب یوان کی مکمل سویپ لائن استعمال کی جا چکی ہے تاہم حکومت نے ابھی یہ فیصلہ نہیں کیا کہ سہولت کی تجدید کے وقت مزید کتنی فنانسنگ کی درخواست کی جائے گی، ایک طریقہ کار ہے جس پر عمل کرنا ضروری ہے۔ ہم تجدید کے وقت باضابطہ درخواست دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ انہیں توقع ہے کہ امریکا سے پاکستان کی جانب سے 10 ارب ڈالر کی ایکسچینج سٹیبلائزیشن سہولت کے حصول کی درخواست پر دو ماہ کے اندر جواب مل جائے گا، حکومت امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک اور انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن کے ساتھ بھی بات چیت کر رہی ہے۔ وزیر خزانہ نے امریکا اور چین دونوں سے بیک وقت اضافی مالی معاونت حاصل کرنے کی کوشش کے حوالے سے سوال پر کہا کہ پاکستان امریکا اور چین دونوں کے ساتھ بیک وقت اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین طویل عرصے سے ہمارا سٹریٹجک شراکت دار ہے اور ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ بھی قیادت کی سطح پر ہماری انڈرسٹینڈنگ اور تعلقات بہت اچھے ہیں

بقیہ سحر 11

راب اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی "فرنٹیکس" کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہانس لیٹنس نے الگ الگ ملاقاتیں کی، ملاقاتوں میں غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کیلئے انٹرنیشنل سینٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی کے ساتھ باہمی تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، ملاقات میں غیر قانونی امیگریشن کے سدباب اور بارڈر مینجمنٹ کے لئے مشترکہ اقدامات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ کم وسائل کے باوجود غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا۔ محسن نقوی نے کہا کہ غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کو چیلنج سمجھ کر قبول کیا اور پوری ٹیم نے دن رات محنت کی۔

بقیہ سحر 12

خان نے جمعرات کو وزارت پارلیمانی امور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں رکن قومی اسمبلی چوہدری نصیر احمد عباس سدھو بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے آزاد کشمیر کے نامزد صدر سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پونچھ ڈویژن سے ڈاکٹر نجیب نقی کی نامزدگی خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ نامزدگی علاقائی توازن اور سیاسی شمولیت کے عزم کی عکاس ہے۔ آزاد کشمیر کے تمام علاقوں کو سیاسی نظام میں اہمیت اور نمائندگی دی جا رہی ہے۔ تمام علاقوں کو ساتھ لے کر چلنا ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے ہر خطے کی اہمیت اور کردار کو تسلیم کیا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 13

جاسکتی ہے، نوجوان نسل کو مواقع کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی، حکومت کی اندرونی گفتگو کا محور یہ ہے کہ ایک غریب آدمی کے لیے باوقار زندگی کا فریم ورک لایا جا سکے۔ وہ جمعرات کو لیڈران اسلام آباد بزنس سمٹ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ باوقار زندگی کا مطلب یہ ہے کہ میاں بیوی عزت و وقار کے ساتھ کام کر سکیں، اپنے بچوں کو سکول بھیج سکیں اور انہیں ایسی تعلیم ملے جس سے زندگی کے مواقع کے دروازے ان کے لیے کھل جائیں، اگر صرف غیر معمولی صلاحیت رکھنے والے افراد کے لیے مواقع کے دروازے کھلیں اور باقی لوگ راستے میں گرتے پڑتے چلے جائیں تو یہ باوقار زندگی کی تعریف میں نہیں آتا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ گھر میں کوئی بیمار پڑ جائے تو اسے ہسپتال یا کلینک لے جایا جاسکے اور وہاں مناسب صحت کی سہولت مل سکے، پینے کا صاف پانی دستیاب ہو، درمیانہ سا انفراسٹرکچر، قابل اعتماد یوٹیلیٹیز کا فریم ورک اور ایسی ملازمت جس سے انسان اپنی زندگی گزار سکے،

بقیہ سحر 14

ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پنجاب میں اسٹریٹ موومنٹ پر پابندی کے باوجود لوگ باہر نکلے تھے، پنجاب میں وزیر اعلی اور اراکین اسمبلی کے ساتھ اختیار کیے گئے رویے کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی کو گاڑی میں بٹھا کر کسی چوک پر چھوڑنا انتہائی نامناسب ہے، دوسرے صوبے میں آنے والے وزیر اعلی کی مہمان نوازی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پر امن احتجاج کریں گے، راستے بند نہیں کریں گے اور اشتعال نہیں پھیلائیں گے۔ ہمارے لوگ نہتے ہوں گے اور اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائیں گے۔ پنجاب کے اراکین اسمبلی سخت حالات میں وزیر اعلی کے ساتھ موجود رہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سپریم کورٹ اور آئینی عدالت میں گزشتہ روز ہونے والی سماعت پر افسوس ہوا، عدالتیں ایک دوسرے کو کیسز بھیج رہی ہیں، ایسا فیصلہ تو پنچایت بھی کر سکتی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک قوت بن کر ابھرا ہے، اب معاشی استحکام بھی ہونا چاہیے، جو سب کو یکساں مواقع فراہم کرنے سے ممکن ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ مولانا کے ساتھ ملاقاتیں ہوئی ہیں، تاہم لانگ مارچ کی دعوت نہیں دی۔ حکومت کو اسمبلی اور سینیٹ میں جواب دہ ٹھہرانے کے لیے ملاقات کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی لیوی اور مہنگائی کے خاتمے کے لیے آواز اٹھا رہی ہے، ہم ان کے ساتھ ہیں۔

بقیہ سحر 15

پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات دولت مشترکہ کی پارلیمانی ایسوسی ایشن (سی پی اے) کی 69 ویں کانفرنس کے موقع پر ہوئی۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے سمیت اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں سپیکرز نے تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت کے شعبوں میں تعاون اور پارلیمانی روابط کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان قانون سازی، کمیٹی نظام اور پارلیمانی تجربات کے تبادلے کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ سحر 16

دیئے گئے کہ کنزیومر پرسپشن سروے کے طریقہ کار، معیارات اور شیڈول کو حتمی شکل دے کر سروے فوری طور پر شروع کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے ڈائریکشن دی کہ سروے کے معیارات نیپرا کے مقرر کردہ پیرامیٹرز کے مطابق ہونے چاہئیں تاکہ صارفین کی رائے کو حقیقی معنوں میں اہمیت دی جا سکے۔ اس سے ڈسکوز کی کارکردگی اور خدمات پر صارفین کے اطمینان کا تعین ہوگا، اور سروے کے نتائج مستقبل کی پالیسی سازی میں معاون ثابت ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے احکامات دیے کہ متعلقہ فریقین سروے کی منظوری جلد از جلد مکمل کریں تاکہ عمل بلاتاخیر شروع ہو۔ سروے ہر چھ ماہ بعد لازمی طور پر مکمل کیا جائے، جبکہ سالانہ شیڈول میں کم از کم ایک سروے موسم گرما میں شامل ہو۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ سروے محض انتظامی کارروائی نہیں بلکہ صارفین کی فلاح اور خدمت کے عزم کا عملی مظہر ہے، جس کا مقصد عوام کو فراہم کردہ خدمات میں بہتری لانا ہے۔ وفاقی وزیر نے صارفین سے اپیل کی کہ سروے کے دوران اپنی دیانت دارانہ اور بلاجھجک رائے دیں کیونکہ ان کی سچی رائے ہی ادارے کی کارکردگی میں بہتری کی بنیاد بنے گی اور حکومت اور متعلقہ اداروں کو زیادہ باخبر، شفاف اور دانش مندانہ فیصلے کرنے کے قابل بنائے گی، جس سے بجلی کے شعبہ میں صارفین کے اعتماد اور اطمینان میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ سحر 17

کونسل کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ وفد کی قیادت پاکستان بار کونسل کے وائس چیئرمین پیر محمد مسعود چشتی نے کی۔ وفد نے چیف جسٹس آف پاکستان کو ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن کی دوسالہ پیش رفت رپورٹ برائے 2024-2026 پیش کی اور قانونی تعلیم کا معیار بہتر بنانے اور پیشہ ورانہ معیارات مضبوط کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں قانون کی تعلیم دینے والے اداروں کی نگرانی، نصاب کی بہتری اور وکلا کے لیے مسلسل قانونی تعلیم اور عملی تربیت کے مواقع بڑھانے سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف جسٹس یحیی آفریدی نے کہا کہ مستقبل کے وکلا کی بہتر پیشہ ورانہ تیاری کے لیے بار، قانونی تعلیمی اداروں اور دیگر متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مسلسل تعاون ضروری ہے۔ ملاقات میں پاکستان میں قانونی تعلیم کا معیار مزید بہتر بنانے کے لیے مسلسل ادارہ جاتی روابط اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

بقیہ سحر 18

تربیتی خدمات فراہم کرنے والے اداروں سے پری کوالیفکیشن 2026 کے لئے اظہار دلچسپی طلب کر لیا ہے، نیوٹیک کی جانب سے جاری اشتہار کے مطابق سرکاری و نجی فنی و پیشہ وارانہ تربیتی ادارے، جامعات، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری ادارے اور دیگر اہل ادارے درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔

بقیہ سحر 19

کردیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ نے وکیل ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کی ضمانتیں منظور کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ معطل کردیا۔ عدالت نے دونوں کی ضمانت 2، 2 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکوں کے عوض منظور کی اور کہا کہ ضمانت اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت کیس کے حتمی فیصلے تک دی گئی ہے۔ اس موقع پر جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ دونوں وکیل ہیں، ان کی عزت رکھ رہے ہیں، انہیں بھی کہہ دیں عدالت کے ڈیکورم کا خیال رکھیں، ایک وکیل میں اور ایک عام آدمی میں فرق ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو جنوری 2026 میں سوشل میڈیا پوسٹس سے متعلق کیس میں 17، 17 سال کی سزائیں سنائی گئی تھیں۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو پیکا ایکٹ کے سیکشن 9 کے تحت 5، 5 سال قید اور 50 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا تھا۔ دونوں کو سیکشن 10 کے تحت 10، 10 سال قید اور 3 کروڑ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی جب کہ سیکشن 26 اے کے تحت 2، 2 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا دی گئی تھی۔

بقیہ سحر 20

کا فوری نوٹس لے لیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس اور چیف کمشنر اسلام آباد سے فوری رابطہ کیا اور تحویل میں لیے گئے ادویات کے تمام کنٹینرز کو فوری طور پر ریلیز کرنے کے سخت احکامات جاری کیے۔ محسن نقوی نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ ادویات لانے اور لے جانے والے کنٹینرز اور گاڑیوں کو کسی بھی صورت نہیں روکا جانا چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ پولیس اور انتظامی افسران کو سخت ہدایت کی کہ وہ اس حوالے سے دی جانے والی ہدایات پر من و عن اور فوری عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شہریوں کے لیے ضروری ادویات کی فراہمی بلاتعطل جاری رہے۔

بقیہ سحر 21

، عدالت نے وزیراعظم کو بذریعہ سیکرٹری، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اور وزارت اوورسیز پاکستانیز کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ جسٹس ایاز شوکت نے رضا حسن کی درخواست پر سماعت کا 2 صفحات پر مشتمل حکمنامہ جاری کیا، درخواست گزار کی جانب سے شاہد محمود کھوکھر ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے، درخواست گزار نے بیرون ملک تعیناتی کے طریقہ کار اور اسے پراسس سے نکالے جانے کو چیلنج کیا۔ حکمنامے کے مطابق وکیل نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار رضا حسن نے کیمونٹی ویلفیئر اتاشی 2026 کی آسامی کیلئے آئی بی اے کراچی کا تحریری امتحان پاس کیا، تاہم مطلوبہ اہلیتی سکور حاصل کرنے کے باوجود انہیں انٹرویو کے مرحلے سے خارج کر دیا گیا۔ وکیل کے مطابق درخواست گزار کو انٹرویو سے نکالنا غیر قانونی اور من مانا اقدام ہے، جبکہ بیرون ملک مشنز کیلئے تقرریوں سے متعلق ترمیم شدہ پالیسی گائیڈ لائنز کی بھی خلاف ورزی کی گئی، متعلقہ اتھارٹی نے درخواست گزار کو نوٹس کیے بغیر اور سنے بغیر نام نکال دیا، جبکہ فیصلے کی کوئی وجہ بھی فراہم نہیں کی گئی۔

بقیہ سحر 22

ہارون اختر خان بھی موجود تھے۔ چوہدری آصف محمود نے وزیراعظم کو جاپان میں مقیم پاکستانی برادری کی خدمات، دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کے درمیان روابط اور دوطرفہ تجارت میں اضافے کے امکانات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش مختلف مسائل بھی وزیراعظم کے سامنے پیش کیے اور ان کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات کی درخواست کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جاپان میں پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے، اوورسیز پاکستانیز کی فلاح و بہبود اور پاک جاپان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے چوہدری آصف محمود کی خدمات اور کارکردگی کو سراہا۔ وزیراعظم نے انہیں فوری طور پر شیخ زید ہسپتال کے بورڈ آف گورنرز میں شامل کرنے کے احکامات بھی جاری کیے۔ ملاقات کے دوران چوہدری آصف محمود نے وزیراعظم کو جاپان کے روایتی ثقافتی گھر کا خوبصورت گولڈ پلیٹڈ ماڈل بطور تحفہ پیش کیا۔ جسے وزیراعظم نے قبول کیا اور اسے قواعد و ضوابط کے مطابق توشہ خانہ میں جمع کرانے کی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 23

ٹیبل سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں لندن کے معروف سرمایہ کاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد، وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد اور برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت پاکستان ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔

بقیہ سحر 24

اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق یہ ایوارڈ قومی اسمبلی کے گرین پارلیمنٹ اقدام، دنیا کی پہلی سو فیصد سولر توانائی سے چلنے والی پارلیمان ہونے، پیپر لیس پارلیمانی نظام کی جانب پیشرفت اور دیگر ماحول دوست اقدامات کے اعتراف میں دیا گیا۔ اس موقع پر سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے گرین میس ایوارڈ ملنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ بطور سپیکر قومی اسمبلی یہ ایوارڈ وصول کرنا میرے لئے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز محض ایک ایوارڈ نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لئے صاف اور بہتر ماحول یقینی بنانے کے پارلیمانی عزم کا اعتراف ہے، گرین پارلیمنٹ کی جانب سفر کسی اعزاز کے حصول کیلئے نہیں بلکہ عوام، بچوں اور آنے والی نسلوں کے ساتھ ذمہ داری کے احساس کے تحت شروع کیا گیا۔ سپیکر نے کہا کہ گرین میس ایوارڈ منزل نہیں بلکہ پائیدار ماحول کیلئے مزید اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ ہے، قومی اسمبلی پاکستان نے اپنی توانائی کی ضروریات کے لیے سو فیصد شمسی توانائی اختیار کر رکھی ہے جس کے باعث اسے دنیا کی پہلی سو فیصد سولر توانائی سے چلنے والی پارلیمان کا اعزاز حاصل ہے۔ قومی اسمبلی نے پارلیمانی کارروائی کو ڈیجیٹل بنانے اور کاغذ کے استعمال میں کمی کے لئے الیکٹرانک ٹیبلٹس کے استعمال کے ذریعے پیپر لیس پارلیمانی نظام کی جانب بھی اہم پیش رفت کی ہے

بقیہ سحر 25

سکیم کے حوالے سے شہریوں کے تاثرات سنے۔ وفاقی وزیر نے مسلسل تیسرے روز پٹرول پمپس پر موجود شہریوں سے براہ راست ملاقات کی اور سکیم کے حوالے سے ان کے تاثرات اور مسائل سنے۔ اس موقع پر انہوں نے اعلان کیا کہ وزیراعظم کی خصوصی ہدایات پر عوام کی سہولت کے لیے رجسٹریشن کا میسج بالکل مفت کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ رجسٹریشن کا عمل بتائے گئے باقاعدہ طریقہ کار کے مطابق ہی مکمل کریں تاکہ کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک بھر میں وزیراعظم پٹرول سکیم کامیابی سے عوام کو ریلیف فراہم کر رہی ہے

بقیہ سحر 26

نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد میں دکانیں، مارکیٹیں، شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کر دیے جائیں گے، شادی ہالز، مارکی اور دیگر کمرشل ایکٹیویٹیز رات 10 تک بند ہوں گی، تمام ہوٹل، ریسٹورنٹس، کیفے رات 11 بجے بند کر دیے جائیں گے، کفایت شعاری مہم کی مدت 3 ماہ مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فارمیسی، لیبارٹریز، کلینک، ہسپتال، تندور، پیٹرول پمپس کو استثنیٰ حاصل ہوگا، 50 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کردی جائیں گی، سرکاری گاڑیوں کیلئے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے، ضروری سروسز اور ایف بی آر کی آپریشنل گاڑیاں ایندھن میں کمی سے مستثنیٰ ہوں گی۔

بقیہ سحر 27

پاکستان کی تاریخ میں بھی کسی اور حکومت کو اتنا بڑا ایوارڈ نہیں ملا جو مریم نواز کو مل رہا ہے۔ اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کے تحت 2 لاکھ 2 ہزار 913 گھر بنے ہیں جبکہ 1 لاکھ 18 ہزار 88 گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ 53 ہزار 233 گھر زیر تعمیر ہیں۔ عظمی بخاری نے کہا کہ مستحق اور بے گھر افراد کو اپنی چھت فراہم کرنا مریم نواز کا خواب تھا۔ الحمدللہ صرف دو سال میں مریم نواز 2 لاکھ سے زائد افراد کو اپنی چھت فراہم کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔

بقیہ سحر 28

سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان تاریخی ورثے، متنوع ثقافت اور مذہبی مقامات سے مالا مال ملک ہے، جہاں اسلامی اور مذہبی سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس شعبے کو قومی معیشت کا مؤثر حصہ بنانے کیلئے جامع تحقیق، مربوط حکمت عملی اور وفاقی و صوبائی سطح پر مؤثر تعاون ضروری ہے۔ سپیکر نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ، ثقافت اور مختلف تہذیبوں کا امتزاج اسے سیاحت کے حوالے سے منفرد مقام دیتا ہے۔

بقیہ سحر 29

۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ مکہ معاہدہ نہ بھی ہو تو مقدس مقامات کی حفاظت ہمارا فریضہ ہے، میرا خیال ہے وہ صورتحال آگئی ہے جہاں مکہ معاہدہ نافذ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ ہمارے اوپر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے، تفصیلات میں نہیں جا سکتا لیکن ہم مکہ معاہدے پر عمل کے پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی مزید شدت اختیار کر جاتی ہے اور لڑائی میں توسیع ہوتی ہے تو پاکستان اور ترکیہ واشگاف الفاظ میں عملی اور سفارتی طور پر سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ حوثی سعودی عرب پر حملہ کر رہے ہیں ایسی صورت میں ایران سائیڈ لے تو میری نظر میں عقل مندی والی بات نہیں ہوگی اور اس کے امکانات بھی بہت کم ہیں، ساتھ ہی پاکستان نے بھی پیغام بھجوا دیا ہے اور سعودی عرب نے بھی مطلع کیا ہے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ ایک ایسی صورتحال میں جب ایران کی امریکا اور اسرائیل کے ساتھ خلیج جنگ نازک امن کے ساتھ غیر یقینی کی صورت حال پر کھڑی ہے تو ایسے میں ایک اور نیا محاذ کھولنا یا توسیع دینے کے بجائے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے اس کو بڑھایا نہ جائے اور بڑے خلفشار میں تبدیل نہ کیا جائے۔

بقیہ سحر 30

کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے غریب و متوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی سکیم میں مزید سہولت فراہم کر دی گئی، وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کر دیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ پورے ملک بشمول آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں وزیراعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت عوام تک ریلیف پہنچایا جارہا ہے، پہلے REG لکھ کر، سپیس دے کر، شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا نمبر پلیٹ، رجسٹریشن کے صوبے کے نام کا پہلا حرف اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ 9771 پر مفت میسج کرنے سے سکیم میں رجسٹریشن ہوگی، فیول سبسڈی اسکیم کی مکمل تفصیلات اردو ویب سائٹ www.pmfuelrelief.pk پر بھی دستیاب ہیں

بقیہ سحر 31

۔ پاکستان اور چین نے اپنی مشترکہ سرحد کے انتظام کے لیے ایک نیا مشترکہ کمیشن فعال کر دیا ہے جسے دونوں ممالک نے دوطرفہ تعلقات میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق یہ پلیٹ فارم سرحدی انتظام، تجارت، مشترکہ سروے اور عوامی روابط کے فروغ میں مدد دے گا۔ یہ کمیشن 2013 میں پاکستان اور چین کے درمیان طے پانے والے سرحدی انتظام کے معاہدے کے تحت قائم کیا گیا تھا، تاہم اب اسے باقاعدہ طور پر فعال کیا گیا ہے، اس کے ذریعے سرحدی نشانات کی دیکھ بھال، سرحد پار سہولیات کے انتظام، مشترکہ جائزوں اور دیگر عملی امور پر رابطہ کاری کی جائے گی۔ حکام کے مطابق اس اقدام سے خنجراب گزرگاہ کے ذریعے ہونے والی آمدورفت، تجارت اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے جڑے معاملات میں تعاون مزید مضبوط ہو سکے گا۔ پاکستان اور چین کا نیا کمیشن کسی سرحدی تنازع سے متعلق نہیں بلکہ پہلے سے متعین سرحد کے انتظام اور عملی مسائل کے حل کے لیے قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 32

اسمبلی کے قیام اور شہری و دیہی علاقوں کے مسائل کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے کہا کہ ملک کی آبادی میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے جبکہ انتظامی ڈھانچہ بدستور پرانا ہے، موجودہ نظام کے تحت عوام کو مؤثر سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کے مسائل کا بروقت حل مشکل ہو گیا ہے، ملکی استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے مزید صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو صوبائی حیثیت دینا بھی ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے شہری اور دیہی علاقوں کی بڑی آبادی آج بھی متعدد بنیادی سہولیات سے محروم ہے، دارالحکومت کی اپنی صوبائی اسمبلی ہونی چاہیے، جہاں عوام کے منتخب نمائندے ان کی آواز اٹھائیں، مقامی مسائل کے حل کے لیے قانون سازی کریں اور تعمیر و ترقی کے عمل کو آگے بڑھائیں۔ چوہدری سالک حسین اور ڈاکٹر محمد امجد نے اسلام آباد سمیت ملک میں مزید صوبوں کے قیام کے لیے پاکستان مسلم لیگ کی بھرپور حمایت کا یقین دلایا۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ کروڑوں افراد پر مشتمل صوبوں کا انتظام مؤثر انداز میں چلانا انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔ دور دراز علاقوں کے شہریوں کو معمولی سرکاری امور کے لیے بھی صوبائی دارالحکومتوں کا سفر کرنا پڑتا ہے، جس سے ان کا قیمتی وقت اور پیسہ ضائع ہوتا ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں بیٹھا محکمہ جاتی سربراہ دور افتادہ علاقوں میں اصلاحات کے مؤثر نفاذ اور عوامی مسائل کی مکمل نگرانی نہیں کر سکتا۔ صوبوں کی تعداد بڑھانے سے انتظامیہ عوام کے قریب آئے گی،

بقیہ سحر 33

کے دوطرفہ تعلقات، اقتصادی تعاون، تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری روابط اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری بورڈ آف انویسٹمنٹ جمیل احمد قریشی، ایڈیشنل سیکرٹری ذوالفقار علی، ڈائریکٹر جنرل عبدالسمیع، ڈائریکٹر جنرل محمود طفیل اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کے دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 34

کی تقسیم نہیں بلکہ ان کی بہتر اور فعال تنظیم کا معاملہ ہے۔ چاروں صوبوں میں نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل اب ناگزیر اور وقت کا اہم تقاضا بن چکی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہمارا مقصد محض سیاست چمکانا نہیں بلکہ عوام کے حقیقی مسائل کا پائیدار حل تلاش کرنا ہے تاکہ ہر شہری کی دہلیز تک تعلیم، صحت اور بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ موجودہ روایتی صوبائی نظام عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور ڈیلیور کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکا ہے۔ دنیا جدید انتظامی اصلاحات کے ساتھ آگے بڑھ چکی ہے جبکہ ہم بدقسمتی سے 80 سال پرانے فرسودہ نظام سے جڑے ہوئے ہیں۔ رہنماؤں نے اس امر پر زور دیا کہ نئے صوبوں کے موضوع پر تمام سٹیک ہولڈرز کے درمیان کھلے دل سے صحت مندانہ مکالمہ ہونا چاہیے اور کسی بھی قسم کے ڈیڈ لاک سے گریز کرنا ہوگا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ اس اہم قومی مسئلے پر تمام سیاسی جماعتوں کی جانب سے نشاندہی اور توجہ خوش آئند ہے۔ دونوں رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ اس معاملے پر جلد کوئی مثبت پیش رفت سامنے آئے گی اور قوم کو جلد اچھی خبریں مل سکتی ہیں۔

بقیہ سحر 35

نے نیا سروے جاری کر دیا۔ سروے میں 35 فیصد نے تعلیمی نظام پر اطمینان کا اظہار کیا اور 29 فیصد نے تعلیمی نظام میں کمرشلائزیشن اور بھاری فیسوں کو مسائل کی بنیادی وجہ کہا۔ سروے میں 19 فیصد نے ناقص معیار تعلیم، 15 فیصد نے تعلیم تک رسائی میں مشکلات جبکہ 14 فیصد نے ناقص امتحانی نظام کو اہم مسائل میں شمار کیا۔ سروے میں 11 فیصد نے فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کی کمی کی جبکہ 9 فیصد نے سیاسی مداخلت کو تعلیمی نظام کے زوال کی وجہ کہا۔

بقیہ سحر 36

طور پر الاٹ کیا گیا ہے۔ سابق ملازم سسٹم کے مطابق وزارت قانون کا لیٹر ہے کہ 60 برس بعد مجھے یہ گھر خالی کرنا ہے، سابق صدر کے پاس پہلے ہی کئی گھر ہیں، انہیں گھر کی ضرورت نہیں۔

بقیہ سحر 37

نے وزیر قانون آفتاب عالم کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں بتایا کہ پولیس ایکٹ 2017 لانے کا مقصد پولیس کو بااختیار بنانا اور سیاسی مداخلت کا خاتمہ تھا۔ افسران نے کہا کہ نئے مجوزہ پولیس ایکٹ 2026 سے پولیس میں سیاسی مداخلت اور اثرورسوخ ہوگا اور اس کے نفاذ کے بعد پولیس فورس بااختیار نہیں رہیگی جب کہ آئی جی کے اختیارات سیاسی قیادت کو منتقل کرنے سے امن و امان کی صورتحال پر منفی اثرات پڑیں گے اور آئی جی پی کا عہدہ بے اختیار ہو جائیگا۔ مجوزہ پولیس ایکٹ 2026 کی سامنے آنے والی تفصیلات کے مطابق ایکٹ کے تحت آئی جی کی تعیناتی وفاقی حکومت کے نامزد افسران میں سے وزیر اعلیٰ کریں گے، کسی ایک نام پر متفق نہ ہونے کی صورت میں وزیر اعلیٰ وفاقی حکوت کو مزید 3 نام بھیجنے کا کہہ سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈی ایس پیز، ڈی پی اوز، ڈی آئی جیز، آر پی اوز اور ایڈیشنل آئی جیز کی تعیناتی اور تبادلے وزیر اعلیٰ کریں گے، پولیس پالیسی بورڈ کی سربراہ آئی جی کے بجائے وزیر اعلیٰ ہوگا جب کہ آپریشنز کی پیشگی منظوری بھی وزیر اعلیٰ سے لی جائے گی۔ وزیر قانون خیبر پختونخوا آفتاب عالم نے نجی ٹی وی سے بات چیت میں بتایا کہ آئی جی سمیت پولیس افسران سے ملاقات ہوئی ہے، پولیس افسران نے کچھ شقوں پر اپنا نقطہ نظر پیش کیا

بقیہ سحر 38

ہے۔ چارج شیٹ میں ایمرجنسی فنڈز کے باوجود عارضی حفاظتی اقدامات نہ کرنیکا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔ چارج شیٹ میں 6 جولائی کے فائر واقعے کے بعد متعلقہ اداروں سے مؤثر رابطہ نہ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر گلہام نواز پر حادثے کی رات نیو نیٹولوجی یونٹ میں موجود نہ رہنے کا الزام عائد کیا گیا ہے، ان کی غیر حاضری کو انتظامی غفلت قرار دیا گیا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر سعدیہ ریاض کے خلاف بھی محکمانہ کارروائی کا بھی آغاز کر دیا گیا ہے، ڈاکٹر سعدیہ ریاض پر نیونیٹولوجی یونٹ میں عملے کی دستیابی اور نگرانی میں ناکامی کا الزام ہے۔ چارج شیٹ کے مطابق محمد عثمان کے خلاف فائر سیفٹی اور سیکیورٹی انتظامات میں ناکامی کا الزام ہے، ان پر 26 اگست کو بغیر منظور شدہ اسٹیشن لیو پر پمز سے غیر حاضر رہنے کا بھی الزام عائد ہے۔ علاوہ ازیں محمد عثمان پر فائر فائٹنگ آلات، ایمرجنسی راستوں اور سیکیورٹی عملے کی تربیت یقینی نہ بنانے کا بھی الزام ہے

بقیہ سحر 39

ترجیحات کو یکجا کرنا اور وسائل و اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنا ناگزیر ہے، حکومت نے مشکل عالمی حالات اور بڑے معاشی جھٹکوں کے باوجود معاشی استحکام حاصل کیا ہے، معیشت کے آگے بڑھانے میں نجی شعبہ کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے، نظام کو عوام کو بہتر معیار کی خدمات فراہم کرنی چاہئیں۔ ڈھانچہ جاتی مسائل کے حل کیلئے ملک کے مجموعی طرز حکمرانی کے نظام کا از سر نو جائزہ لینا اور اسے مؤثر بنانا ضروری ہے۔

بقیہ سحر 40

معاملے کے حل کے لیے ایس آئی ایف سی نے الائیڈ میٹریلز، سندھ ریونیو بورڈ اور ایف بی آر کے درمیان اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کرائے۔ الائیڈ میٹریلز کے ڈائریکٹر سید فیصل علی نے ایس آئی ایف سی کی بروقت معاونت اور مؤثر کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ کاروبار اور سرمایہ کاری کے سہولت کار کے طور پر ایس آئی ایف سی کے ساتھ ہمارا تجربہ انتہائی مثبت اور حوصلہ افزا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کاروباری اداروں اور حکومتی محکموں کے درمیان رکاوٹوں اور مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ سحر 41

خاتمے تک یہ فیصلہ کن جنگ جاری رہے گی اور ریاست دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دفاع اور سلامتی کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے غیر متزلزل حوصلے اور اعتماد کا باعث ہیں، قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح اپنے محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خودمختاری محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ انہوں نے کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ مادر وطن کے تحفظ کی خاطر دی جانے والی قربانیوں کو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

بقیہ سحر 42

کے 17 ویں روز بھارتی ایئرفورس کے طیاروں نے پاکستانی مسافر ٹرین کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں 20 مسافر شہید اور 48 زخمی ہوئے جبکہ پاک فوج کی آرٹلری نے کھیم کرن سیکٹر میں 4 ٹینک تباہ کر دیئے۔ سیالکوٹ سیکٹر میں پاک فوج نے دوطرفہ حملوں میں دشمن کو بھاری جانی و مالی نقصان سے دوچار کیا جس سے بھارت 51 ٹینکوں اور 14 توپوں سے ہاتھ دھو بیٹھا، پاکستان نے بھارت کے 442 ٹینک تباہ کئے اور 17 ٹینکوں کو درست حالت میں قبضہ میں لے لیا۔ پاک فضائیہ کے جہازوں نے سامبا جموں سیکٹر اور بھارتی فضائیہ کے اڈوں، ہلواڑہ اور آدم پورہ پر تابڑ توڑ حملے کرکے ان کی کمر توڑ دی۔ صدر ایوب کا جنگ کے حوالے سے اقوام متحدہ میں موقف تھا کہ مسئلہ کشمیر کے حتمی حل کیلئے مؤثر ذرائع اور طریقے وضع کئے جائیں۔ پاک فوج نے مختلف سیکٹرز میں تقریباً 500 مربع میل بھارتی علاقے پر قبضہ کر لیا، جس میں اکھنور، کھیم کرن اور راجستھان سیکٹر کے علاقے شامل ہیں، پاک افواج نے 20 آفیسرز، 19 جے سی اوز اور 530 بھارتی سپاہیوں کو جنگی قیدی بنالیا۔

بقیہ سحر 43

نے شرکت کی اور امن، بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور معاشی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے بین الاقوامی یوم امن کے موقع پر کانفرنس کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے لاہور چیمبر کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے امن کے حصول کے لیے لوگوں کی قیمتی جانوں کی قربانیاں دی ہیں، اس لیے امن کی اہمیت کو سمجھنا اور اسے برقرار رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے

بقیہ سحر 44

وفد میں وفاقی کمشنر برائے آزادی مذہب و عقیدہ تھامس راشل، جرمن پارلیمنٹ کی خارجہ امور کمیٹی کے رکن ڈیوڈ ڈرکسن، جرمن سفارتخانے کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن آرنو کرچوف اور فرسٹ سیکرٹری پولیٹیکل وانکٹا کزموا۔ انانگ شامل تھے۔ ملاقات کے دوران وفد نے سردار رمیش سنگھ اروڑہ کی بطور صوبائی وزیر اقلیتی امور تقرری کو سراہتے ہوئے اسے پاکستان کی تاریخ میں پہلے سکھ وزیر کی حیثیت سے ایک اہم اور تاریخی پیش رفت قرار دیا۔ اس موقع پر سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت اقلیتوں کی فلاح، تحفظ اور بااختیاری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اقلیتی برادریوں کی شمولیت اور ترقی کے لیے ایک جامع پانچ سالہ اسٹریٹجک پلان تیار کیا جارہا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ محکمہ کا سب سے بڑا جاری منصوبہ مینارٹی کارڈ اسکیم ہے جس کے تحت 10 لاکھ افراد کو کارڈ فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اقلیتی برادریوں کے لیے سرکاری شادی رجسٹریشن لائسنس متعارف کرائے جارہے ہیں

بقیہ سحر 45

ہوگا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے اس حوالے سے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کو جامع حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے تحت سرکاری و نجی میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کیلئے ہونے والے داخلہ ٹیسٹ میں 48 ہزار سے زائد امیدواروں کی شرکت متوقع ہے، جس کے لیے پنجاب کے 15 بڑے شہروں میں 33 امتحانی مراکز قائم کیے جا رہے ہیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق امتحانی مراکز لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات، ساہیوال، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، بہاولپور، راولپنڈی، ڈیرہ غازی خان، میانوالی، لیہ، بہاولنگر اور رحیم یار خان میں قائم کیے جارہے ہیں۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق تمام امتحانی مراکز پر تین درجاتی سکیورٹی حصار قائم کیا جائے گا جبکہ امتحان شروع ہونے سے قبل سول ڈیفنس اور اسپیشل برانچ کی جانب سے مراکز کی باریک بینی سے اسکیننگ کی جائے گی۔ تمام نگران عملے اور سپرنٹنڈنٹس کی اسپیشل برانچ سے سکیورٹی کلیئرنس لازمی قرار دی گئی ہے۔

بقیہ سحر 46

سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں واضح کیا کہ ملک دشمن دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کا جڑ سے مکمل خاتمہ پوری قوم کی متفقہ آواز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز سے فتنہ اور دہشتگردی کے ناسور کو مٹانے کی اس جنگ میں پوری قوم یکسو ہو کر اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ سحر 47

سے عوام کو کب نجات ملے گی؟۔ شازیہ مری نے کہا کہ عوام کو ریلیف دینے کے دعوے کہاں گئے؟ پیٹرول پھر مہنگا، پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے ہونے والی مزید مہنگائی غریب طبقہ کیسے جھیلے گا؟۔

بقیہ سحر 48

پر دہشت گردانہ نظریات سے متاثر ہو کر ایک غیر ملکی شہری کو قتل کرنے، غیر قانونی طور پر اسلحہ رکھنے اور مزید افراد کے قتل کی منصوبہ بندی کا الزام تھا۔ وزارت داخلہ کے مطابق تحقیقات اور عدالتی ٹرائل کے بعد جرم ثابت ہونے پر اسے سزائے موت سنائی گئی جس پر گزشتہ روز عمل درآمد کر دیا گیا۔

بقیہ سحر 49

شروع ہونے کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس سلسلے میں گوادر کے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی کوششوں کو اہم قرار دیا گیا ہے۔ ٹینڈر کے عمل میں چھ سے زائد مقامی اور قومی کمپنیوں نے حصہ لیا۔ یہ عمل 15 اگست سے ایک ماہ تک جاری رہا۔ ٹینڈر کے تحت کمپنیوں سے پیشہ ورانہ اہلیت اور متعلقہ اسناد طلب کی گئی تھیں، جبکہ انہیں مجاز اتھارٹی کی جانب سے مقرر کردہ پری کوالیفکیشن کے معیار پر پورا اترنا بھی ضروری تھا۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی مقامی کمپنی ایچ ایم فرم نے مقررہ معیار اور ضوابط پر پورا اترتے ہوئے ٹینڈر حاصل کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق منصوبہ ماہی گیروں کو کشتیوں کی ملکیت اور انہیں مناسب مقام پر رکھنے کے حوالے سے درپیش مشکلات کے حل میں اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ دوسری جانب قرعہ اندازی کے ذریعے 32 ماہی گیروں میں گرین فائبر کشتیوں سے متعلق دستاویزات تقسیم کی گئیں

بقیہ سحر 50

یلز، سندھ ریونیو بورڈ اور ایف بی آر کے درمیان اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کرائے۔ الائیڈ میٹریلز کے ڈائریکٹر سید فیصل علی نے ایس آئی ایف سی کی بروقت معاونت اور مؤثر کردار کو سراہا ہے۔ سید فیصل علی نے کہا کہ کاروبار اور سرمایہ کاری کے سہولت کار کے طور پر ایس آئی ایف سی کے ساتھ ہمارا تجربہ انتہائی مثبت اور حوصلہ افزا رہا۔ ایس آئی ایف سی کاروباری اداروں اور حکومتی محکموں کے درمیان رکاوٹوں اور مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ سحر 51

الرزاق سیال جبکہ ساؤتھ ایئر کی جانب سے ڈپٹی سی ای او محسن جمیل نے دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت نیشنل پریس کلب کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کو پاکستان کے اندر سفر کے دوران ساؤتھ ایئر کی جانب سے 15 فیصد خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی جبکہ 8 افراد سے زائد کے گروپ کی صورت میں سفر کرنے والے این پی سی ممبران اور انکے اہل خانہ کو 20 فیصد رعایت دی جائے گی۔ اس موقع پر نیشنل پریس کلب کے سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، ممبر نیشنل پریس کلب یاسر ملک سمیت ساؤتھ ایئر کے دیگر عہدیداران اور نیشنل پریس کلب کے دیگر ممبران بھی موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد نیشنل پریس کلب کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کو سفری سہولیات میں ریلیف فراہم کرنا اور صحافی برادری کے لیے مزید سہولتیں پیدا کرنا ہے۔ اس معاہدے کے ذریعے این پی سی ممبران ساؤتھ ایئر کی اندرون ملک سفری خدمات سے خصوصی رعایتی نرخوں پر استفادہ کر سکیں گے۔

بقیہ سحر 52

لے کر آئے تھے، گرمی کے باعث کنٹینرز میں موجود ادویات خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ مالکان کے مطابق پولیس نے ہم سے کنٹینرز کی چابیاں اور کاغذات بھی لے لیے ہیں، ڈرائیونگ لائسنس، بلٹی رسید سمیت دیگر دستاویزات بھی پولیس نے لے لیں۔ بعد ازاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آئی جی اسلام آباد پولیس اور چیف کمشنر اسلام آباد سے رابطہ کیا۔ محسن نقوی نے تحویل میں لیے گئے ادویات کے کنٹینرز فوری ریلیز کرنے کے احکامات جاری کردیے۔ محسن نقوی نے کہا کہ دواؤں کے کنٹینرز اور گاڑیوں کو کسی صورت نہ روکا جائے، متعلقہ پولیس و انتظامی حکام اس ضمن میں ہدایات پر من و عن عمل یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 53

کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا کے استعمال کے لیے عمر کی حد مقرر کرنے کی تجویز ہے۔ فیملی وی لاگنگ کے نام پر فحاشی کو کنٹرول کرنے کی تجاویز بھی شامل ہیں۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ کئی ممالک کی طرح کچھ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پابندی لگانے پر غور جاری ہے۔ وزارت داخلہ میں اجلاس کے دوران مشاورت سے حتمی فیصلے ہوں گے، جس میں پی ٹی اے، این سی سی آئی اے اور وفاقی و صوبائی پولیس حکام شریک ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں بچوں کے استحصال اور فحاشی کیسز کا جائزہ پیش کیا جائے گا، آسٹریلیا سمیت مختلف ممالک کی سوشل میڈیا پالیسیوں کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ سحر 54

، سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ، داروغہ والا اور سکیاں ایریا کی انڈسٹری کی تنظیموں کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی۔ روڈا کے سی ای او عمران امین اور انکی ٹیم بھی اجلاس میں شریک ہوئی۔

بقیہ سحر 55

کمپنی کے شریک بانی بریٹ ویلیکو وچ نے سکیورٹی وجوہات کے باعث تفصیلات فراہم کرنے سے گریز کیا تاہم انہوں نے بتایا کہ یہ معاہدہ بغیر پائلٹ فضائی نظام (Unmanned Aerial Systems) سے متعلق ہے۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق فوجی اور صنعتی استعمال کے لیے فضائی اور بحری ڈرونز فراہم کرنے والی کمپنی پاورس جلد ہی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دو بیٹوں کی حمایت یافتہ ایک پبلک ٹریڈڈ کمپنی اوریکس گرین وے ہولڈنگز کے ساتھ ضم ہونے والی ہے۔ دونوں کمپنیوں نے کہا ہے کہ انہیں توقع ہے کہ یہ انضمام اکتوبر کے اوائل میں مکمل ہو جائے گا۔ امریکی ریگولیٹری دستاویزات کے مطابق ٹرمپ کے بیٹے ڈونلڈ ٹرمپ جونیئر اور ایرک ٹرمپ امریکن وینچرز نامی سرمایہ کاری فنڈ کے ذریعے اوریکس میں حصہ داری رکھتے ہیں۔ پاورس کے بانی اور چیف ایگزیکٹو اینڈریو فاکس نے کہا کہ پاکستان کا نجی دفاعی شعبہ ابھر رہا ہے لیکن ابھی تک پختہ نہیں ہوا ہے، جس کی وجہ سے امریکی کمپنیوں کے لیے اس مارکیٹ میں تیزی سے آگے بڑھنے کے گنجائش موجود ہے۔ بریٹ ویلیکو وچ نے کہا کہ ان کا ہدف امریکا کی بہترین ٹیکنالوجی کو پاکستان کی بہترین ٹیکنالوجی کے ساتھ جوڑنا ہوگا

بقیہ سحر 56

کی سے 313 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید 2 روپے اضافے سے 251 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 روپے جبکہ فارمی انڈے بھی 20 روپے زائد قیمت پر فروخت کیے گئے۔

بقیہ سحر 57

ہوگا۔ مجموعی طور پر 344 امیدوار تحریری نفسیاتی جائزے میں شریک ہوں گے۔ تحریری نفسیاتی جائزے کے بعد گروپ ایکٹیویٹی اور نفسیاتی جائزہ انٹرویو کی تاریخ جاری کی جائے گی۔ سینئر سائیکالوجسٹ پی پی ایس سی قدسیہ نشیں نے واضح کیا ہے کہ نفسیاتی جائزے کے کسی بھی مرحلے میں غیر حاضر رہنے والا امیدوار فائنل انٹرویو میں شرکت کا اہل نہیں ہوگا۔ امیدواروں کے لیے اصل شناختی کارڈ، رول نمبر سلپ کی پرنٹ شدہ کاپی جس پر تحریری امتحان دیا گیا تھا، دو حالیہ پاسپورٹ سائز تصاویر ساتھ لانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ امیدواروں کو موبائل فون اور بیگز احاطے سے باہر رکھنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ مقررہ ہدایات پر عمل نہ کرنے والے امیدوار کو نفسیاتی جائزے میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سائیکولوجیکل ٹیسٹ اور انٹرویو کے بعد امیدواروں کا حتمی انٹرویو لیا جائے گا۔ تحریری سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا شیڈول پی پی ایس سی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 58

نوجوانوں کے لیے جو پاکستان کے مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کارنر طلبہ کو اقبال کی شاعری، خیالات اور ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے ان کے وژن کو سمجھنے کا موقع فراہم کرے گا۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی ایک صدی پرانا ادارہ ہے جہاں تقریباً 20 ہزار طالبات زیر تعلیم ہیں، اس لیے اقبال کارنر کے قیام کے لیے یہ ایک موزوں جگہ ہے۔

بقیہ سحر 59

کی سہولت کے لیے رجسٹریشن کا میسج بالکل مفت کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ رجسٹریشن کا عمل بتائے گئے باقاعدہ طریقہ کار کے مطابق ہی مکمل کریں تاکہ کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک بھر میں وزیراعظم پٹرول سکیم کامیابی سے عوام کو ریلیف فراہم کر رہی ہے

بقیہ سحر 60

باہمی کوآرڈینیشن اور تعاون سے جرائم کا خاتمہ یقینی بنائیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ چوری اور نقب زنی کی وارداتوں کی روک تھام کے لیے ٹھوس حکمت عملی مرتب کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نقب زنی سے متاثرہ علاقوں میں بیریئرز کی تنصیب، سکیورٹی گارڈز کی تعیناتی اور پٹرولنگ بڑھانے کے ساتھ ساتھ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے نیٹ ورک سے بھی مدد لی جائے

بقیہ سحر 61

کو انتہائی خطرناک اور تباہ کن ماحول کی طرف لے جاسکتی ہے، مشرق وسطی میں جاری جنگ کے دوران مختلف گروہ اپنے سیاسی مقاصد حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جبکہ موجودہ صورتحال جنگ کے پھیلاؤ اور مزید کشیدگی کے امکانات پیدا کر رہی ہے، اس ماحول میں ایسے عناصر بھی واقعات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو اپنے توسیع پسندانہ عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ موجودہ ماحول میں پاکستان کے عوام کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ مختلف واقعات کہاں سے جنم لے رہے ہیں اور ان کے پیچھے کیا عوامل ہو سکتے ہیں، تاکہ پاکستان اس معاملے پر متحد موقف برقرار رکھ سکے۔ پاکستان اپنے دفاع اور مقدس مقامات کے تحفظ کے معاملے میں متحد موقف رکھتا ہے، مکہ مکرمہ کی جانب ڈرون حملے کی کوشش انتہائی خطرناک پیشرفت ہے اور یہ صورتحال ایسے تباہ کن ماحول کا باعث بن سکتی ہے جس پر بعد میں قابو پانا مشکل ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ باب المندب میں کشیدگی کے اثرات نہر سویز تک پہنچ سکتے ہیں جس کے نتیجے میں بحیرہ احمر، بحیرہ روم اور یورپ بھی متاثر ہوں گے۔ برطانیہ بھی اس صورتحال سے متاثر ہونے والا ملک ہے اور اگر کشیدگی برقرار رہی

بقیہ سحر 62

ڈیجیٹل مارکیٹنگ ٹیکنالوجیز کے عملی استعمال پر توجہ مرکوز کی گئی جن میں سرچ رینکنگ، ریکمنڈیشن انجن، سوشل میڈیا، ایپ مارکیٹنگ اور منی پروگرامز شامل ہیں۔ خصوصی طور پر سرحد پار ای کامرس کی حکمت عملیوں میں ان ٹیکنالوجیز کے اطلاق پر زور دیا گیا۔ پاکستان بھر کے سرکاری اور نجی شعبے کے اداروں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 200 اساتذہ نے اس تربیتی پروگرام میں شرکت کی۔ شرکاء کو روزانہ دو گھنٹے تربیت فراہم کی گئی۔ یہ پروگرام سلک روڈ ڈیجیٹل ٹریڈ اکیڈمی کے تحت GTTI گلبرگ لاہور میں قائم کیے گئے کیمپس آف ایکسیلنس میں منعقد ہوا جہاں کلاسز آن کیمپس اور آن لائن، دونوں طریقوں سے منعقد کی گئیں۔ یہ پروگرام یو ای انٹرنیشنل اور چین کی آئی ٹی ایم سی ٹیکنالوجی کمپنی، نانچینگ ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ آف اکنامکس کے تعاون سے منعقد کیا۔ پروگرام کو نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کی معاونت حاصل تھی۔

بقیہ سحر 63

فسران کو 30 اکتوبر تک اثاثوں کے گوشوارے آن لائن جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے، جمع شدہ گوشواروں میں غلطی کی اصلاح کیلئے 30 نومبر تک مہلت ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گوشوارے جمع کرانے کیلئے ایف بی آر پورٹل پر اکاؤنٹ بنانا لازمی ہوگا، اکاؤنٹ بنانے کیلئے افسران کو اپنا ذاتی ای میل ایڈریس فراہم کرنا ہوگا۔ ایف بی آر سرکاری افسران کے اثاثوں کی رسک بیسڈ بنیادوں پر جانچ کرے گا، غلط بیانی یا معلومات چھپانے والے افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اثاثوں کے گوشواروں کے منتخب غیر حساس حصے ایف بی آر کی ویب سائٹ پر شائع کیے جائیں گے، گوشوارے جمع نہ کرانے والے افسران کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔

بقیہ سحر 64

ذوالفقار حمید کو تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران جرائم، دہشت گردی کی صورتحال، خطرات کی نوعیت اور پولیس کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات سمیت مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا۔ زیر تربیت افسران نے متعلقہ اضلاع میں جرائم کے رجحانات، دہشت گردی کے خطرات، سکیورٹی چیلنجز، پولیس کی جوابی حکمت عملی اور امن و امان کے قیام کے لیے اختیار کیے گئے عملی اقدامات سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں انسداد دہشت گردی کے لیے اٹھائے گئے اقدامات، کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ (CTD) کی استعداد کار میں اضافے، پولیس انفراسٹرکچر کی ترقی، جدید پولیسنگ اور نئے اقدامات سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے

بقیہ سحر 65

۔ ادائیگی نیشنل بینک آف پاکستان ویلنشیا برانچ میں جمع کروائی گئی، رقم کی ادائیگی کے لیے بینک آف پنجاب کا چیک استعمال کیا گیا۔

بقیہ سحر 66

شیر خوار بچے کی بازیابی کے لیے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔ درخواست گزار نے اپنے شوہر محمد بلاول سمیت دیگر افراد کے خلاف بچے کی بازیابی کی استدعا کی تھی۔ عدالتی حکم پر غازی آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شیر خوار بچے کو بازیاب کرلیا اور عدالت میں پیش کیا۔ بچے کی بازیابی اور اسے ماں کے حوالے کیے جانے کے بعد عدالت نے عالیہ بی بی کی درخواست نمٹادی۔

بقیہ سحر 67

چیئرمین ایسوسی ایٹ کلاس فرخ احسان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسپیشل اکنامک زونز اور ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز میں اصلاحات کرا کے انہیں ملکی برآمدات، سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کے موثر مراکز میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ ٹیکس مراعات کے نظام میں ضروری اصلاحات کی جا سکتی ہیں تاہم نئی سرمایہ کاری، روزگار، برآمدات اور ٹیکنالوجی منتقلی سے منسلک مراعات برقرار رکھنا صنعتی ترقی کیلئے ضروری ہے۔

بقیہ سحر 68

منعقد ہوا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر حافظ محمد وسیم، بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی سے ڈاکٹر رابعہ عظمی، ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ آف بلڈ ٹرانسفیوژن سروسز ڈاکٹر فرحان رشید اور تھیلیسیمیا پری وینشن پروگرام سے ڈاکٹر معصومہ موجود تھیں۔ اجلاس میں تھیلیسیمیا کا شکار مریضوں کے علاج معالجے کے حوالہ سے متعلقہ حکام نے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب تھیلیسیمیا کے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں اب اس پروگرام کو مزید بڑھا رہے ہیں۔ ایک سال قبل اس حوالہ سے قانون سازی بھی مکمل ہو چکی ہے۔ اب تک پانچ لاکھ سے زائد افراد کی کونسلنگ کر چکے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ شادی سے پہلے تھیلیسیمیا کا ٹیسٹ اس بیماری پر قابو پانے میں سب سے زیادہ مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ اس حوالہ سے آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی۔ وزیر اعلی مریم نواز نے ہمیشہ ہیلتھ سیکٹر کو امید سے بڑھ کر وسائل فراہم کیئے ہیں۔

بقیہ سحر 69

سیکریٹریٹ میں نیا نظام قائم ہوگا۔ نئے نظام کے تحت جس ضلع میں عملے کی کمی ہوگی سیشن جج ڈی جی اسٹیبلشمنٹ کو خالی آسامیوں سے آگاہ کرے گا اور ڈی جی اسٹیبلشمنٹ چھان بین کے بعد بھرتی کا کیس لاہور ہائیکورٹ سیکریٹریٹ کو ارسال کرے گا، امیدواروں کی بھرتی تحریری امتحان اور انٹرویو کے بعد میرٹ پر کی جائے گی۔ لاہور ہائیکورٹ نے ماتحت عدالتوں میں بھرتیوں کیلئے صاف اور شفاف طریقہ کار وضع کر دیا، پنجاب حکومت نئے عدالتی عملے کی بھرتی سے متعلق نئے رولز کا نوٹیفکیشن جاری کرے گی۔

بقیہ سحر 70

مقام حاصل کرنے کے لیے قرآن کریم کے علم و فہم سے آراستہ ہونا ناگزیر ہے کیونکہ قرآن کریم انسانیت کے لیے ہدایت و رہنمائی کا جامع سرچشمہ ہے، دنیا میں فکر و فن، علم و تحقیق اور تخلیقی صلاحیتوں کے فروغ کے بغیر حقیقی ناموری و ترقی ممکن نہیں، ہمیں تعلیم، تحقیق، فکری بصیرت اور سیرت طیبہ ﷺ کی عملی پیروی کو اپنی ترجیحات کا حصہ بنانا ہوگا تاکہ ایک پرامن، باوقار اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل ممکن ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے زیر اہتمام خاتم النبیین ﷺ یونیورسٹی، قرآن بورڈ بلڈنگ، اپر مال سکیم لاہور میں منعقدہ 41 ویں صوبائی مقابلہ جات حفظ و حسن قرات کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں نوجوان نسل کو قرآن و سنت اور اسلامی تعلیمات سے روشناس کرانے کے لیے مؤثر اور بامقصد اقدامات جاری ہیں

بقیہ سحر 71

فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی ہیئرنگ کمیٹی کو قانون کے تحت جرمانہ عائد کرنے کا اختیار حاصل ہے اور اس اختیار سے متعلق قوانین واضح ہیں۔ فیصلہ میں بتایا گیا کسی شخص کے پاس ڈسپنسر کا سرٹیفکیٹ ہونا اسے آزادانہ طور پر ایلوپیتھک علاج کرنے کا مجاز نہیں بناتا ہے۔

بقیہ سحر 72

گاوی اور دیگر عالمی شراکت داروں کے ساتھ ہیگزاویلنٹ ویکسین تک رسائی کیلئے مسلسل کوششیں جاری تھیں، ہیگزاویلنٹ ویکسین سے بچوں کو چھ بیماریوں سے تحفظ فراہم ہوگا جبکہ بچوں کو کم انجکشن لگیں گے جس سے انہیں کم تکلیف ہوگی اور والدین کے اعتماد اور تعاون میں بھی بہتری آئے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہیگزاویلنٹ ویکسین کی شمولیت سے حفاظتی ٹیکہ جات کا نظام مزید مؤثر ہوگا اور ویکسین کی دور دراز علاقوں تک رسائی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس اقدام سے بچوں میں ویکسینیشن کے تحفظ کے خلا کو کم کرنے اور ویکسینیشن کوریج کو بہتر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ مصطفیٰ کمال نے گاوی، گلوبل فنڈ، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او)، یونیسیف، گیٹس فاؤنڈیشن اور دیگر شراکت داروں کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ مجوزہ شیڈول کے مطابق بچوں کو ہیگزاویلنٹ ویکسین 6، 10 اور 14 ہفتے کی عمر میں دی جائے گی۔

نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل ناگزیر ہے، معاملے پر جلد کوئی مثبت پیش رفت سامنے آئیگی، وفاقی وزراء

علیم خان اور سردار یوسف کی ملاقات، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے خیبر پختونخوا میں ہزارہ صوبے کی تشکیل کی مسلسل اور بھرپور حمایت کرنے پر عبدالعلیم خان کا شکریہ ادا کیا

ہم بدقسمتی سے 80 سال پرانے فرسودہ نظام سے جڑے ہوئے ہیں۔ رہنماں نے اس امر پر زور دیا کہ نئے صوبوں کے موضوع پر تمام سٹیک ہولڈرز کے درمیان کھلے دل سے صحت مندانہ مکالمہ ہونا چاہیے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات وصدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان سے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے ملاقات کی، جس میں ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سمیت مجموعی ملکی و سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت مواصلات کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے خیبر پختونخوا میں ہزارہ صوبے کی تشکیل کی مسلسل اور بھرپور حمایت کرنے پر عبدالعلیم خان کا شکریہ ادا کیا اور نئے صوبوں کے حق میں موثر آواز بلند کرنے پر انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ یہ صوبوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل فرنچ سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کا دورہ کررہے ہیں

وزیر ریلوے کا آواران میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

ریاست دشمن عناصر کو ناکام بنائیں گے، دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک فیصلہ کن جنگ جاری رہے گی، حنیف عباسی

مادرِ وطن کے تحفظ کی خاطر دی جانے والی قربانیوں کو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان کے ضلع آواران میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ریاست دشمن عناصر کو ناکام بنائیں گے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف حالیہ کامیاب کارروائیاں ہمارے بہادر جوانوں کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور غیر متزلزل عزم کی واضح عکاس ہیں، قوم کے غیور اور بہادر سپوت وطنِ عزیز کے دفاع اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، ان کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ محمد حنیف عباسی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک سے دہشتگردی کے مکمل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

پاکستان کو درپیش بیرونی چیلنجز کا حل اتحاد میں ہے، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی

اختلاف رائے کو دشمنی میں تبدیل ہونے سے روکنے کے لیے معاشرے میں برداشت اور مکالمے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے

کانفرنس میں کاروباری برادری، صنعتکاروں، علما، مذہبی رہنماؤں اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پاکستان کو درپیش بیرونی چیلنجز کا حل اتحاد میں ہے، علما اور مذہبی رہنماؤں کو امن، رواداری اور مکالمے کے فروغ میں اپنا اہم کردار ادا کرنا ہوگا، اختلاف رائے کو دشمنی میں تبدیل ہونے سے روکنے کے لیے معاشرے میں برداشت اور مکالمے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں منعقدہ بین المذاہب ہم آہنگی امن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں کاروباری برادری، صنعتکاروں، علما، مذہبی رہنماؤں اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری لاہور میں بین المذاہب ہم آہنگی امن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

آواران میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الہندوستان کے 3 دہشتگرد جہنم واصل

آپریشن میں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کر لیا گیا ہے، سیکیورٹی ذرائع

بلوچستان میں دیرپا امن واستحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت غیر متزلزل عزم کے ساتھ سرگرم عمل ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت 'فتنہ الہندوستان' کے دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کی بھرپور ستائش کی ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ نے بروقت کارروائی کے دوران 3 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے پر وہ فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان میں دیرپا امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت غیر متزلزل عزم کے ساتھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

مریم نواز نے دورہ لندن کیلئے سرکاری طیارے کے استعمال کی رقم ادا کردی

وزیراعلیٰ کی جانب سے پنجاب حکومت کو 2 کروڑ 71 لاکھ 94 ہزار 4 روپے کی ادائیگی کی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے دورہ لندن کے لئے سرکاری طیارے کے استعمال کے معاملے پر اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے سرکاری طیارے کے استعمال کی رقم ادا کر دی۔ ذرائع کے مطابق مریم نواز نے اخراجات خود سے ادا کیے۔ مریم نواز کی جانب سے پنجاب حکومت کو 2 کروڑ 71 لاکھ 94 ہزار 4 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

لاہور: چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا محکمانہ استعداد کار میں اضافے کے بارے میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پنجاب کی ماتحت عدالتوں میں عملے کی بھرتیوں کا 150 سالہ پرانا نظام ختم

نائب قاصد سے گریڈ 16 تک بھرتیاں لاہور ہائیکورٹ سیکرٹریٹ کے نئے نظام کے تحت میرٹ پر ہوں گی

لاہور (کورٹ رپورٹر) پنجاب کی ماتحت عدالتوں میں عملے کی بھرتیوں کا 150 سالہ پرانا نظام ختم کر دیا گیا۔ سیشن ججز کے پاس 150 سال سے موجود ماتحت عدالتوں کے عملے کی براہ راست بھرتی کے اختیارات ختم کر دیئے گئے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں لاہور ہائیکورٹ کے فل کورٹ نے نئے رولز کی متفقہ منظوری دے دی، منظوری کے تحت سیشن جج اب اپنے ضلع میں براہ راست ماتحت عدلیہ کا عملہ بھرتی نہیں کر سکیں گے۔ نائب قاصد سے گریڈ 16 تک تمام آسامیوں پر براہ راست بھرتی کے سیشن ججز کے اختیارات ختم ہوگئے، ماتحت عدالتوں میں بھرتیوں کیلئے لاہور ہائیکورٹ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

لاہور ہائیکورٹ کا اہم فیصلہ، غیر مجاز ایلو پیتھک علاج پر جرمانہ بحال

ڈسپنسر کا سرٹیفکیٹ کسی شخص کو آزادانہ طور پر ایلو پیتھک علاج کرنے کا اختیار نہیں دیتا' فیصلہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی درخواست منظور کرتے ہوئے غیر مجاز طور پر ایلو پیتھک علاج کرنے والے شخص پر عائد 3 لاکھ روپے جرمانہ بحال کر دیا، عدالت نے ڈسٹرکٹ جج فیصل آباد کی جانب سے جرمانہ ختم کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ڈسپنسر کا سرٹیفکیٹ کسی شخص کو آزادانہ طور پر ایلو پیتھک علاج کرنے کا اختیار نہیں دیتا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس منور اقبال ڈوگر نے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی درخواست پر 10 صفحات پر مشتمل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

وزیر صحت

ہیگزاویلنٹ ویکسین کی طرف منتقلی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کیلئے اہم پیش رفت ہے

متعلقہ صوبائی حکام سے مشاورت اور گاوی کے ساتھ اتفاقِ رائے کے بعد ہیگزا ویلنٹ ویکسین کو قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی

ہیگزا ویلنٹ ویکسین کی شمولیت سے حفاظتی ٹیکہ جات کا نظام مزید مؤثر ہوگا اور ویکسین کی دور دراز علاقوں تک رسائی بہتر بنانے میں مدد ملے گی، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت بین الادارہ جاتی رابطہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں پاکستان کے معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام میں ہیگزا ویلنٹ ویکسین متعارف کرانے کی منظوری دی گئی اجلاس میں متعلقہ صوبائی حکام سے مشاورت اور گاوی کے ساتھ اتفاق رائے کے بعد ہیگزا ویلنٹ ویکسین کو قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہیگزا ویلنٹ ویکسین کی طرف منتقلی پاکستان کے معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 14 ماہ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

آئی جی پی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید زیر تربیت اے ایس پیز کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایس آئی ایف سی کی موثر رابطہ کاری سے الائیڈ میٹریلز، ایف بی آر کے درمیان دوہرے ٹیکس کا معاملہ حل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی موثر رابطہ کاری سے الائیڈ میٹریلز اور ایف بی آر کے درمیان دوہرے ٹیکس کا معاملہ خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا۔ الائیڈ میٹریلز پاکستان میں تعمیراتی شعبے کے لیے ریڈی مکس کنکریٹ اور دیگر تعمیراتی میٹریل و خدمات فراہم کرنے والی کمپنی ہے۔ الائیڈ میٹریلز اور حکومتی اداروں کے درمیان ٹیکس کا معاملہ 2024 میں سندھ ہائی کورٹ تک پہنچا تھا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

جنگِ ستمبر کا 17 واں دن، بھارت 51 ٹینکوں اور 14 توپوں سے ہاتھ دھو بیٹھا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جنگ ستمبر کے 17 ویں دن بھارت 51 ٹینکوں اور 14 توپوں سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ ستمبر 1965 کی جنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

جرمن وفد کی صوبائی وزیر اقلیتی امور میش سنگھ اروڑہ سے ملاقات، ملاقات میں اقلیتوں کی فلاح ومذہبی ہم آہنگی کے اقدامات پر تبادلہ خیال

لاہور (سٹاف رپورٹر) جرمن سفارتخانے کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ سے ملاقات کی، جس میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود، مذہبی آزادی، بین المذاہب ہم آہنگی اور باہمی تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جرمن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

ایم ڈی کیٹ 2026ء کیلئے حفاظتی انتظامات، محکمہ داخلہ نے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کو اہم ہدایات جاری کردیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج داخلہ ٹیسٹ (ایم ڈی کیٹ) 2026ء بروز اتوار 20 ستمبر کو منعقد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر شیر خوار بچہ بازیاب، ماں کے حوالے

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر پولیس نے ڈیڑھ ماہ کے شیر خوار بچے کو بازیاب کر کے ماں کے حوالے کر دیا۔ عدالت نے بچے کی بازیابی کے بعد درخواست نمٹا دی۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے سائرہ عالیہ بی بی کی درخواست پر سماعت کی۔ خاتون نے اپنے ڈیڑھ ماہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

اصلاحات کے ذریعے برآمدات، سرمایہ کاری، صنعتی ترقی کے موثر مراکز میں تبدیل کیا جانا چاہیے' میاں شفقت، سہیل لاشاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے بانی میاں شفقت علی، پیٹرن چیف پیاف انجینئر سہیل لاشاری، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی، وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

شادی سے قبل تھیلیسیمیا ٹیسٹ بیماری پر قابو پانے میں اہم مددگار ثابت ہو سکتا' صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں تھیلیسیمیاء کے مریضوں کے علاج معالجہ کے حوالہ سے اہم اجلاس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

اسوۂ رسولِ اکرم ﷺ کی پیروی میں انسانیت کو درپیش مسائل کا موثر، پائیدار حل مضمر ہے' ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ انسانیت کو درپیش موجودہ چیلنجز اور مسائل کا موثر اور پائیدار حل اسوۂ رسولِ اکرم ﷺ کی پیروی میں مضمر ہے، قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر کے مسائل کے قابل عمل اور دیرپا حل تلاش کرنے کے لیے تحقیق و تفکر کے رجحان کو فروغ دینا مسلم امہ کی اہم ذمہ داری ہے، اقوامِ عالم میں باوقار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

سابق صدر عارف علوی کو الاٹ شدہ گھر نہ ملنے کا کیس، فیصلہ محفوظ

سابق ملازم کسٹم کے مطابق وزارتِ قانون کا لیٹر ہے کہ 60 برس بعد مجھے یہ گھر خالی کرنا ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائی کورٹ نے سابق صدر عارف علوی کو الاٹ شدہ گھر نہ ملنے سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ درخواست گزار ڈاکٹر عارف علوی کا موقف ہے کہ سابق صدر کی حیثیت سے رہائش میرا حق بنتا ہے جو ملنا چاہیے۔ سابق صدر کی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ صدارتی عہدہ ختم ہونے کے بعد مجھے یہ گھر الاٹ کیا گیا۔ سابق صدر عارف علوی نے کہا کہ باتھ آئی لینڈ میں مجھے الاٹ شدہ گھر پر سابق کسٹم ملازم کا قبضہ ہے جبکہ سابق ملازم کے مطابق اسے یہ گھر قانونی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

عظمیٰ بخاری خیبر پختونخوا کے لوگوں کو جنگلی نہیں کہہ سکتیں، کیپٹن صفدر

اگر ہم جنگلی ہوتے تو آج رشتے دار نہ ہوتے، وزیراعلیٰ پنجاب، صوبہ خیبر پختونخوا کی بہو ہیں

ایبٹ آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ عظمیٰ بخاری خیبر پختونخوا کے لوگوں کو جنگلی نہیں کہہ سکتیں، وہ سمجھدار اور پڑھی لکھی ہیں، ایسی بات نہیں کر سکتیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق گفتگو کے دوران کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ جہاں بہن بیٹی دی ہو، لوگ اسے جنگلی نہیں کہتے، میں خیبر پختونخوا کا بیٹا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے حقوق کی جنگ پورے پاکستان میں لڑیں گے۔ کیپٹن صفدر نے کہا کہ اگر ہم جنگلی ہوتے تو آج رشتے دار نہ ہوتے، وزیراعلیٰ پنجاب، صوبہ خیبر پختونخوا کی بہو ہیں، جتنا اس پر پنجاب کا حق ہے، اس سے زیادہ خیبر پختونخوا کا ہے۔

شازیہ مری کا پیٹرولیم مصنوعات میں مسلسل اضافہ پر شدید تشویش کا اظہار

حکومت نے عوام کو ایک اور مہنگائی کا جھٹکا دے دیا، پیٹرول مہنگا، پہلے سے مہنگائی کے ستائے عوام پر نیا بوجھ ہے، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے پیٹرولیم مصنوعات میں مسلسل اضافہ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کو ایک اور مہنگائی کا جھٹکا دے دیا، پیٹرول مہنگا، پہلے سے مہنگائی کے ستائے عوام پر نیا بوجھ ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پیٹرول مزید مہنگا کر دیا، پیٹرول کی قیمت میں اضافہ، روزمرہ زندگی مزید مشکل ہونے کا خدشہ ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پیٹرول مہنگا ہونے سے ٹرانسپورٹ اور اشیائے ضرورت کی قیمتیں متاثر ہونے کا امکان ہے، مہنگائی کے اس بوجھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے کاروباری وسرمایہ کاری مسائل حل ہونے لگے

ایس آئی ایف سی کاروباری اداروں اور حکومتی محکموں کے درمیان رکاوٹوں اور مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی مؤثر سہولت کاری سے پاکستان میں کاروباری و سرمایہ کاری کے مسائل حل ہونے لگے ہیں۔ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹی کونسل (ایس آئی ایف سی) کی مؤثر رابطہ کاری سے الائیڈ میٹریلز اور ایف بی آر کے درمیان دہرے ٹیکس کا معاملہ خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا۔ الائیڈ میٹریلز پاکستان میں تعمیراتی شعبے کے لیے ریڈی مکس کنکریٹ اور دیگر تعمیراتی میٹریل و خدمات فراہم کرنے والی کمپنی ہے۔ الائیڈ میٹریلز اور حکومتی اداروں کے درمیان ٹیکس کا معاملہ 2024 میں سندھ ہائی کورٹ تک پہنچا تھا۔ معاملے کے حل کے لیے آئی ایف سی نے الائیڈ میٹر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

لاہور: مرکزی مسلم لیگ کے کارکنان سعودی پر حوثی حملے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

پی ایم ایس، 344 امیدواروں کے تحریری نفسیاتی جائزے کا شیڈول جاری

تحریری نفسیاتی ٹیسٹ 26 ستمبر کو پنجاب یونیورسٹی ایگزامینیشن سنٹر میں ہوگا

کسی بھی مرحلے میں غیر حاضری پر فائنل انٹرویو کی اجازت نہیں ہوگی' نوٹیفکیشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے پی ایم ایس 2025 پاس کرنے والے 344 امیدواروں کے تحریری نفسیاتی جائزے کا شیڈول جاری کر دیا۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سید کاظم مقدس کاظمی کے مطابق پی ایم ایس 2025 کے تحریری نتائج کے بعد سائیکالوجیکل ٹیسٹ کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ تحریری نفسیاتی جائزہ 26 ستمبر 2026ء بروز ہفتہ صبح 9 بجے پنجاب یونیورسٹی ایگزامینیشن سنٹر، وحدت روڈ، لاہور میں منعقد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

لاہور چیمبر نے لاہور کالج فار ومن یونیورسٹی میں اقبال کارنر قائم کردیا

اقبال کا پیغام نوجوانوں کو مثبت تبدیلی کا ذریعہ بننے کی ترغیب دے سکتا ہے' فہیم الرحمٰن سہگل

حکومت پنجاب تعلیم، خاص طور پر خواتین کی تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں اقبال کارنر قائم اور اسپانسر کیا ہے، جس کا مقصد نوجوان نسل کو علامہ محمد اقبال کی فکر، تعلیمات اور پیغام سے روشناس کرانا ہے۔ اقبال کارنر کا افتتاح آج لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے صوبائی وزیر اسکول و ہائر ایجوکیشن پنجاب رانا سکندر حیات، وائس چانسلر ایل سی ڈبلیو یو ڈاکٹر عظمیٰ قریشی، ڈاکٹر حفصہ بتول، لاہور چیمبر کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر عمر سلیم اور دیگر افسران، اساتذہ اور یونیورسٹی کے نمائندگان کے ہمراہ ایک تقریب میں کیا۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے کہا کہ اقبال کارنر کا قیام ان کے اس وژن کا حصہ ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو علامہ اقبال کی فکر، فلسفے اور تعلیمات سے آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کے لیے اقبال کا خود اعتمادی، محنت، علم، عزم اور ملک کی خدمت کا پیغام سمجھنا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں بھی علامہ اقبال کا فلسفہ انتہائی اہم ہے، خاص طور پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

سی سی پی او لاہور کی زیر صدارت سول لائنز و سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

کرپشن میں ملوث پولیس ملازمین کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے' سی سی پی او لاہور

لاہور (سٹاف رپورٹر) کرپشن میں ملوث پولیس ملازمین کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہ بات سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ نے کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے پولیس افسران کو ہدایت کی کہ کرپشن کی شکایات پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے۔ سی سی پی او لاہور نے اکتوبر میں انگلینڈ، سری لنکا اور پاکستان کے مابین کھیلی جانے والی سہ ملکی کرکٹ سیریز کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی کرکٹ ٹیموں کو لاہور میں قیام، آمدورفت اور میچز کے دوران بہترین سکیورٹی فراہم کی جائے۔ اجلاس میں چوری اور موبائل سنیچنگ کے ہاٹ سپاٹس پر سکیورٹی کے سخت اقدامات کرنے اور جیب تراشی میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کرنے کی بھی ہدایت دی گئی۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ تمام پولیس یونٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

سرکاری افسران کے اثاثوں کے گوشوارے ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ

اثاثوں کے گوشواروں کے منتخب غیر حساس حصے ویب سائٹ پر شائع کیے جائینگے

افسران کے گوشوارے جمع کرانے کیلئے ایف بی آر کا پورٹل بھی فعال

لاہور (سٹاف رپورٹر) سول سرونٹس کے اثاثہ جات کے گوشوارے ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا جس کے لئے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے ایف بی آر کے تعاون سے نیا آن لائن نظام نافذ کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 17 اور اس سے اوپر کے سرکاری افسران اب اثاثوں کے گوشوارے دستی کے بجائے آن لائن جمع کرائیں گے، افسران کے گوشوارے جمع کرانے کیلئے ایف بی آر کا پورٹل بھی فعال کر دیا گیا ہے۔ ایوان صدر، وزیراعظم آفس اور تمام وزارتوں کو نئے ڈیجیٹل نظام سے آگاہ کر دیا گیا ہے، سرکاری ا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد

آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے زیر تربیت افسران کی بریفنگ کو غور سے سنا اور مختلف امور پر سوالات بھی کیے

زیر تربیت اے ایس پیز مستقبل میں پولیس فورس کی قیادت کی اہم ذمہ داریاں سنبھالیں گے، آئی جی کے پی کے

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) آئی جی پی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کو مختلف اضلاع میں تعینات زیر تربیت اے ایس پیز کی پولیسنگ، امن و امان اور سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس پشاور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، ایڈیشنل آئی جی پی آپریشنز محمد علی بابا خیل، ڈی آئی جیز آئی ٹی اعجاز احمد، آپریشنز شاکر حسین داوڑ سمیت پشاور، نوشہرہ، ڈیرہ اسماعیل خان، سوات اور کوہاٹ سے زیر تربیت اے ایس پیز حمزہ ایوب، مریم یوسف، رائے محمد مبشر، نور حیات رانجھا اور طاہر محمود نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران زیر تربیت اے ایس پیز نے متعلقہ اضلاع میں پولیسنگ، جرائم، دہشت گردی کے خطرات، امن وامان اور سکیورٹی صورتحال، پولیس کو درپیش چیلنجز اور ان سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات پر آئی جی پی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

60 فیصد پاکستانی ملکی تعلیمی نظام سے غیر مطمئن، جدید تقاضوں کے برعکس قرار دے دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) 60 فیصد پاکستانی ملکی تعلیمی نظام سے غیر مطمئن ہیں اور انہوں نے اس نظام کو جدید تقاضوں کے برعکس قرار دے دیا۔ انسٹی ٹیوٹ فار پبلک اوپینین ریسرچ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

کے پی، پولیس قیادت کا نئے ایکٹ میں افسران کے اختیارات وزیر اعلیٰ کو دینے کی تجویز پر تحفظات

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا پولیس کے سینئر افسران نے مجوزہ پولیس ایکٹ پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ سینئر پولیس افسران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

سعودی عرب میں دہشتگردی اور قتل کے جرم میں پاکستانی شہری کو سزائے موت دیدی گئی

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے القصیم ریجن میں سنگین جرائم میں ملوث ایک پاکستانی شہری کی سزائے موت پر عمل درآمد کر دیا گیا۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق مجرم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

گوادر، کشتیوں کیلئے پختہ پلیٹ فارم، جی ڈی اے نے ٹینڈر منظور کرلیا

گوادر (مانیٹرنگ ڈیسک) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے ماہی گیروں کی کشتیوں کے لیے پختہ پلیٹ فارم کی تعمیر کے ٹینڈر کی منظوری دے دی، جس کے بعد جلد تعمیراتی کام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

نیشنل پریس کلب اور ساؤتھ ایئر کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط، ممبران کو سفری سہولیات میں خصوصی رعایت حاصل ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل پریس کلب اسلام آباد اور ساؤتھ ایئر کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے گئے۔ معاہدے پر نیشنل پریس کلب کی جانب سے صدر عبد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

امریکی ڈرون کمپنی پاورس کے پاک فوج کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط، ابتدائی آرڈر بھی حاصل کرلیا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) امریکی ڈرون ساز کمپنی پاورس (Powerus) نے پاک فوج کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں جس میں ڈرونز سے متعلق ایک ابتدائی آرڈر بھی شامل ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو کمی، فارمی انڈے مہنگے

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں پرچون نرخ پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے کمی سے 454 روپے، زندہ برائلر کی قیمت 5 روپے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

مکہ مکرمہ کی جانب ڈرون حملہ سپر ریڈ لائن، صورتحال انتہائی خطرناک رخ اختیار کر سکتی ہے' جنرل (ر) زاہد محمود

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر دفاعی تجزیہ کار میجر جنرل (ر) زاہد محمود نے کہا ہے کہ مقدس شہر مکہ مکرمہ کی جانب ڈرون حملہ پاکستان کے لیے سپر ریڈ لائن ہے جسے چھونے کی کوشش خطے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

پاک چین تعاون سے 200 اساتذہ کی ڈیجیٹل مارکیٹنگ تربیت مکمل

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور چین کے تعاون سے پاکستانی اساتذہ کی ڈیجیٹل صلاحیتوں میں اضافے کے لیے منعقدہ دو ہفتوں پر مشتمل بین الاقوامی تربیتی پروگرام کامیابی سے اختتام پذیر ہو گیا۔ تربیتی پروگرام میں جدید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

لاہور: موٹر سائیکل سوار شہری وزیر اعظم ریلیف سکیم کے تحت پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر سبسڈی حاصل کرنے کیلئے پٹرول پمپ ملازم کو رجسٹریشن میسج دکھا رہا ہے

سانحہ پمز، ہسپتال کے 6 افسران کیخلاف محکمانہ کارروائی کا آغاز

پمز ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر رانا عمران سکندر کے خلاف چارج شیٹ جاری

چارج شیٹ میں 6 جولائی کے فائر واقعے کے بعد متعلقہ اداروں سے مؤثر رابطہ نہ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے

پروفیسر ڈاکٹر سعدیہ ریاض کے خلاف بھی محکمانہ کارروائی کا بھی آغاز کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سانحہ پمز پر انتظامیہ کی جانب سے اسپتال کے 6 افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے، جواب جمع کروانے کیلئے 14 دن کی مہلت دے دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پمز ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر رانا عمران سکندر کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی ہے جس میں ڈاکٹر رانا عمران سکندر پر فائر سیفٹی اور انتظامی نگرانی میں ناکامی کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ چارج شیٹ کے مطابق 6 جولائی کے نرسنگ ہاسٹل فائر حادثہ کے بعد اصلاحی اقدامات نہیں کیے گئے۔ چارج شیٹ میں ڈاکٹر رانا عمران سکندر پر بیک وقت کلینیکل اور انتظامی عہدے رکھنے کا الزام عائد کیا گیا ہے جبکہ اس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی تعیناتی اور ترقی میں قواعد کی خلاف ورزی کا الزام بھی عائد کیا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

معیشت کو آگے بڑھانے میں نجی شعبہ کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے: بلال اظہر کیانی

درپیش بنیادی مسائل کے حل اور بہتر سروس ڈیلیوری کیلئے وفاق اور صوبوں کے ترجیحات کو یکجا کرنا اور وسائل واختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنا ناگزیر ہے، بلال اظہر کیانی

حکومت نے مشکل عالمی حالات اور بڑے معاشی جھٹکوں کے باوجود معاشی استحکام حاصل کیا ہے: وزیر مملکت کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش بنیادی مسائل کے حل اور بہتر سروس ڈیلیوری کے لیے وفاق اور صوبوں کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

احتجاج روکنے کیلئے کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ، ادویات بھرے کنٹینرز بھی تحویل میں لے لئے گئے

وزیر داخلہ کا نوٹس، آئی جی اور چیف کمشنر سے رابطہ، تحویل میں لیے گئے ادویات کے کنٹینرز فوری ریلیز کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں احتجاج روکنے کیلئے کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ شروع ہوگئی۔ کنٹینرز مالکان کے مطابق اسلام آباد پولیس نے ادویات سے بھرے کنٹینرز بھی تحویل میں لے لیے۔ کنٹینرز مالکان نے بتایا کہ کنٹینرز راولپنڈی اور اسلام آباد کیلئے ادویات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر پابندی، وزارت داخلہ کا تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا فیصلہ

ذرائع کے مطابق اجلاس میں بچوں کے استحصال اور فحاشی کیسز کا جائزہ پیش کیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت کی جانب سے بچوں کے سوشل میڈیا استعمال سے متعلق پابندی کے معاملے پر وزارت داخلہ نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا پر بچوں کے استحصال اور فحاشی کے بڑھتے واقعات کے پیش نظر یہ فیصلہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت اجلاس

داروغہ والا اور سگیاں ایریا کی انڈسٹری سے ہزاروں گھرانوں کا روزگار وابستہ، انڈسٹری کا پہیہ کسی صورت رکنا نہیں چاہیے

معاملات باہمی مشاورت اور افہام وتفہیم سے طے کر لئے جائیں گے، صوبائی وزیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں داروغہ والا اور سگیاں ایریا میں موجود انڈسٹری کی ریگولرائزیشن کے معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ ایوان صنعت وتجارت لاہور کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

رعایتی پٹرول کی فراہمی میں رکاوٹ یا بدعنوانی کرنیوالوں کیخلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائیگی، شیزا فاطمہ

شزہ فاطمہ کے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ پٹرول پمپس کے دورے، ریلیف سکیم بارے شہریوں کے تاثرات سنے

وزیراعظم کی خصوصی ہدایات پر عوام کی سہولت کے لیے رجسٹریشن کا میسج بالکل مفت کر دیا گیا ہے: شیزا فاطمہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ مختلف پٹرول پمپس کے دورے کیے اور پی ایم پٹرول ریلیف سکیم کے حوالے سے شہریوں کے تاثرات سنے۔ وفاقی وزیر نے مسلسل تیسرے روز پٹرول پمپس پر موجود شہریوں سے براہِ راست ملاقات کی اور سکیم کے حوالے سے ان کے تاثرات اور مسائل سنے۔ اس موقع پر انہوں نے اعلان کیا کہ وزیراعظم کی خصوصی ہدایات پر عوام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

Hear, Hear!
I visited the UK Parliament
Hear, Hear!
I visited the UK Parliament
Hear, Hear!
I visited the UK Parliament
تاریخی ملاقات!
ندیم پہلوان اور کیتھرین ویسٹ
پاک برطانیہ تجارتی تعلقات میں بڑی پیش رفت

عمر شیخ، کونسلر منصور ناصر، سید مہدی شاہ اور کوآرڈینیٹر برائے وزارتِ صنعت وتجارت پنجاب ندیم پہلوان کی برطانوی پارلیمنٹ کے اہم دورہ کی جھلکیاں

ندیم پہلوان کا وفد کے ہمراہ برطانوی پارلیمنٹ کا دورہ

اجلاس کی براہِ راست کارروائی کا مشاہدہ اور اراکینِ پارلیمنٹ سے اہم ملاقات

وفد نے شاندار میزبانی اور بہترین انتظامات پر میزبان اراکینِ پارلیمنٹ اور کونسلر منصور ناصر کا شکریہ ادا کیا

لندن / لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی اراکینِ پارلیمنٹ ایم پی محمد یاسین اور ایم پی افضل خان کی خصوصی دعوت پر عمر شیخ، کونسلر منصور ناصر، سید مہدی شاہ اور کوآرڈینیٹر برائے وزارتِ صنعت وتجارت پنجاب ندیم پہلوان نے برطانوی پارلیمنٹ کا اہم دورہ کیا۔ دورے کے دوران وفد نے برطانوی پارلیمنٹ کے اجلاس کی کارروائی کا براہِ راست مشاہدہ کیا اور ہاؤس آف کامنز سمیت پارلیمنٹ کے تاریخی چیمبرز کا تفصیلی وزٹ کیا۔ اس موقع پر اراکینِ پارلیمنٹ اور وفد کے درمیان پنجاب میں صنعتی و تجارتی ترقی، بین الاقوامی سرمایہ کاری اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانوی پارلیمنٹیرینز نے پنجاب میں تجارتی و صنعتی سرگرمیوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وفد نے شاندار میزبانی اور بہترین انتظامات پر میزبان اراکینِ پارلیمنٹ اور کونسلر منصور ناصر کا شکریہ ادا کیا۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی او پی ڈی کا دورہ کرتے ہوئے